موت کے سبق آموز واقعات
اور
حسنِ خاتمہ کی تدابیر

اردو ترجمہ
أحادیث و آثار و مواعظ تتعلق بالموت و ما بعدہٗ

مؤلف
علامہ زین الدین بن عبد العزیز الملیباری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
ابن سرور محمد اویس

دار القلم
لاہور - پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

موت کے سبق آموز واقعات
اور
حسنِ خاتمہ کی تدابیر

موت کے سبق آموز واقعات
اور
حُسنِ خاتمہ کی تدابیر

اردو ترجمہ

أحادیث وآثار ومواعظ تتعلق بالموت وما بعدہٗ

مؤلف

علامہ زین الدین بن عبدالعزیز الملیباری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

ابن سرور مُحمّد اویس

دار القلم
لاہور۔ پاکستان
0333-4248644

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں﴾

نام کتاب: موت کی یاد گناہوں سے نجات
مصنف: حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم: ابن سرور محمد اویس
تعداد: ۱۱۰۰
ناشر: دارالقلم ۹۳ علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور۔

﴿ملنے کے پتے﴾

☆ دارالقلم ۹۳۔ علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور ☆ مکتبہ سید احمد شہید الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور ☆ مکی دارالکتب ۳۲۔ میکلیگن روڈ۔ ایچ کے بی بی سنٹر چوک اے جی آفس لاہور ☆ ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور ☆ مکتبہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی ☆ احمد بک کارپوریشن اقبال روڈ راولپنڈی ☆ مکتبہ مجددیہ اردو بازار لاہور ☆ مکتبہ الحسن اردو بازار لاہور ☆ مکتبہ قرآنیات اردو بازار لاہور ☆ مکتبہ شہید اسلام لال مسجد اسلام آباد۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ ناشر

الحمد لله و كفى و سلام على عباده الذين اصطفى اما بعد

اللہ تعالیٰ کا بے انتہا شکر ہے جس کی توفیق سے علامہ زین الدین عبدالعزیز الملیباری کی تالیف "احادیث و اثار و مواعظ تتعلق بالموت وما بعده" کا ترجمہ "موت کے سبق آموز واقعات اور حسنِ خاتمہ کی تدابیر" اعلیٰ طباعت کے ساتھ شائع کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ موت اس طرح یاد رکھو جس طرح وہ حوالاتی اور قیدی یاد رکھتا ہے جس کو سزائے موت سنادی گئی ہو۔

محترم قارئین راقم الحروف نے "حسن خاتمہ کی تدابیر" کا اضافہ کر دیا جس کی افادیت کا اندازہ آپ خود ہی لگائیں گے۔

اللہ تعالیٰ مترجم فاضل نوجوان ابن [illegible] محمد اویس کی اس کاوش کو قبول فرمائیں اور ان کے علم و عمل میں برکت دیں اور کتاب کو قبولیت سے نوازیں۔

اے اللہ! ہم سب کا خاتمہ ایمان پر نصیب فرما آمین!

طالب دعا!

مدیر اعلیٰ

ممتاز احمد شاہ

دار القلم ۹۳ علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحات
❁	موت لذتوں کو توڑ دیتی ہے	۹
❁	موت کی یاد ہر شخص پر لازم ہے	۱۲
❁	ایک بادشاہ کی موت کا عبرت ناک واقعہ	۱۲
❁	امیدیں گھٹائیں، اعمال بڑھائیں	۱۵
❁	پانچ چیزوں کو پانچ سے پہلے غنیمت سمجھو	۱۶
❁	ایک ظالم کی موت کا قصہ	۲۲
❁	امیدوں کا لمبا ہونا	۲۳
❁	ذوالقرنین کا ایک عجیب قوم پاس سے گزر	۲۶
❁	دنیا کی بے ثباتی	۲۸
❁	گزرے ہوئے لوگوں سے عبرت پکڑنا	۳۲
❁	موت کی سختی	۳۵
❁	عذابِ قبر کا ذکر	۴۱
❁	موت کے خوف سے اسلاف کی حالت	۴۴
❁	بعض مُردوں کے احوال	۴۵
❁	قیامت کی نشانیاں	۵۵
❁	قیامت کی وہ علامات جن کے ظہور کے بعد ایمان لانا فائدہ نہ دے گا	۵۷
❁	دابۃ الارض کی حقیقت	۵۷

❁	دجال کا تذکرہ	۵۸
❁	قیامت کا زلزلہ	۶۴
❁	شفاعت کا حق محمد ﷺ کے ساتھ خاص ہے	۷۰
❁	قیامت کے دن کا حساب وکتاب	۷۴
❁	اعمال کا ترازو	۸۱
❁	پل صراط اور حوضِ کوثر	۸۸
❁	پل صراط کی کیفیت وحالت	۸۹
❁	پل صراط کے خوف سے اسلاف کی حالت	۹۰
❁	حوضِ کوثر اور اس سے محروم ہونے والے لوگ	۹۱
❁	حوضِ کوثر کی وسعت اور عمدگی	۹۳
❁	چار چیزیں چار چیزوں میں پوشیدہ ہیں	۹۴
❁	اور قیامت کی شفاعت کا تذکرہ	۹۷
❁	امتِ محمدیہ کے افراد کی سفارش	۹۷
❁	بدعمل لوگوں کے لیے حضور ﷺ کی شفاعت	۹۸
❁	دوستوں کی سفارش	۹۸
❁	جہنمی لوگوں پر اللہ کی رحمت اور قبول شفاعت	۹۹
❁	شفاعت کی اقسام	۱۰۴
❁	تین چیزیں ایمان سے محرومی کا باعث	۱۰۵
❁	جہنم کا عذاب	۱۰۷
❁	جہنم میں ہمیشہ کا ٹھکانہ	۱۱۹
❁	جنت اور اہل جنت کی نعمتیں	۱۲۶

❋	حورعین کی صفات	۱۳۷
❋	اللہ سے ملاقات	۱۴۶
❋	پوری زندگی پورے دین پر چلنے کا عزم کرنا	۱۵۳
❋	حسن خاتمہ کے لیے دعا کرتے رہنا	۱۵۵
❋	دعا کے فضائل	۱۵۵
❋	دعا کی قبولیت کے اوقات	۱۵۶
❋	دعا کی قبولیت کے مقامات	۱۵۷
❋	حسن خاتمہ کے لیے دعائیں	۱۵۸
❋	ہمیشہ بکثرت اللہ کا ذکر کرتے رہنا	۱۵۹
❋	ذکر کرنے والوں کے حسنِ خاتمہ کے دو قصے	۱۶۱
❋	نعمت ایمان پر شکر کرتے رہنا	۱۶۲
❋	اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن رکھنا	۱۶۲
❋	خاتمہ بالخیر کس طرح ہو؟	۱۶۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحانك اللّٰهم وبحمدك ونصلي ونسلم على سيدنا محمد رسولك و عبدك وعلى اٰله واصحابه المؤمنين بعهدك ۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد! یہ ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جس میں موت اور موت کے بعد کے حالات کو حدیث کی روشنی میں فصلوں کی صورت میں ذکر کیا گیا ہے اور میں نے ہر حدیث کے مناسب آیات اس فصل میں بیان کی ہیں اور اس کے ساتھ آثار و اقوال کا ایسا مجموعہ بھی ملایا ہے جو زجر و توبیخ پر مشتمل ہے۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ وہ اس کے ذریعہ مجھے، میرے احباب کو اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو اس سے نفع دے گا۔

موت لذتوں کو توڑ دیتی ہے

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے:

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَیَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنِیْۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ وَلَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا وَاللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○﴾[المنافقون ۹،۱۱]

’’اے ایمان والو! تمہیں تمہارے مال اور تمہاری اولاد اللہ کے ذکر سے غافل نہ کردیں اور جو کوئی ایسا کرے گا سو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں اور اس میں سے خرچ کرو جو ہم نے تمہیں روزی دی ہے اس سے پہلے کہ کسی کو تم میں سے موت آجائے، تو کہے: اے میرے رب! تو نے مجھے تھوڑی مدت کے لئے ڈھیل کیوں نہ دی کہ میں خیرات کرتا اور نیک لوگوں میں سے ہو جاتا اور اللہ کسی نفس کو ہرگز مہلت نہ دے گا جب اس کی اجل آجائے گی۔ اور اللہ اس سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔‘‘

امام ترمذیؒ نے حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے:

’’لذتوں کو توڑنے والی چیز یعنی موت کو کثرت سے یاد کیا کرو۔‘‘

صحیحین میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی منقول ہے: ’’کسی مسلمان شخص کے لیے جائز نہیں جبکہ اس کے پاس کوئی وصیت کے لائق چیز موجود ہو کہ وہ دو راتیں اس کے پاس رہے مگر یہ کہ اس کی وصیت لکھی ہوئی اس کے پاس موجود ہو۔‘‘ (مسلم کی روایت میں تین راتیں گزرنے کا ذکر ہے) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ’’کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنا ہے مجھ پر کوئی رات ایسی نہیں گزری جس میں میرے پاس وصیت نامہ موجود نہ ہو۔‘‘

امام بخاریؒ نے روایت کیا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ نے میرا کندھا پکڑا اور فرمایا: دنیا میں ایسے رہ جیسے کوئی پردیسی یا مسافر ہو اور اپنے آپ کو مردوں میں شمار کیا کرو۔‘‘ یعنی دنیا کی طرف مائل

نہ ہو، اسے اپنا وطن نہ بنا اور اپنے نفس کو زیادہ عرصہ زندہ رہنے اور دنیا پر بھروسہ کرنے کا خیال نہ آنے دے اور اس چیز سے تعلق نہ پیدا کر جس سے پردیسی پردیس میں تعلق پیدا نہیں کیا کرتے اور اس چیز میں مشغول نہ ہو جس میں گھر کی طرف جانے والا مسافر مشغول نہیں ہوا کرتا۔ (بخاری)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے:

''جب تو شام کرے تو صبح کا انتظار نہ کر اور جب صبح کرے تو شام کا انتظار نہ کر اور صحت کو بیماری سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے غنیمت جان۔''

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''دو چیزیں ایسی ہیں جنہیں ابن آدم برا سمجھتا ہے۔

۱) وہ موت کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ موت مومن کے لیے فتنہ سے بہتر ہے۔

۲) وہ قلت مال کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ مال کی کمی حساب کو آسان کرنے والی ہے۔

حاتم اصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''ہر چیز کی ایک زینت ہوا کرتی ہے اور بندوں کی زینت اللہ کا خوف ہے اور خوف کی علامت امید کا کم ہونا ہے۔''

حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا، آپ اپنا کرتا کیوں نہیں دھوتے؟ فرمایا:

''موت اس سے بھی زیادہ جلد آنے والی ہے۔''

یہ بات آپ کے علم میں ہونی چاہئے کہ تمام مکلفین کے لئے موت کو کثرت سے یاد کرنا مسنون قرار دیا گیا ہے اور انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ گناہوں کو چھوڑ کر اور بارگاہ الٰہی میں توبہ کر کے موت کی تیاری کرے اور مریض کے لیے تو زیادہ ضروری ہے کیونکہ اس کا دل نرم اور خوف زدہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ

گناہوں سے رکے گا اور اطاعت کی طرف لپکے گا۔

موت کی یاد ہر شخص پر لازم ہے

جان لیجئے! کہ انسانوں کے دو طبقے ہیں ایک طبقہ وہ جو دنیا کے ظاہر کو دیکھتا ہے اور لمبی عمر کی امیدیں باندھتا اور آخری سانسوں کے وقت سے غافل ہے اور دوسرا طبقہ ان عقل مند لوگوں کا ہے جو اپنی نگاہیں اپنے انجام پر جمائے رکھتے ہیں کہ جب وہ دنیا سے نکلیں گے اور اس کو چھوڑیں گے تو ان کا ایمان اور ان کے ساتھ قبر میں جانے والے اعمال کیسے سلامت ہوں اور وہ اپنے دشمنوں (نفس وشیطان) کے لئے کیا چیز چھوڑیں جو ان کے لئے عبرتناک سزا اور عذاب بن جائے۔ یہ فکر تمام لوگوں پر لازم ہے خاص طور سے حکمرانوں اور اہل دنیا حضرات پر کیونکہ اکثر یہ لوگ دوسرے افراد کے دلوں کو متاثر کرتے ہیں اور ان کے دلوں کو مرعوب کرتے ہیں اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا ایک بندہ ہے جو ملک الموت (موت کا فرشتہ) کے نام سے معروف ہے۔ اس کی گرفت اور پکڑ سے چھٹکارا کسی کے بس کی بات نہیں۔ دوسرے بادشاہوں کے قاصد تو سونے اور کھانے پر خوش ہو جاتے ہیں لیکن یہ ایسا وکیل ہے جو بطور عوض کے روح کے علاوہ کسی چیز کو لیتا ہی نہیں۔ تمام بادشاہوں کے قاصدوں کے ہاں شفارش چل جاتی ہے لیکن اس وکیل کے ہاں کسی سفارشی کی سفارش کام نہیں آتی۔ اور تمام قاصد جن کی طرف بھیجے جاتے ہیں انہیں ایک دن یا ایک گھڑی کی مہلت دے دیتے ہیں لیکن یہ ایک ایسا قاصد ہے جو ایک سانس کی مہلت بھی نہیں دیتا۔

ایک بادشاہ کی موت کا عبرت ناک واقعہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بہت زیادہ مالدار بادشاہ تھا، جس نے بہت سا مال و دولت جمع کر رکھا تھا اور دنیا میں موجود اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت اسے میسر تھی تاکہ وہ اپنے

نفس کو خوش کرے اور اپنی جمع شدہ چیزوں کو استعمال کر کے خوش ہو، اس سلسلہ میں اس نے بہت سی خوشحالیوں کو سمیٹا اور ایک ایسا عظیم الشان، خوبصورت اور بلند و بالا محل تعمیر کروایا جو بادشاہوں، امراء اور اعلیٰ لوگوں کے شایان شان تھا اور اس میں دو مضبوط دروازے لگوائے اور اس پر اپنی مرضی کے غلام، جلاد، پہرہ دار، سپاہی اور دربان کھڑے کر دیے اور بعض نوکروں کو حکم دیا کہ وہ بہترین کھانا تیار کریں پھر اس نے اپنے اہل وعیال، حشم وخدم، دوستوں اور خادموں کو جمع کیا تا کہ وہ اس کے ہاں کھانا کھائیں اور اس کی نعمت کو حاصل کریں اور خود تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوا اور تکیہ سے سہارا لگا لیا اور کہا: اے نفس! میں نے دنیا کی تمام نعمتیں جمع کر دی ہیں پس تو ان کے لئے فارغ ہو جا اور ان نعمتوں کو کھا مزے کے ساتھ ساری عمر اور بڑی مقدار کے ساتھ۔ وہ خود گوئی سے فارغ نہ ہوا تھا کہ ایک آدمی محل کے باہر نمودار ہوا جس پر بوسیدہ کپڑے تھے۔ جو کھانا مانگ رہا تھا، وہ آیا اور دروازہ پر اتنی زور سے دستک دی کہ محل میں زلزلہ پیدا ہوا اور تخت بھی ہل کر رہ گیا، نوکر گھبرا گئے اور دروازہ کی طرف لپکے اور دستک دینے والے کو پکارنے لگے اور کہا اے مہمان! یہ کیسی حرص اور بدتمیزی ہے؟ ذرا صبر کر یہاں تک کہ ہم کھا لیں اور بچا ہوا تجھے دے دیں۔ اس آنے والے نے کہا: اپنے مالک سے کہو! کہ میرے پاس آئے مجھے اس سے ایک بہت ضروری کام ہے۔ نوکروں نے کہا: اے مہمان! تو بتا تو سہی تو کون ہے؟ تا کہ ہم اپنے مالک کو تجھ سے ملاقات کا کہیں، تو اس نے کہا: تم اتنا تعارف کروا دو جتنا میں نے تم سے ذکر کیا ہے جب نوکروں نے بادشاہ کو اس کا تعارف کروایا تو بادشاہ نے کہا: ’’تم نے اس کو بھگا کیوں نہیں دیا اور اس کو سزا کیوں نہیں دی اور اس کو ڈانٹا کیوں نہیں؟‘‘ پھر اس آنے والے نے پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ دروازہ پر

دستک دی تو وہ سب لاٹھیاں اور ہتھیار اٹھا کر اس کی طرف لپکے تا کہ اس سے لڑائی کریں۔ تو وہ زور دار آواز میں گرجا اپنی اپنی جگہ ٹھہرے رہو! میں ملک الموت (موت کا فرشتہ) ہوں۔ یہ سن کر ان کے دل مرعوب ہو گئے، ان کی عقلیں دہشت زدہ ہو گئیں ان کے اعضاء کانپنے لگے اور ان کے اجسام بے حس وحرکت ہو گئے۔ بادشاہ نے کہا: اسے کہو! میرے عوض میں کوئی چیز لے لو۔ فرشتہ نے کہا: میں صرف تیری روح ہی لے جاؤں گا اور میں تیری وجہ سے ہی آیا ہوں تا کہ ان نعمتوں اور مالوں کو تجھ سے الگ کر دوں جنہیں تو نے جمع کیا اور سمیٹا ہے۔ بادشاہ نے سرد آہ بھری اور کہا: اللہ اس مال پر لعنت کرے جس نے مجھے دھوکہ دیا'' اور مجھے اللہ کی عبادت سے روکا اور دور کر دیا اور میں یہ گمان کرتا رہا کہ وہ مجھے فائدہ دے گا لیکن آج کے دن ...... مال میرے لئے باعث حسرت اور آزمائش کا ذریعہ بن گیا اور میرے ہاتھوں کو اس سے محروم کر دیا گیا اور وہ میرے دشمنوں کے لئے باقی رہ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے مال کو قوت گویائی بخشی تو وہ کہنے لگا: تو مجھے کیوں ملامت کرتا ہے؟ اپنے آپ کو ملامت کر! کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہم دونوں کو مٹی سے پیدا کیا اور مجھے تیرے حوالہ کر دیا تا کہ تو میرے ذریعہ اپنی آخرت کو سنوارنے کی فکر کرے اور مجھے فقراء پر صدقہ کرے اور کمزوروں پر زکوٰۃ کرے اور میرے ذریعے مساجد، پل اور سڑکیں تعمیر کروائے تا کہ میں آخرت میں تیرے لئے مددگار بن جاؤں لیکن تو نے مجھے سمیٹا اور جمع کیا اور اپنی خواہش کے مطابق خرچ کیا اور میرے حق کا شکر ادا نہ کیا بلکہ ناشکری کی اور اب تو نے مجھے اپنے دشمنوں کے لئے چھوڑ دیا اور اب تو اپنی حسرت اور آزمائش میں گھرا ہوا ہے تو مجھے کس جرم میں لعن طعن کرتا ہے؟ پھر موت کے فرشتہ نے بادشاہ کو کھانے سے پہلے ہی اس کی روح قبض کر کے موت کی نیند سلا

دیا اور وہ تخت سے مردہ حالت میں گر گیا۔

تجهز الی الاجدا شریك والرمس ❁ جهازا من التقویٰ لأطول ماحبس
فانك لا تدری اذا كنت مصبحا ❁ باحسن ما ترجو لعلك لا تمسی
ساتعب نفسی كی اصادف راحةً ❁ فان هوان النفس اكرم للنفس
وا زهد فی الدنیا فان مقیمها ❁ كظا عنها ما اشبه الیوم بالأمس

”قبر کی طرف تقوی کا سامان لے کر چل کیونکہ وہاں کی قید بہت طویل ہے۔ اور یقیناً جب تو اچھی اچھی امیدوں کے ساتھ صبح کرتا ہے تو تجھے معلوم نہیں ہوتا کہ شاید تو شام نہ کر سکے۔ میں عنقریب اپنے نفس کو تھکاؤں گا تاکہ میں راحت حاصل کر لوں اس لئے کہ نفس پر مشقت ڈالنا اسے بہت محبوب ہے۔ دنیا سے بے رغبت ہو جا کیونکہ اس میں رہنے والا کوچ کرنے والے کی طرح ہے اور اس کی آج گذشتہ کل کے مشابہ ہے۔“

امیدیں گھٹائیں، اعمال بڑھائیں

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے:

﴿حَتّٰی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ○ لَعَلِّیْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ○ فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ۔ [المومنون:۹۹،۱۰۱]

”یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آئے تو کہے گا، اے

میرے رب مجھے پھر بھیج دے تاکہ جسے میں چھوڑ آیا ہوں اس میں نیک کام کرلوں، ہرگز نہیں ایک بات ہی بات ہے جسے یہ کہہ رہا ہے اور ان کے آگے قیامت تک ایک پردہ پڑا ہوا ہے پھر جب صور پھونکا جائے گا تو اس میں نہ رشتہ داریاں رہیں گی اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا۔''

حضرت ابوسعید خدری ؓ فرماتے ہیں:

''ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ایک لکڑی زمین پر گاڑی اور اس کے پہلو میں ایک اور لکڑی گاڑی اور اس سے کچھ دور تیسری لکڑی گاڑی دی اور فرمایا: تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: یہ انسان ہے، یہ اس کی موت ہے اور یہ امید ہے، انسان اپنی امید کی طرف لپکتا ہے لیکن امید کے پورا ہونے سے پہلے موت اسے آلیتی ہے۔''

پانچ چیزوں کو پانچ سے پہلے غنیمت سمجھو

حضرت ابن عباس ؓ روایت کرتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا:

''پانچ چیزوں کو پانچ سے پہلے غنیمت سمجھو! جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، فقر کو غنا سے پہلے، فراغت کو مصروفیت سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے۔''

امام ابوحامد غزالیؒ نے شیخ ابوالفتح بن سلامہ ؒ کو یہ خط لکھا:

''میں نے سنا ہے کہ آپ مجھ سے ایسا مختصر کلام حاصل کرنا چاہتے ہیں جو وعظ و نصیحت پر مشتمل ہو، حالانکہ میں اپنے آپ کو اس کا اہل نہیں سمجھتا ہوں، کیونکہ وعظ زکوٰۃ ہے اور اس کا نصاب وعظ کے قابل ہونا ہے، تو جس شخص کے پاس نصاب ہی نہیں وہ زکوٰۃ کیسے ادا کرے گا؟

اور جو شخص خود روشنی کو گم کر چکا ہو اس سے دوسرا کیسے روشنی حاصل کرے گا اور جب لکڑی ٹیڑھی ہو تو سایہ کیسے سیدھا ہو سکتا ہے۔''

اللہ رب العزت نے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو حکم دیا:

''اے ابن مریم! اپنے نفس کو وعظ و نصیحت کا پابند کر، پس اگر تو نصیحت حاصل کرے تو پھر لوگوں کو نصیحت کر ورنہ مجھ سے شرم کر۔''

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میں نے تم میں (نصیحت کے لئے) ایک بولنے والی اور ایک خاموش (دو) چیزیں چھوڑی ہیں، بولنے والی قرآن اور خاموش چیز موت ہے۔''

ان دونوں میں نصیحت پکڑنے والوں کے لئے حد کفایت تک نصیحت موجود ہے جو شخص ان چیزوں سے نصیحت حاصل نہیں کر سکتا وہ ان کے علاوہ کسی سے نصیحت نہیں پکڑ سکتا۔

تحقیق میں نے اپنے نفس کو ان دونوں سے نصیحت کی تو اس نے قول اور علم کے اعتبار سے نصیحت کو قبول کیا اور اس کی تصدیق کی لیکن عمل و فعل اور پختگی کے اعتبار سے انکار کیا اور سرکشی کی تو میں نے اپنے نفس سے کہا: کیا تو اس بات کی تصدیق نہیں کرتا کہ قرآن بولنے والا واعظ ہے اور وہ اللہ کا نازل کردہ کلام ہے کہ باطل نہ اس کے آگے سے آسکتا ہے نہ پیچھے سے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں؟ تو میں نے اسے کہا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○﴾

[ھود:۱۵-۱۶]

''جو کوئی دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتا ہے تو ان کے اعمال ہم یہیں پورے کر دیتے ہیں اور انہیں کچھ بھی نقصان نہیں دیا جاتا۔ یہ وہی لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں اور برباد ہوگیا جو انہوں نے دنیا میں کیا تھا اور خراب ہوگیا جو کچھ کمایا تھا۔''

اللہ تعالیٰ نے دنیا کی چاہت پر آگ کی وعید سنائی ہے اور ہر وہ چیز جو موت کے بعد تیرے ساتھ نہ رہ سکے وہ دنیا ہے تو کیا اب بھی تو دنیا کی چاہت اور محبت سے باز نہیں آئے گا؟ اگر ایک عیسائی ڈاکٹر تجھے تیری مرغوب ترین چیز کے استعمال پر موت یا مرض سے ڈرائے تو تو ضرور بضرور اس سے باز آجاتا ہے اس سے بچتا ہے اور جان چھڑاتا ہے.......... کیا ایک عیسائی تیرے نزدیک اللہ سے بھی زیادہ سچا ہے؟ اگر ایسا ہے تو تجھ سے بڑا کافر کون ہوگا؟ کیا تیرے لئے یہ مرض زیادہ سخت ہے جہنم کی آگ سے؟ اگر ایسا ہے تو تو سب سے بڑا جاہل ہے۔ نفس نے ان سب باتوں کی تصدیق کی، لیکن باز نہ آیا اور دنیاوی اسباب کی طرف اپنے میلان پر اصرار کرتا رہا تو میں پھر اس کی طرف متوجہ ہوا اور اسے واعظ خاموش (موت) کے ذریعہ نصیحت کی اور اسے کہا: اس بولنے والے واعظ نے خاموش واعظ کے بارے میں خبر دی ہے کہ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِیْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰی عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ [الجمعة:۸]

''آپ کہہ دیجئے! وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو وہ تمہیں آ پکڑے گی۔ پھر تم ظاہر اور باطن کو جاننے والی ذات کی طرف لوٹائے جاؤ گے تو وہ تمہیں تمہارے اعمال کی خبر دے گا۔''

کیا تو اس بات کی تصدیق نہیں کرتا کہ موت یقینی طور پر تجھے آ پکڑے گی اس حال میں وہ ہر اس چیز کو چھین لے گی جو تو حاصل کرتا ہے اور ہر اس چیز کو سلب کر لے گی جس میں تو رغبت کرتا ہے اور یقیناً ہر آنے والی چیز قریب ہے اور دور تو صرف وہی ہے جس نے آنا ہی نہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿اَفَرَاَیْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِیْنَ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ مَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یُمَتَّعُوْنَ﴾ [الشعراء: ۲۰۵-۲۰۷]

"بھلا دیکھو اگر ہم انہیں چند سال فائدہ اٹھانے دیں پھر ان کے پاس وہ عذاب آئے گا جس کا وعدہ دیے جاتے ہیں تو جو انہوں نے فائدہ اٹھایا کیا ان کے کچھ کام آئے گا؟"

تجھے اس وعظ کی وجہ سے ان تمام چیزوں سے نکل جانا چاہئے جن میں تو ہے۔ اس نے میری تصدیق کی (گویا کہ اس کی جانب سے ایسے قول کا صدور ہوا جس کے پیچھے عمل نہ تھا) لیکن اس کے باوجود وہ آخرت کا توشہ حاصل کرنے کے لئے کبھی ایسی کوشش نہیں کرتا جیسی کوشش دنیاوی تدابیر میں کرتا ہے اور اللہ کو راضی کرنے میں اتنی ہمت و کوشش صرف نہیں کرتا۔ جیسی کوشش مخلوق کی رضا میں صرف کرتا ہے۔ اور اللہ سے اتنا نہیں شرماتا جتنا مخلوق سے شرماتا ہے۔ اور آخرت کی تیاری کے لیے اتنی پھرتی اور تیزی نہیں دکھاتا جتنی تیزی اور پھرتی گرمیوں میں سردیوں کی تیاری اور سردیوں میں گرمیوں کی تیاری کے لئے کرتا ہے۔ سردیوں کے شروع میں اس وقت تک مطمئن نہیں ہوگا جب تک سردیوں کی تمام ضروریات سے فارغ نہ ہو جائے۔ باوجود اس کے کہ موت سردیوں کے آنے سے پہلے اس کو اچک لیتی ہے اور آخرت کا

آنا یقینی ہے اور اس سے بچنے کا تصور بھی نہیں ہو سکتا۔

لہٰذا (اس کی اس صورت حال کو دیکھ کر) میں نے کہا: کیا تو گرمیوں کے لئے اس کے طول کے بقدر تیاری نہیں کرتا اور اس کی مقدار کے بقدر کوئی پنکھا وغیرہ نہیں بناتا؟ اس نے مثبت جواب دیا۔ تو میں نے کہا: اللہ کی اتنی نافرمانی کر جتنی تجھ میں آگ سہنے کی طاقت ہے اور آخرت کے لئے اتنی تیاری کر جتنا تو نے وہاں رہنا ہے۔ اس نے کہا: یہ ایک ایسا ضروری امر ہے کہ جس کو چھوڑنے کی رخصت صرف بیوقوف لوگ ہی حاصل کر سکتے ہیں پھر وہ مسلسل اپنی روش پر چلتا رہا ہے اور اس نے مجھے ایسا پایا جیسے بعض حکماء نے فرمایا ''لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو اپنے نصف کو تو ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہیں لیکن دوسرے نصف کو نہیں ڈانٹتے۔''

میں اپنے آپ کو انہی لوگوں میں سے خیال کرتا ہوں اور جب میں نے اس کو سرکشی میں بدلتے ہوئے اور موت اور قرآن کے وعظ سے فائدہ حاصل نہ کرتے ہوئے دیکھا تو میرا خیال ہوا کہ اس وقت سب سے اہم امراس کی وجہ تلاش کرنا ہے کہ وہ اعتراف اور تصدیق کے باوجود سرکشی کیوں کر رہا ہے، کیونکہ یہ چیز تو عجائبات عظیمہ میں سے ہے۔ میری یہ تلاش لمبی ہوگئی بالآخر میں اس کے سبب پر مطلع ہوگیا اور اب میں اپنے نفس کو اس کی وصیت کرتا ہوں کہ اس سے بچو وہ بہت بڑی بیماری ہے اور یہ دھوکہ اور نادانی کا سبب داعی ہے اور قریب ہونے کے باوجود موت کی تراخی اور اس کے نزول کے دور ہونے کا اعتقاد ہے۔ کیونکہ اگر کوئی سچا آدمی دن کے وقت اس بات کی خبر دے دے کہ وہ آج رات یا اس ہفتہ یا اس مہینہ میں مر جائے گا تو وہ استقامت کے ساتھ سیدھے راستہ پر چلنے لگے گا۔ اور وہ ان تمام چیزوں کو چھوڑ دے گا جن میں وہ تھا۔ کہ جن کے بارے میں گمان کیا جاتا ہے کہ یہ اللہ کے لئے اس کو

عطا کی گئی ہیں۔ اور یہ شخص ان میں دھوکہ کا شکار ہے۔ چہ جائیکہ وہ چیزیں جو اللہ کے لئے ہو ہی نہیں سکتیں ان کو تو بطور اولیٰ چھوڑ دے گا۔ پس میرے لئے یہ حقیقت آشکارا ہوئی کہ جو شخص صبح اس حال میں کرے کہ اس کو شام کے آنے کی امید ہو یا شام اس حال میں کرے کہ اس کو صبح کے آنے کی امید ہو تو اس کا عمل سستی اور کوتاہی سے خالی نہیں ہوسکتا، اور وہ صرف سست رفتاری کی طاقت ہی رکھے گا۔

پس میں اسے اور اپنے نفس کو وہی وصیت کرتا ہوں جو رسول خدا ﷺ نے فرمائی: ''ہر نماز کو آخری نماز سمجھ کر پڑھو۔'' حضور اقدس ﷺ کو کلمات کی جامعیت اور خطاب کی عمدگی عطا کی گئی تھی۔ اور درحقیقت وعظ کا فائدہ بھی اسی بات سے ہوسکتا (جو حضور ﷺ نے بیان فرمائی) اور جس شخص کو ہر نماز میں یہ گمان ہوگا کہ یہ اس کی آخری نماز ہے تو اس نماز میں خوفِ خدا اور خشیتِ الٰہی اس کو حاصل ہوگی اور جس شخص کو اپنی عمر کی کمی اور موت کے قرب کا خیال نہ ہو تو اس کا دل نماز سے غافل ہوگا اور اس کا نفس بے پرواہ ہوگا اور وہ ہمیشہ دائمی غفلت، ہمیشہ کی سستی اور مسلسل کوتاہی میں رہے گا۔ یہاں تک کہ موت اس کا خاتمہ کردے اور ضیاع کی حسرت اسے ہلاک کردے۔

میں اس سے خواہش کرتا ہوں کہ وہ میرے لئے اللہ سے دعا کرے کہ وہ مجھے بھی یہ رتبہ عطا کردے کیونکہ میں اس کا طالب ہوں لیکن اس سے قاصر ہوں اور میں اسے وصیت کرتا ہوں کہ اپنے نفس سے صرف اسی حالت کے ساتھ راضی ہو۔ اور دھوکہ کی جگہوں سے احتراز کر اور نفس کی شرارتوں سے محتاط رہ۔ کیونکہ نفس کے فریبوں پر صرف عقل مند لوگ ہی مطلع ہوسکتے ہیں اور ایسے لوگ بہت کم ہیں۔ اور نصیحتیں اگرچہ زیادہ ہی کیوں نہ ہوں اور تذکرے اگرچہ بڑے ہی کیوں نہ ہوں، اللہ کی

نصیحت سب سے زیادہ کامل، انفع اور اجمع ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

﴿وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ﴾ [النساء: ۱۳۱]

’’ہم نے تم سے پہلے اہل کتاب کو، تمہیں بھی وصیت کی کہ اللہ سے ڈرو۔‘‘

وہ شخص کتنا نیک بخت ہے جس نے اللہ کی نصیحت کو قبول کرلیا، اس پر عمل کیا اور آخرت کا ذخیرہ جمع کیا، تاکہ قیامت کے دن اس کا اجر پاسکے۔

ایک ظالم کی موت کا قصہ

یزید رقاشی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

بنی اسرائیل میں ایک بہت بڑا ظالم تھا، ایک مرتبہ وہ اپنے تختِ سلطنت پر بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی دکھائی دیا جو گھر کے دروازہ سے داخل ہوا اس کی شکل انتہائی بدصورت اور خوفناک تھی۔ اس کی حالت و آمد سے یہ انتہائی خوف زدہ ہوگیا اور اس کے چہرہ کو دیکھنے لگا اور بولا: اے شخص! تو کون ہے اور تجھے کس نے میرے گھر میں داخل ہونے کی اجازت دی ہے؟ اس نے کہا: مجھے گھر کے مالک نے اجازت دی ہے: اور میں وہ ہوں جسے کوئی پہرے دار نہیں روک سکتا اور جسے بادشاہوں کے پاس حاضر ہونے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ میں نہ تو کسی بادشاہ کی سیاست سے گھبراتا ہوں اور نہ کوئی ظالم مجھے ڈرا سکتا ہے اور نہ میری پکڑ سے کوئی بچ سکتا ہے۔ جب اس نے یہ کلام سنا تو منہ کے بل زمین پر گیا اور اس کے اعضاء کانپنے لگے اور کہا: تو ملک الموت ہے؟ فرشتہ نے ہاں میں جواب دیا۔ تو وہ بولا! تجھے اللہ کی قسم

دیتا ہوں کہ تو مجھے ایک دن کی مہلت دے دے تاکہ میں اپنے گناہوں کی توبہ کر لوں اور اللہ تعالیٰ سے معافی طلب کر لوں اور میں وہ مال جو میں نے اپنے خزانوں میں جمع کیا تھا اس کے مالکوں کے حوالہ کر دوں کیونکہ میں عذاب کی مشقت برداشت نہیں کر سکتا۔ فرشتہ نے کہا: میں تجھے کیسے مہلت دے سکتا ہوں حالانکہ تیری زندگی کے دن پورے ہو چکے ہیں اور تیری عمر کے اوقات لکھے ہوئے محفوظ ہیں۔ اس نے کہا: ''مجھے ایک گھڑی کی ہی مہلت عنایت کر دے۔ فرشتہ بولا: ''ایک ایک گھڑی کا حساب ہے، تو نے انہیں گزار دیا اس حال میں کہ تو غافل رہا اور تو نے انہیں لاپرواہی کی حالت میں پورا کر دیا اور اب تو نے اپنے سانسوں کو پورا کر دیا اور تیرا صرف ایک سانس باقی ہے۔ اس بادشاہ نے کہا: جب تو مجھے میری قبر کی طرف منتقل کرے گا تو میرے پاس کون ہوگا؟ فرشتے نے کہا: صرف تیرا عمل ساتھ ہوگا۔ وہ بادشاہ بولا: میرے پاس کوئی عمل نہیں۔ فرشتے نے کہا: کوئی بات نہیں، اب تیرا ٹھکانہ جہنم ہے اور تیرا محصول اللہ کا غصہ ہے۔ فرشتہ نے اس کی روح قبض کی اور وہ تخت سے نیچے گر گیا۔ پھر اس کے ارکانِ مملکت اس پر آہ و فغاں اور چیخ و پکار کرنے لگے اگر وہ جان لیں کہ وہ اللہ کی کس قدر ناراضگی اور غصہ کی طرف گیا ہے تو ان کا رونا اور بھی زیادہ ہو جائے اور ان کا واویلا پہلے سے بڑھ جائے۔

امیدوں کا لمبا ہونا

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے:

﴿اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا یَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ

عَلَیْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَكَثِیْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝﴾

[الحدید:١٦]

اے ایمان والو! وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کے ذکر کے لئے جھک جائیں اور نازل ہونے والے حق کے لئے اور وہ نہ ہو جائیں ان اہل کتاب کی طرح جن پر مدت لمبی ہوگئی تو ان کے دل سخت ہوگئے اور ان میں سے بہت سے نافرمان تھے۔

حضرت ابی بن کعب ؓ فرماتے ہیں:

’’جب تہائی رات گزر جاتی تو حضور ﷺ کھڑے ہو جاتے اور فرماتے ،’’ اے لوگو! اللہ کو یاد کرو، لرزنے والی چیخ آئے گی پھر اس کے پیچھے آنے والی چیخ آئے گی اور موت اپنی سختیوں کے ساتھ آئے گی۔‘‘

حضرت ابن عباس ؓ روایت کرتے ہیں:

پانی بہہ رہا تھا لیکن حضور ﷺ نے مٹی سے تیمم کرلیا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! پانی آپ کے قریب ہی ہے۔ فرمایا: میں نہیں جانتا کہ میں اس تک پہنچ سکوں گا یا نہیں۔‘‘

حضرت انس ؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

’’آدمی جب بوڑھا ہو جاتا ہے تو اس میں دو خصلتیں جوان ہو جاتی ہیں۔ ایک مال کی حرص اور دوسری زندگی کی حرص۔‘‘

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ابن آدم کی مثال ایسے شخص کی سی ہے جس کے پہلو میں ننانوے موتیں ہیں اگر موت سے بچ جائے تو بڑھاپے میں جا پڑتا ہے۔

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے کہا گیا: فلاں شخص اچانک فوت ہوگیا۔ فرمایا: تمہیں کس بات نے تعجب میں ڈالا ہے۔ وہ اچانک نہیں مرا، بلکہ اچانک بیمار ہوا پھر مرگیا۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لمبی امیدوں سے بچو! کیونکہ جب امید لمبی ہو جاتی ہے تو چار چیزیں بہت زیادہ ہو جاتی ہیں۔

اوّل: اطاعت کا چھوڑنا اور اس میں سستی کرنا اور یہ کہنا کہ میں کرلوں گا ابھی تو بہت دن باقی ہیں۔

ثانی: توبہ کو چھوڑنا اور اس میں لاپرواہی برتنا اور کہنا میں عنقریب توبہ کرلوں گا ابھی تو کافی دن ہیں، میں جوان ہوں اور میری عمر بھی بہت تھوڑی ہے توبہ تو میرے سامنے ہے اور میں جب چاہوں اس پر قادر ہوں۔ لیکن موت مجبوراً اسے لے جاتی ہے اور اجل عمر کی درستگی سے پہلے اسے اچک لیتی ہے۔

سوم: بہت سے مال کو جمع کرنے کی حرص اور دنیا میں مشغول ہوکر آخرت سے غافل ہونا اور یہ کہنا کہ مجھے بڑھاپے میں محتاجی کا خوف ہے اور اس وقت میں کمانے سے عاجز ہو جاؤں گا اور میرے لئے ایسی زائد چیز کا ہونا ضروری ہے جسے میں مرض، بڑھاپے اور ناداری وغیرہ کے لئے ذخیرہ کروں۔ یہ اور اس جیسی اور چیزیں انسان کو دنیا کی رغبت دلاتی ہیں اور اس کا حریص بناتی ہیں اور رزق کے حصول کے لئے اہتمام کرنے پر ابھارتی ہیں۔ انسان سوچتا ہے کہ میں اس سردی اور اس گرمی میں کیا پہنوں اور کیا کھاؤں؟ اور میرے پاس کوئی چیز نہیں اور شاید عمر لمبی ہو جائے اور میں محتاج بن جاؤں جب کہ احتیاج بڑھاپے میں سخت ہو جاتی ہے۔ اور میرے لئے لوگوں سے زیادہ مالداری اور قوت ہونی چاہئے۔ یہ اور اس جیسی دوسری

چیزیں دنیا کی طلب و رغبت اور اس کو جمع کرنے کا داعیہ پیدا کرتی ہیں اور ان نعمتوں سے بے خبر کرتی ہیں جو آپ کے پاس موجود ہیں۔

چہارم: دل کا سخت ہونا اور آخرت کو بھول جانا، کیونکہ جب آپ لمبی زندگی کی امید رکھیں گے تو موت اور قبر کو یاد نہیں کریں گے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے:

مجھے تمہارے اوپر دو چیزوں کا ڈر سب سے زیادہ ہے، ایک لمبی امیدیں اور دوسرا خواہش نفس کی اتباع۔ لمبی امید آخرت کو بھلا دے گی اور خواہش کی اتباع حق سے روک دے گی اس صورت میں تیری سوچ دنیا کی لذت اور زندگی کے اسباب اور لوگوں کی صحبت کے حصول میں خرچ ہوگی اور تیرا دل سخت ہو جائے گا۔ لمبی امید کہ وجہ سے فرماں برداری اور اطاعت کم ہو جاتی ہے تو متاخر ہو جاتی ہے، معصیت بڑھ جاتی ہے، حرص و لالچ شدید ہو جاتی ہے، دل سخت ہو جاتا ہے اور غفلت چھا جاتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے کہ اگر اس نے قیامت کے دن رحم نہ کیا تو اس حالت سے بدتر کون سی حالت ہو سکتی ہے اور اس آفت سے عظیم کونسی آفت ہو سکتی ہے۔ دل کی نرمی اور صفائی موت کے ذکر اور اس کی یاد میں ہے۔ اور قبر، جزا و سزا اور احوالِ آخرت کو سامنے رکھنے میں ہے۔

ذوالقرنین کا ایک عجیب قوم پاس سے گزر

ذوالقرنین ایک مرتبہ ایک ایسی قوم کے پاس سے گزرا جن کے پاس دنیاوی اسباب میں سے کوئی چیز موجود نہ تھی۔ اور انہوں نے اپنے مردوں کی قبریں اپنے گھروں کے دروازوں پر رکھی تھیں اور ان کی دیکھ بھال، صفائی اور زیارت کرتے تھے اور ان کے درمیان اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتے تھے۔ اور ان کی غذا صرف

گھاس اور زمینی نباتات تھی۔ ذوالقرنین نے ان کی طرف ایک آدمی کو بھیجا جو ان کے سردار کو بلا لائے لیکن سردار نے آنے سے انکار کر دیا۔ اور کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ لہٰذا ذوالقرنین خود اس کے پاس آیا اور کہا: تمہیں کیا ہوا؟ کہ میں تمہیں اس حال میں دیکھتا ہوں کہ تمہارے پاس نہ سونا ہے اور نہ چاندی اور تم دنیا کی کسی بھی نعمت کے مالک نہیں ہو۔ ان کے سردار نے ہاں میں جواب دیا اور کہا: اس لئے کہ دنیا کی نعمتوں سے کوئی بھی جی نہیں بھر سکتا ذوالقرنین نے کہا: تم نے قبریں دروازوں پر کیوں کھود رکھی ہیں؟ سردار نے جواب دیا: تاکہ یہ قبریں ہمارے سامنے رہیں اور ہم ان کو دیکھیں اور ہمارے لئے موت کی یاد تازہ ہوتی رہے اور دنیا کی محبت ہمارے دلوں سے صاف ہوتی رہے اور ہم اپنے رب کی عبادت سے غافل نہ ہوں، ذوالقرنین نے کہا: تم گھاس کیوں کھاتے ہو؟ اس نے جواب دیا: تاکہ ہم اپنے پیٹ کو جانوروں کا قبرستان نہ بنائیں اور اس لئے بھی کہ کھانے کی لذت حلق سے آگے نیچے نہیں جا سکتی۔ پھر اپنا ہاتھ الماری کی طرف بڑھایا اور اس میں سے ایک آدمی کی کھوپڑی نکال کر سامنے رکھی اور کہا: اے ذوالقرنین! تو جانتا ہے کہ یہ کون تھا؟ ذوالقرنین نے منفی میں جواب دیا تو بولا: اس کھوپڑی والا ایک بادشاہ تھا اور اپنی رعایا پر بہت ظلم کرتا تھا، کمزوروں کو ستایا کرتا تھا اور اپنی زندگی دنیاوی مال و دولت کے حصول میں گزارتا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس کی روح کو قبض کر لیا اور آگ کو اس ٹھکانہ بنا دیا اور یہ اس کی کھوپڑی ہے۔ اس نے پھر ہاتھ لمبا کیا اور ایک انسان کی کھوپڑی اس کے سامنے رکھی اور کہا: تو اسے جانتا ہے؟ ذوالقرنین نے بدستور منفی میں جواب دیا تو سردار نے کہا: یہ ایک انصاف پسند بادشاہ تھا اور اپنی رعایا پر شفیق تھا اور اہل مملکت سے محبت کرنے والا تھا: اللہ تعالیٰ نے اس کی روح کو قبض کیا، اس کو

جنت میں ٹھکانہ دیا اور اس کے درجہ کو بلند فرمایا۔ پھر اس نے اپنا ہاتھ ذوالقرنین کے سر پر رکھ کر کہا: یہ بھی ان دونوں کھوپڑیوں میں سے ایک بننے والا ہے۔ یہ سن کر ذوالقرنین زوردار انداز میں رویا اور اس کو گلے سے لگایا اور کہا: اگر آپ میری رفاقت کو پسند کریں تو میں اپنی وزارت آپ کے حوالہ کردوں گا اور اپنی بادشاہت میں آپ کو حصہ دوں گا۔ اس سردار نے کہا: دور ہٹ جاؤ! مجھے اس چیز میں کوئی رغبت نہیں۔ ذوالقرنین نے اس کی وجہ پوچھی تو کہا: کیونکہ ساری مخلوق مال و مملکت کی وجہ سے تیری دشمن ہے اور یہ سب لوگ میری قناعت اور بے نیازی کی وجہ سے میرے دوست ہیں۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

دليلك ان الفقر خير من الغنى ⊛ وان قليل المال خير من المثرى
لقاءك عبداً قد عصى الله بالغنى ⊛ ولم تلق عبداً قد عصى اللّٰه بالفقر

”تیرے لئے اس بات کی دلیل کہ فقر مالداری سے بہتر اور تھوڑا مال زیادہ مال سے بہتر ہے، یہ ہے کہ تو ایسے شخص سے تو ملاقات کرے گا جس نے مالداری کی وجہ سے اللہ کی نافرمانی کی ہو، لیکن ایسا شخص تجھے نہیں مل سکتا جس نے غربت کی وجہ سے اللہ کی نافرمانی کی ہو۔“

دنیا کی بے ثباتی

یہ بات آپ کے علم میں ہونی چاہئے کہ امید کی کمی کا دنیا کی محبت کے ساتھ جمع ہونا ناممکن ہے اور موت کا انتظار اور دنیا کی مشغولیت دونوں حاصل نہیں ہو سکتے۔ اس لئے کہ برتن جب ایک چیز سے بھرا ہوا ہو تو اس میں دوسری چیز کی گنجائش نہیں ہوتی۔ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ دنیا اور آخرت ایک دوسرے کی سوکنیں ہیں جب ایک کو راضی کرو گے تو دوسری ناراض ہو جائے گی اور یہ مشرق اور مغرب کی طرح ہیں،

جب ایک کے قریب جاؤ گے تو دوسرے سے دور ہوتے چلے جاؤ گے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝﴾ [الاسراء:۱۸]

''جو کوئی دنیا چاہتا ہے تو ہم اسے سردست دنیا میں جس قدر چاہتے ہیں دیتے ہیں پھر ہم نے اس کے لئے جہنم تیار کر رکھی ہے جس میں وہ ذلیل خوار ہو کر گرے گا۔

ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ﴾

[لقمان:۳۳]

''تمہیں دنیا کی زندگی دھوکہ میں نہ ڈال دے اور دھوکہ دینے والا تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکہ نہ دے۔''

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے:

''بلاشبہ دنیا سرسبز اور میٹھی چیز ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس میں تمہیں دوسروں کا نائب بنایا ہے اور وہ دیکھے گا تم کیسا عمل کرتے ہو، لہٰذا دنیا اور عورتوں (کے فتنہ) سے بچو! کیونکہ بنی اسرائیل کا پہلا فتنہ عورتوں کی وجہ سے تھا۔''

ایک اور ارشاد نبوی ﷺ ہے:

''اگر دو بھوکے بھیڑیئے بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیے جائیں تو جتنا نقصان وہ کریں گے اس سے زیادہ نقصان آدمی کو مال کی حرص اور دنیا کی وجہ سے بڑا بننے کی عادت پہنچاتی ہے۔''

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

''مجھے اپنے بعد تمہارے اوپر سب سے زیادہ خوف دنیا کی زینت و زیبائش کے کھل جانے کا ہے۔ ایک آدمی نے کہا: کیا خیر شر کو لاسکتی ہے؟ آپ خاموش ہوگئے ہم نے گمان کیا کہ شاید آپ پر وحی نازل ہورہی ہے۔ آپ نے اپنا پسینہ مبارک صاف کیا اور تعریف کے انداز میں سوال کرنے والے کا پوچھا اور فرمایا: خیر شر کو نہیں لاسکتی البتہ موسم بہار ایسے پودے بھی اگاتا ہے جو جانوروں کو مار ڈالتے ہیں یا تکلیف دیتے ہیں۔ اس لئے کہ سبزہ کھانے والا اسے کھاتا ہے۔ جب اس کا پیٹ بھر جاتا ہے۔ وہ دھوپ میں آتا ہے تو پیشاب پاخانہ کرکے پھر آتا ہے اور کھاتا ہے۔ اور یہ مال بھی سرسبز اور میٹھی چیز ہے۔ جو اس کو اس کے حق کے مطابق لے اور اس کو حق جگہ رکھے گا تو یہ اچھا مددگار ہے اور جو بغیر حق کے لے تو یہ اس شخص کی طرح ہوگا جو کھائے اور سیر نہ ہو اور یہ مال اس کے خلاف گواہ ہوگا۔''

یعنی مال کی کثرت کی مثال بہار کے موسم میں اگنے والی گھاس کی طرح ہے کہ بعض پودے اور گھاس جانور کو لذیذ معلوم ہوتے ہیں اور وہ ان کے کھانے پر حریص ہوتا ہے لیکن بعض مرتبہ زیادہ کھانے کی وجہ سے کوئی بیماری لاحق ہوتی ہے اور وہ جانور مرجاتا ہے یا مرنے کے قریب ہوجاتا ہے۔ اگر جانور صرف اتنا گھاس کھائے جس کی اس کا معدہ طاقت رکھتا ہو تو کھانے اور ہضم ہونے تک چھوڑ دے پھر پیشاب پاخانہ کرے تو جب اسے پیشاب پاخانہ نکلنے کی وجہ سے ہلکا پن محسوس ہو تو اب مزید کھانا اسے نقصان نہ دے گا۔ بعینہٖ اسی طرح وہ شخص جس کو مال کی فراوانی حاصل ہو۔ اگر وہ مال پر حرص کرے کھانے پینے اور زیب و زینت کی کثرت کرے، تو اس کا دل سخت ہوجائے گا، نفس متکبر ہوجائے گا۔ اور خود کو دوسرے سے افضل خیال کرے

گا، لوگوں کی تحقیر و تذلیل کرے گا۔ اور انہیں تکلیف پہنچائے گا اور مال کے حقوق جیسے زکوۃ، کفارات، نذریں، مانگنے والوں کو کھلانا، مہمانوں کی خاطر تواضع کرنا وغیرہ ادا نہیں کرے گا۔ اور اگر کسی شخص کی یہ حالت ہو تو قطعی طور پر یہ مال اس کے لئے فتنہ ہے اور اسے جنت سے دور اور جہنم کے قریب کرے گا۔ اس کے برعکس وہ شخص جو مال کے حقوق ادا کرے لوگوں کی تحقیر نہ کرے اور پھر بڑائی نہ جتائے اور مال کو جمع کرنے پر اس انداز میں مشغول نہ ہو کہ اس سے طاعات ہی فوت ہو جائیں اور لوگوں سے اچھا سلوک کرے تو یہ مال اس کے لئے بھلائی ہے۔ جیسا کہ حضور اقدس ﷺ کا فرمان ہے:

''حلال مال نیک آدمی کے لئے بہت اچھی چیز ہے۔''

جب آپ کو یہ بات معلوم ہوگئی تو یقیناً آپ جان گئے ہوں گے کہ مال کی وجہ سے آدمی کو خیر و شر کا حصول نہیں ہوتا بلکہ آدمی کا نفس مال کو خیر یا شر کے مواقع میں خرچ کرتا ہے۔

ایک اور جگہ فرمایا:

''ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہوتا ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔''

حضرت رابعہ عدویہؒ ہر رات فرمایا کرتی تھیں: یہ میری آخری رات ہے۔ اور پوری رات بغیر سوئے عبادت میں گزار دیتیں اور پھر دن کو فرماتیں: یہ میرا آخری دن ہے۔ اور پورا دن بغیر سوئے عبادت میں گزار دیتیں۔

ابوبکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

میں نے اپنے گھر کے اس گوشے میں اٹھارہ ہزار مرتبہ قرآن مجید ختم کیا ہے۔

ابن معتمر رحمۃ اللہ علیہ نے چالیس سال تک دن میں روزہ رکھا اور رات کو قیام کیا۔

سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ نے بیس سال تک اپنے پہلو کو بستر سے نہیں لگایا۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے چالیس سال تک عشاء کے وضو سے فجر کی نماز پڑھی۔

امام غزالی ؒ نے گوشہ نشینی اختیار کی اور اپنے اوقات کو خیر کے امور میں خرچ کرنے کا اہتمام کیا، یہاں تک کہ ان کا کوئی لمحہ ایسا نہ ہوتا جس کو وہ تلاوت، تدریس، احادیث کے مطالعہ بالخصوص بخاری شریف، روزوں کی کثرت، تہجد کی پابندی اور اہل اللہ کی صحبت میں نہ گزارتے۔ یہاں تک کہ آپ دنیا سے تشریف لے گئے۔

امام نوویؒ نے دو سال تک اپنے پہلو کو زمین پر نہیں رکھا اور وہ دن اور رات میں کوئی وقت ضائع نہ کرتے تھے بلکہ ہر وقت علم میں مشغول رہتے تھے یہاں تک کہ راستے میں آتے اور جاتے وقت بھی تکرار اور مطالعہ میں مشغول رہتے تھے۔

(ان حضرات کے نیکیوں کے شوق اور جذبہ کی حکایات تو بہت ہیں لیکن اللہ کی توفیق سے مذکورہ حکایات بھی کافی ہیں اور ان تمام حکایات سے یہی سبق ملتا ہے کہ ہمیں امیدیں لمبی نہیں باندھنی چاہئیں)۔

گزرے ہوئے لوگوں سے عبرت پکڑنا

جان لیجئے! کہ جو چیز آپ کو موت کی یاد دلانے پر مدد کرے گی وہ یہ ہے کہ آپ اپنے دنیا سے رخصت ہو جانے والے دوستوں، بھائیوں، رشتہ داروں اور ہم عمروں کو یاد کریں جو آپ سے پہلے دنیا سے چلے گئے۔ وہ آپ جیسی حرص و کوشش کیا کرتے تھے اور دنیا میں آپ جیسے اعمال کرتے تھے۔ لیکن موت نے ان کی گردنوں کو دبوچ لیا ان کی رگوں کو پھاڑ دیا، کمر کو توڑ دیا، ان کے احباب نے ان پر آہ وفغاں کی اور ان کو وحشت ناک قبروں میں تنہا چھوڑ آئے اور وہاں وہ دہشت ناک مردار بن

گئے۔ ان کی آنکھوں کی پتلیاں بہہ گئیں، رنگ بدل گئے، فصاحت زائل ہوگئی، سر متغیر ہوگئے اور پیچھے کی طرف مڑ گئے۔ پھر دو فرشتے آئے اور انہیں بٹھایا اور ان سے ان چیزوں کے بارے میں سوال کیا جس کا وہ اعتقاد رکھا کرتے تھے۔ پھر ان کے لئے قیامت کے دن تک جنت یا دوزخ بطور ٹھکانہ کے آشکار کردی گئی، وہ دن جب لوگ زمین کو بدلا ہوا، آسمان کو پھٹا ہوا، سورج کو لپٹا ہوا، ستاروں کو ٹوٹا ہوا، فرشتوں کو اترتا ہوا، دہشت کو بڑھتا ہوا، اعمال ناموں کو کھلا ہوا، جہنم کو دہکتا ہوا اور جنت کو سجتا ہوا دیکھیں گے۔ پس آپ خود کو ان میں شمار کیجئے اور اپنی واپسی کا زادِ راہ تیار کرنے سے غفلت نہ برتیں اور اپنے نفس کو ذرا بھی مہلت نہ دیں۔ جیسا کہ چوپائے کہ چرتے ہیں لیکن جانتے نہیں۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَ يَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ﴾

[الحجر:۳]

”ان کو کھاتا ہوا اور فائدے اٹھاتا چھوڑ دے۔ امید نے انہیں غافل کر دیا، عنقریب وہ جان لیں گے۔“

﴿اِذِ الْاَغْلَالُ فِيْ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُوْنَ فِي الْحَمِيْمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ۝﴾ [غافر:۷۱۔۷۲]

”جب کہ طوق اور زنجیریں ان کے گلے میں ڈال کر گھسیٹے جائیں گے کھولتے پانی میں، پھر آگ میں جھونکے جائیں گے۔“

يا باني القصر الكبير ۞ بين الدساكر والقصور
ومجرد الجيش الذى ۞ ملأ البسيطة والصدور
و مدوّخ الأرض التى ۞ أعيت على مرّ الدهور

أما فرغت فلا تدع ۞ بنيان قبرك في القبور
وانظر اليه تراه كيه ۞ سف اليك معترضاً يشير
واذكر رقادك وسطه ۞ تحت الجنادل والصخور
قد بدّدت تلك الجيو ۞ ش و غيرت تلك الأمور
و اعتضت من لين الحرير ۞ خشونة الحجر الكبير
و تركت مرتهنا به ۞ لا مال وبك ولا عشير
حيران تعلن بالأسى ۞ لهفان تدعو بالثبور
و دعيت باسمك بعدما ۞ قد كنت تدعى بالأمير

”بڑی عمارتوں اور محلات کے درمیان بڑا محل بنانے والے اور اس لشکر کو بھیجنے والے جو ہر طرح کے سپاہیوں سے لیس ہے۔ اس زمین پر غلبہ پانے والے جو کئی صدیوں سے قائم ہے۔ کیا تو فارغ نہیں کہ قبرستان میں اپنی قبر کی عمارت کو سوچے۔ اس کی طرف دیکھ وہ کیسے تیری طرف انگلی اٹھائے اشارہ کر رہی ہے۔ اس میں پتھروں اور چٹانوں کے نیچے اپنے سونے کو یاد کر۔ تیرے لشکر بدل چکے ہوں گے اور یہ حالات تبدیل ہو چکے ہوں گے۔ ریشم کی نرمی بڑے پتھر کی سختی میں تبدیل ہو چکی ہوگی۔ تو ان چیزوں کو چھوڑے دے گا تیرا مال تیرے کام آئے گا نہ خاندان کے۔ تو حیران ہوگا نا امیدی کا اعلان کرے گا۔ پریشان ہوگا، موت کو پکارے گا۔ اس وقت تجھے تیرے نام سے پکارا جائے گا جب کہ پہلے تجھے امیر کہا جاتا تھا۔“

* * *

﴿موت کی سختی﴾

اللہ رب العزت فرماتے ہیں:

﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَوٰةُ الدُّنْيَآ إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ۝﴾ [آل عمران:۱۸۵]

’’ہر نفس موت کو چکھنے والا ہے اور تمہیں قیامت کے دن تمہارے اجر پورے پورے دیے جائیں گے پس جو دوزخ سے بچا لیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا وہ کامیاب ہوگا اور دنیا کی زندگی تو محض دھوکے کا سامان ہے۔‘‘

ایک اور جگہ فرمایا:

﴿وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ۝﴾

[ق: ۱۹]

’’اور موت کی بے ہوشی تو ضرور آ کر رہے گی۔ یہی تو ہے جس سے تو گریز کرتا تھا۔‘‘

امام بخاری ؒ نے حضرت عائشہ ؓ کا قول نقل کیا ہے۔ فرماتی ہیں:

’’رسول اللہ ﷺ کے پاس پانی کا ایک پیالہ تھا۔ آپ اپنا ہاتھ اس میں داخل کرتے اور چہرہ پر پھیر لیتے اور فرماتے: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، یقیناً موت کی سختیاں ہیں۔ پھر اپنا ہاتھ سیدھا کیا اور یہ کہنا شروع کر دیا ’’الرفیق الاعلی‘‘ یہاں

تک کہ آپ کی وفات ہوگئی۔‘‘

امام بخاری ؒ نے نقل کیا ہے:

’’جب حضور ﷺ کی حالت زیاہ خراب ہوئی اور آپ انتہائی تکلیف محسوس کرنے لگے تو حضرت فاطمہ ؓ نے کہا ’’واکرب ابتاہ‘‘ (ہائے میرے ابا جان کی تکلیف) تو حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے باپ پر آج کے بعد کوئی غم نہیں۔

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک مریض کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: ’’جو تکلیف اس کو پہنچ رہی ہے مجھے معلوم ہے۔ اس کی ہر رگ علیحدہ طور پر موت کی تکلیف محسوس کر رہی ہے۔‘‘

حضرت مکحول ؒ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں:

’’کہ اگر میت کا ایک بال زمین و آسمان والوں پر ڈال دیا جائے تو وہ سب کے سب اللہ کے حکم سے ہلاک ہو جائیں۔‘‘

ایک مرتبہ حضرت عمر ؓ نے فرمایا: اے کعب! موت کا حال بیان کیجئے۔ عرض کیا: جی ہاں اے امیر المومنین! وہ ایک ایسی کانٹے دار ٹہنی ہے جو کسی آدمی کے پیٹ میں داخل کی جائے اور ہر کانٹا رگ کو پکڑ لے پھر آدمی اسے زور سے کھینچے جو آجائے سو آجائے اور جو رہ جائے سو رہ جائے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ اللہ کے راستہ میں قتال کی ترغیب دیتے ہوئے فرماتے تھے: اگر تم قتل نہ ہوئے تو مرجاؤ گے اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد ﷺ کی جان ہے! تلوار کی سو ضربیں بستر کی موت سے زیادہ آسان ہیں۔

شداد بن اوسؓ فرماتے ہیں:

موت مومن کے لئے دنیا اور آخرت کی سب سے زیادہ تکلیف دہ مصیبت

ہے، یہ آریوں سے چیرے جانے، قینچیوں سے کاٹے جانے اور ہنڈیا میں ابلنے سے زیادہ سخت ہے اور اگر میت اٹھ کر دنیا والوں کو موت کی تکلیف کی خبر دے دے تو وہ زندگی سے نہ فائدہ اٹھا سکیں گے اور نہ نیند کی لذت حاصل کر سکیں گے۔

جب ابراہیم علیہ السلام کا انتقال ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم نے موت کو کیسا پایا؟ عرض کیا: ایک ایسی سیخ کی طرح جسے تر روئی میں رکھ کر کھینچ دیا گیا ہو۔ ارشاد ہوا: حالانکہ ہم نے اس کو آپ کے لئے آسان کر دیا تھا۔

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی روح اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچ گئی تو فرمایا: اے موسیٰ! تو نے موت کو کیسا پایا؟ عرض کیا: میں نے اپنے نفس کو ایسی زندہ بکری کی طرح محسوس کیا جو قصائی کے ہاتھ میں ہو اور اس کی کھال اتار رہا ہو۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

”بنی اسرائیل کے قصے بیان کرو اس میں کوئی حرج کی بات نہیں۔ یقیناً ان کے قصوں میں عجائبات ہوتے ہیں۔ پھر یہ قصہ بیان فرمایا: ایک جماعت ایک قبرستان کے پاس سے گزری تو کہا اگر ہم دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ سے دعا مانگیں کہ وہ ایک مردے کو زندہ کر دے جو ہمیں موت کے متعلق خبر دے تو کیسا ہے؟ سب نے اس پر اتفاق کر لیا، ابھی وہ اس عمل میں مصروف تھے کہ ایک قبر سے آدمی کا سر نمودار ہوا جس کی آنکھوں کے درمیان سجدوں کا نشان واضح نظر آتا تھا۔ اس نے کہا: اے لوگو! تم کیا چاہتے ہو؟ خدا کی قسم! مجھے مرے ہوئے سو سال ہو چکے ہیں لیکن ابھی تک موت کی حرارت ختم نہیں ہوئی۔ لہٰذا میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے ویسا ہی کر دے جیسا میں تھا۔“ [مسند ابی بکر]

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے:

کاش! کوئی سمجھدار اور محتاط آدمی جس پر موت طاری ہو چکی ہو میں اس سے ملوں اور مجھے موت کے بارے میں بتائے۔ جب ان کا انتقال ہو گیا تو ان سے پوچھا گیا: اے عبداللہ! آپ اپنی زندگی کے دنوں میں کہا کرتے تھے کہ کاش کوئی محتاط اور سمجھدار آدمی جس پر موت طاری ہو چکی ہو آپ کو موت کے بارے میں بتائے، آپ سمجھدار اور ہوشیار آدمی ہیں اور آپ موت کو چکھ چکے ہیں لہٰذا آپ ہی موت کے بارے میں ہمیں مطلع کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: میں نے یوں محسوس کیا جیسے آسمانوں کو زمین سے ٹکرا دیا گیا اور میں ان دونوں کے درمیان ہوں اور گویا کہ میری روح سوئی کے سوراخ سے نکالی جا رہی ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے موت کے فرشتہ سے کہا: کیا تو اس بات کی طاقت رکھتا ہے کہ تو مجھے وہ صورت دکھائے جس میں تو بدکار آدمی کی روح قبض کرتا ہے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں؟ لیکن اس نے ایسا کرنے سے انکار کیا۔ پھر ابراہیم علیہ السلام کے اصرار پر اس نے ایسی صورت اختیار کی کہ وہ کالے سیاہ کپڑوں والا، کھڑے بالوں والا، انتہائی تیز بدبودار، جس کے ناک اور منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے اور دھواں بھی برآمد ہو رہا تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس منظر کو دیکھ کر بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش آیا تو فرشتہ اپنی اصل صورت میں آ چکا تھا۔ تو فرمایا: اے موت کے فرشتے! اگر گناہ گار آدمی کے لئے اس کے سوا کوئی عذاب نہ بھی ہوتا تو یہی کافی تھا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے آزادہ کردہ غلام حضرت اسلم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
جب مومن کے اتنے گناہ باقی رہ جائیں کہ ان تک اس کے اعمال نہ پہنچیں تو اس پر موت سخت کر دی جاتی ہے تاکہ موت کی سختی اور شدت کی وجہ سے وہ جنت میں اعلیٰ درجہ حاصل کر لے اور جب کافر نے دنیا میں کوئی اچھا کام کیا ہوتا ہے تو اس پر

موت آسان کردی جاتی ہے تاکہ وہ دنیا کی نیکی کے ثواب کو پالے اور پھر جہنم اس کا ٹھکانہ بن جاتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے:

''اگر میرے پاس پوری زمین کی مقدار کے برابر سونا ہوتا تو میں اسے دیکھنے سے پہلے فدیہ کردیتا۔ اور کہا جاتا ہے ابن آدم کو موت سے زیادہ سخت چیز نہ موت سے پہلے لاحق ہوتی ہے نہ موت کے بعد۔'' (بخاری)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

بیماریاں اور تکالیف موت کے قاصد ہیں۔ پس جب موت کا وقت ہوتا ہے تو فرشتہ آتا ہے اور کہتا ہے: اے بندہ! تیرے پاس کتنی خبریں بار بار آئیں، کتنے قاصد بار بار آئے اور کتنے ڈاکیے بار بار آئے؟ میں ایسی خبر ہوں جس کے بعد خبر نہیں اور ایسا قاصد ہوں جس کے بعد قاصد نہیں، اپنے رب کی طرف چل خواہ خوش دلی کے ساتھ ہو یا بد دلی کے ساتھ۔ جب فرشتہ اس کی روح قبض کر لیتا ہے تو لوگ اس پر گریہ وزاری کرتے ہیں۔ تو فرشتہ کہتا ہے: تم کس پر آہ وفغاں کررہے ہو؟ اور کس پر گریہ وزاری کررہے ہو؟ خدا کی قسم! میں نے اس کی موت میں اس پر ظلم نہیں کیا، میں نے اس کا رزق نہیں کھایا، بلکہ اس کے رب نے اسے بلایا ہے، پس رونے والے کو اپنے نفس پر رونا چاہئے، کیونکہ میں نے تمہارے پاس بار بار لوٹ کر آنا ہے یہاں تک کہ میں تم میں سے کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی نہر فارس کے پاس ملک الموت سے ملاقات ہوئی تو اس سے پوچھا: اے موت کے فرشتہ! تو وباء وغیرہ کے وقت کیسے دس دس ہزار آدمیوں کی روح کو مختلف علاقوں سے قبض کرتا ہے؟ تو اس نے جواب دیا، ''زمین کو

میرے لئے سمیٹ دیا جاتا ہے، یہاں تک کہ میں لوگوں کو گویا کہ اپنی رانوں کے درمیان دیکھتا ہوں اور انہیں اپنے ہاتھ سے چن لیتا ہوں۔"

یہ بات بھی جان لیجئے کہ اگر ہمیں پولیس کی مار کا خوف ہو تو ہماری زندگی بے مزہ ہو جائے حالانکہ ہر سانس میں موت کی اپنی سختیوں کے ساتھ آمد کا ہونا ممکن ہے اور وہ تلوار کی ضرب اور آریوں سے چیرے جانے سے بھی زیادہ کڑوی ہے اور مردہ کی روح اس کے ہر ہر عضو اور رگ سے نکال لی جاتی ہے، پہلے اس کے پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں پھر رانیں اور اسی طرح حلق تک پہنچ جاتی ہے اور اس موقع پر دنیا سے اس کی نظر منقطع ہو جاتی ہے اور اس کے لئے توبہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"بلاشبہ اللہ تعالیٰ آدمی کی توبہ اس وقت تک قبول فرماتے ہیں جب تک اس کا سانس حلق میں نہ پہنچے۔"

ایا فرقة الاحباب لابد لی منك ❁ ویا دار دنیا اننی راحل عنك
ویا قصر الایام مالی و للمنی ❁ ویا سکرات الموت مالی وللضحك
فمالی لا ابکی لنفسی بعبرة ❁ اذا کنت لا ابکی لنفسی فمن یبکی
الا ای حیّ بالموت موقنا ❁ وای یقین اشبه الیوم بالشك

"اے دوستوں کی جدائی تو میرے لئے بھی ضروری ہے اور اے دنیا کے گھر میں نے تجھے چھوڑ جانا ہے، اے دنوں کی کمی میرا اور خواہشات کا کیا تعلق اور اے موت کی سختیو! میرا اور ہنسی کا کیا تعلق، مجھے کیا ہوا کہ میں اپنے نفس پر عبرت حاصل کر کے نہیں روتا اگر میں اپنے نفس پر نہیں روؤں گا تو کون روئے گا۔ خبردار کون سا زندہ ہے جو موت کا یقین نہ رکھتا ہو اور کون سا یقین ہے جو آج شک کے مشابہ ہے۔"

﴿عذابِ قبر کا ذکر﴾

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے:

﴿اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ عَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْا آلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ○﴾ [غافر: ٤٦]

"وہ صبح شام آگ پر پیش کیے جائیں گے اور جب قیامت قائم ہوگی تو (حکم ہوگا) آلِ فرعون کو سخت عذاب میں داخل کرو۔"

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جب کسی قبر کے پاس کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ داڑھی مبارک آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔ کسی نے پوچھا: آپ جنت اور دوزخ کے تذکرہ سے تو اتنا نہیں روتے جتنا قبر کو دیکھ کر روتے ہیں؟ فرمایا: "میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: "قبر آخرت کی منزلوں میں سب سے پہلی منزل ہے اگر اس میں کامیاب ہوگیا تو اگلے مرحلے بھی آسان ہو جائیں گے اور اگر اس میں کامیاب نہ ہوسکا تو اگلے مرحلے اس سے بھی زیادہ سخت ہوں گے۔" اور میں نے حضور ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا ہے، "میں نے کوئی منظر قبر سے زیادہ وحشت ناک نہیں دیکھا۔"

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

مردہ کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور اسے بٹھا کر اس سے پوچھتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: میرا رب اللہ ہے۔ یہ پوچھتے ہیں: تیرا دین کیا

ہے؟ وہ جواب میں کہتا ہے: میرا دین اسلام ہے۔ فرشتے سوال کرتے ہیں: یہ آدمی کون ہے جو تم میں مبعوث کیا گیا؟ وہ کہتا ہے: یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ وہ اسے کہتے ہیں، تجھے کس نے بتایا ہے؟ وہ جواباً کہتا ہے: میں نے اللہ کی کتاب پڑھی اور اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی۔

اور یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی:

﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ﴾ [ابراهيم: ٢٧]

”اللہ تعالیٰ پختہ قول کے ذریعہ ایمان والوں کو دنیا کی زندگی اور آخرت میں مضبوطی عطا کرتا ہے۔“

پھر فرمایا:

”آسمان سے ایک آواز آتی ہے: میرے بندہ نے سچ کہا: اس کے لئے جنت کا بستر بچھاؤ اور جنت کا لباس پہناؤ اور اس کے لئے جنت کا دروازہ کھول دو! جہاں سے اسے جنت کی ہوا اور خوشبو آتی رہے اور اس کی قبر حدِ نگاہ تک کشادہ کر دی جاتی ہے۔“

باقی رہا کافر تو حضور ﷺ نے اس کی موت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

”اس کی روح اس میں لوٹائی جاتی ہے اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور اسے کہتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ وہ جواب دیتا ہے، ”ہائے ہائے میں نہیں جانتا۔“ وہ دین اور حضور ﷺ کے بارے میں بھی سوال کرتے ہیں اور یہ یہی جواب دیتا ہے: ہائے ہائے میں نہیں جانتا تو آسمان سے آواز آتی ہے: اس نے جھوٹ کہا، اس کے لئے آگ کا بستر بچھاؤ اور اسے آگ کا لباس پہناؤ اور اس کے لئے جہنم کا

دروازہ کھول دو! تاکہ جہنم کی گرمی اور گرم ہوا اس تک پہنچے اور پھر قبر اس پر اتنی تنگ کردی جاتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں پھر اس پر ایک اندھا اور بہرا فرشتہ مقرر کردیا جاتا ہے اس کے پاس لوہے کا ایک ایسا گرز ہوتا ہے، کہ اگر وہ پہاڑ کو مارے تو وہ مٹی بن جائے پھر وہ گرز اس مردے کو اتنی شدت سے مارتا ہے کہ اس کی آواز جن وانس کے علاوہ مشرق ومغرب کی ہر چیز سنتی ہے۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے مسجد میں تشریف لائے تو لوگوں کو کھلکھلا کر ہنستے ہوئے دیکھا، تو فرمایا:

اگر تم لذتوں کو توڑنے والی چیز یعنی موت کو کثرت سے یاد کرو تو یہ کیفیت پیدا نہ ہو جو میں دیکھ رہا ہوں۔ لہٰذا لذتوں کو توڑنے والی چیز یعنی موت کو کثرت سے یاد کیا کرو! کیونکہ قبر پر کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جس میں وہ یہ نہ کہتی ہو میں اجنبیت کا گھر ہوں۔ میں تنہائی کا گھر ہوں، میں مٹی کا گھر ہوں، میں کیڑوں کا گھر ہوں، جب مومن بندہ کو دفن کیا جاتا ہے تو وہ اس کا استقبال کرتی ہے اور اسے کہتی ہے: جتنے لوگ میری پشت پر چلتے تھے تو مجھے سب سے زیادہ محبوب تھا، آج جب تو میرے حوالہ ہوا ہے تو میرا احسن سلوک دیکھ لے گا پھر وہ قبر حدِ نگاہ تک کشادہ کردی جاتی ہے اور اس کے لئے جنت کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔ اور جب کسی بدکار یا کافر آدمی کو دفن کردیا جاتا ہے تو قبر کہتی ہے: تیرے لئے کوئی خوش آمدید نہیں جتنے لوگ میری پشت پر چلتے تھے تو مجھے ان میں سب سے زیادہ مبغوض تھا، آج جب تو میرے حوالہ ہوا ہے تو میری بدسلوکی کو بھی دیکھ لے گا۔ پھر وہ اس کو بھینچتی ہے اور اتنی تنگ ہو جاتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں۔ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو ایک

دوسرے میں داخل کر کے فرمایا: ''یوں'' پھر فرمایا) اور اس پر ستر اژدھے ایسے مسلط کر دیئے جاتے ہیں کہ اگر ان میں سے کوئی زمین پر پھونک دے تو قیامت تک اس میں گھاس نہ اگے، وہ اسے ڈستے ہیں اور اس کی کھال اتار دیتے ہیں یہاں تک کہ اسے حساب کتاب کے لئے لایا جائے۔''

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔''

ایک مرتبہ ایک آدمی حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا، دیکھا کہ عبادت کی کثرت کی وجہ سے ان کا رنگ اور ہیئت بدل چکی ہے اور اسے بڑا تعجب ہوا۔ اس کی اس حالت کو دیکھ کر عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! تو مجھ پر کس بات کی وجہ سے تعجب کرتا ہے؟ اگر تو مجھے دفنائے جانے کے تین دن بعد دیکھ لے، تو کیا حالت ہو؟ جب آنکھوں کی پتلیاں باہر نکل کر رخساروں پر بہہ جائیں گی، ہونٹ دانتوں سے الگ ہو جائیں گے۔ ناک اور منہ سے پیپ اور خون نکل رہا ہوگا، پیٹ پھول کر سینہ تک آ جائے گا سرین اور پشت سے جدا ہو جائے گا تو اس وقت اس سے زیادہ تعجب ہوگا جتنا اب ہو رہا ہے۔

موت کے خوف سے اسلاف کی حالت

بکر العابد اپنی والدہ سے کہا کرتے تھے:

امی جان، کاش آپ نے مجھے جنم ہی نہ دیا ہوتا کیونکہ تیرے بیٹے کے لئے قبر میں ایک لمبی قید ہے پھر اس کے بعد اس کا چھٹکارا ہے۔

حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

جو آدمی قبرستان سے گزرے اور اپنے نفس میں غور نہ کرے اور مردوں کے لئے دعا نہ کرے تو وہ اپنے آپ سے اور مردوں سے خیانت کرنے والا ہے۔

قشیری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، میں نے ابوعلی دقاقؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

میں امام ابوبکر بن فورکؒ کی تیمارداری کے لئے حاضر ہوا، مجھے دیکھ کر ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے میں نے کہا: اللہ آپ کے ساتھ عافیت کا معاملہ فرمائے گا اور آپ کو شفا دے گا۔ فرمایا: تو سمجھتا ہے میں موت سے ڈر رہا ہوں نہیں بلکہ میں موت کے بعد آنے والے حالات سے خائف ہوں۔

میں نے ایک درویش کو یہ کہتے ہوئے سنا:

داؤد بن نصر طائی کے زہد کا سبب یہ تھا کہ انہوں نے ایک نوحہ کرنے والی کے نوحہ کو سنا: تیرے رخساروں کی کیا حیثیت ہے جب ان پر مصیبت نازل ہوگی اور تیری آنکھیں کس کام کی جب بہہ جائیں گی۔ بڑی عجیب بات ہے کہ اگر کوئی طبیب تجھے تیری بیماری اور اس کی دوا کے بارے میں بتائے تو اس کو بڑے غور سے سنتا ہے اور اس کی اطاعت کرتا ہے۔ یہ تیری سب سے بڑی بیماری کا علاج ہے ایسی بیماری جو جہنم کی آگ میں داخل کروا دیتی ہے لیکن تو اس کو پوری توجہ کے ساتھ نہیں سنتا۔ جب کوئی مجلس لمبی ہو جاتی اور میں اونگھتا یا اس کی گفتگو کے دوران کوئی بات کرتا تو بولنے والا ملامت کرتا کہ اگر میں لہو ولعب یا دنیا کی باتیں کرتا تو تجھے اونگھ نہ آتی بلکہ تو خوش ہوتا اور یہ تیرے نفس کی خباثت اور تیرے ایمان کے ضعف کی وجہ سے ہے، کہاں چلے گئے تیرے آباؤ اجداد، تیرے بیٹے، تیرے بھائی اور تیرے دوست؟ وہ زمین کے اندر رہائش پذیر ہو گئے اور کیڑوں کی غذا بن گئے اور اپنے اوپر نازل ہونے والے عذاب سے چھٹکارا نہیں پا سکتے۔

هو الدهر فاصبر ما على الدهر معتب ۞ وليس لنا من خطة الموت مهرب
و لابدّ من كأس الحمام ضرورة ۞ ومن ذا الذى من كأسه ليس يشرب
وما يعمر الدنيا الدنية حازم ۞ اذا كان فيها عامر العمر يخرب
وان عليا ذمها فى كلامه ۞ وطلقها والجاهل الغر يخطب
و لما اتى بالكوز والناس حضر ۞ فقال لهم يا للرجال تعجبوا
الا ان هذا الكوز فيه مواعظ ۞ لمتعظ من ظلمة القبر يرهب
فكم فيه من ثغر وعين كحيلة ۞ وخدّ أسيل كان يهوى ويطلب
وكم من عظيم القدرصارت عظامه ۞ اناء ومنه الماء يا قوم يشرب
و ينقل من ارض لاخرى هدية ۞ فوا عجبا بعد البلى يتغرب

’’یہ زمانہ ہے، صبر کر! زمانہ پر کوئی عتاب نہیں اور ہم موت کی جگہ سے بھاگ نہیں سکتے۔ موت کا جام پینا لازم ہے اور کون ہے جو موت کا پیالہ نہ پئے گا۔ محتاط اور عقل مند آدمی گھٹیا دنیا کو آباد نہیں کرتا کیونکہ اس میں ساری زندگی آباد کرنے والا بھی ویران ہو جاتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے کلام میں اس کی مذمت بیان کی ہے اور اسے طلاق دی ہے جب کہ بے وقوف جاہل اسے نکاح کا پیغام بھجواتا ہے۔ جب ان کے پاس ایک صراحی لائی گئی اور لوگ حاضر تھے تو فرمایا: ’’اے لوگو! تعجب کرو اس صراحی میں قبر کی تاریکی سے ڈرنے والے کے لئے بہت سی نصیحتیں ہیں، کتنی ہی سرمہ لگی آنکھیں اور سفید دانت اور خوبصورت رخسار جو اظہارِ خواہش و طلب کیا کرتے تھے اس میں ہیں اور کتنے عظیم الشان لوگوں کی ہڈیاں برتن بن گئیں اور اے قوم! ان

میں پانی پیا جاتا ہے۔ ایک زمین سے دوسری کی طرف بطور ہدیہ کے منتقل ہوئے، آزمائشوں کے بعد مسافر بن جانے پر بڑا تعجب ہے۔"

اے اللہ! ہماری اصلاح فرما ہمارے خراب دلوں کی اصلاح فرما، ہمارے برے اعمال، ہمارے حکمرانوں کی خرابیوں کی ایسی اصلاح فرما جیسی تو نے اپنے نیک بندوں کی اصلاح فرمائی۔"

* * *

﴿بعض مُردوں کے احوال﴾

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

”نبی کریم ﷺ دو قبروں کے پاس سے گزرے اور فرمایا: ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے۔ اور عذاب کسی بڑی چیز کی وجہ سے نہیں ہو رہا بلکہ بات صرف اتنی ہے کہ ایک پیشاب کرنے میں احتیاط نہیں کرتا تھا اور دوسرا چغل خوری کیا کرتا تھا۔ پھر ایک سبز ٹہنی پکڑی اور اس کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ہر قبر پر ایک ٹہنی لگا دی اور فرمایا: شاید ان کے خشک ہونے تک عذاب میں تخفیف ہو جائے۔“

ایک مردہ کو خواب میں دیکھا گیا اور اس سے اس کی حالت دریافت کی گئی، تو کہا: میں نے ایک نماز بغیر وضو کے پڑھی تھی جس کی وجہ سے مجھ پر ایک بھیڑیا مسلط کر دیا گیا جو مجھے میری قبر میں ڈراتا ہے جس کی وجہ سے میں بدترین حالت میں ہوں۔

ایک اور مردے سے پوچھا گیا: تیرے رب نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ وہ کہنے لگا: مجھے چھوڑ دو! کیونکہ ایک دن میں نے جنابت کا غسل نہ کیا جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھے آگ کا لباس پہنا دیا جس میں دن رات تڑپتا رہتا ہوں۔

عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ایک مرتبہ ایک قبرستان کے پاس سے گزرے تو ایک آدمی کو آواز دی تو اللہ نے اسے زندہ کر دیا۔ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں بوجھ بردار تھا اور لوگوں کا سامان اٹھایا کرتا تھا، ایک مرتبہ ایک آدمی کی لکڑیاں

اٹھائے جا رہا تھا کہ خلال کو توڑ کر دانتوں کا خلال کرنے لگا، جب سے فوت ہوا ہوں مجھ سے اس کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں اس حال میں دیکھا گیا کہ جنت میں ان کے دو پر ہیں اور ایک درخت سے دوسرے درخت کی طرف اڑتے پھر رہے ہیں: پوچھا گیا آپ کو یہ مقام کیسے حاصل ہوا؟ فرمایا: ''تقویٰ کی وجہ سے۔''

حسان بن ابوسنن رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں سے پوچھا: کون سی چیز تمہارے لئے سب سے زیادہ دشوار ہے؟ عرض کیا: ''تقویٰ'' فرمایا: میرے لئے اس سے آسان چیز کوئی نہیں، انہوں نے پوچھا: وہ کیسے؟ فرمایا: ''میں نے چالیس سال سے تمہارے دریا سے پانی نہیں پیا۔'' حسان بن ابی سنن رحمۃ اللہ علیہ ساٹھ سال تک نہ تو لیٹ کر سوئے، نہ پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور نہ ٹھنڈا پانی پیا۔ وفات کے بعد خواب میں انہیں دیکھا گیا اور حال دریافت کیا گیا تو فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ اچھا سلوک کیا لیکن میں ایک سوئی کی وجہ سے روک لیا گیا جو میں نے ادھاری لی تھی اور واپس نہیں کی۔''

عبدالواحد بن زید کا ایک غلام تھا جس نے چند سال ان کی خدمت کی اور چالیس سال اللہ کی عبادت کی۔ شروع میں وہ ایک ماپنے والا تھا، جب وہ فوت ہوا اور اسے خواب میں دیکھا گیا اور اس کے معاملہ کے بارے میں سوال کیا گیا تو کہنے لگا: اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ اچھا سلوک کیا لیکن جنت سے روک لیا گیا کیونکہ مجھ پر قفیز کے غبار کے چالیس قفیز لازم تھے۔

ایک مرتبہ ایک آدمی قبرستان کی طرف گیا، دو رکعتیں نماز کی پڑھی پھر پہلو کے بل لیٹ گیا اور سو گیا۔ خواب میں ایک مردہ کو دیکھا جو کہہ رہا تھا: اے شخص! تم عمل

کرتے ہو لیکن علم نہیں رکھتے اور ہم علم رکھتے ہیں لیکن عمل پر قادر نہیں۔ مجھے اپنے اعمال نامہ میں دو رکعت نماز کی مل جائیں یہ دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں:

میرا ایک مسلمان بھائی فوت ہوگیا، میں نے اسے خواب میں دیکھا اور اسے کہا: اے شخص ''الحمد للہ رب العالمین'' تو زندہ ہوگیا۔ اس نے مجھے کہا: اگر میں یہ لفظ ''الحمد للہ رب العالمین'' کہنے پر قادر ہو جاؤں تو یہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سب سے زیادہ محبوب ہے۔ پھر کہا: تو نے نہ دیکھا جب لوگ مجھے دفن کر رہے تھے تو فلاں آدمی آیا اس نے دو رکعت نماز پڑھی، میں دو رکعت نماز پڑھنے پر قدرت پالوں، یہ میرے لئے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سب سے زیادہ محبوب ہے۔

ابو سبرہؒ بیان کرتے ہیں:

منکر نکیر قبر میں ایک آدمی کے پاس آئے اور کہا: ہم تجھے سو ضربیں لگائیں گے۔ مردہ بولا: ''میں نے یہ یہ کام کیا ہے'' اور اس نے اپنے بعض اعمالِ صالحہ کے ذریعہ شفاعت طلب کی تو اس سے دس ضربیں کم کردی گئیں۔ وہ اسی طرح اعمال صالحہ کی سفارش طلب کرتا رہا یہاں تک تمام ضربیں صاف ہوگئیں سوائے ایک کے فرشتوں نے اسے وہ ضرب لگائی تو اس کی قبر میں آگ بھڑکنے لگی۔ اس نے پوچھا: تم مجھے کیوں مارتے ہو؟ فرشتوں نے جواب دیا: ''تو ایک مظلوم کے پاس سے گزرا تھا جس نے تجھ سے مدد مانگی تھی لیکن تو نے اس کی مدد نہ کی۔''

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے گھر کے کچھ افراد نے کہا: ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خواب میں ہمیں زیارت کروا دے۔ (عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں نے انہیں خواب میں ان کی وفات کے بارہ سال بعد

دیکھا۔ وہ یوں معلوم ہوتے تھے جیسے غسل کیا ہو اور انہوں نے تہبند لپیٹا ہوا تھا میں نے کہا: اے امیر المؤمنین ؓ! آپ نے اپنے رب کو کیسا پایا؟ اس نے آپ کو کون سی نیکیوں کا بدلہ دیا؟ انہوں نے فرمایا: ”اے عبداللہ! مجھے تم سے جدا ہوئے کتنا عرصہ ہو چکا ہے؟ میں نے کہا: ”بارہ سال“ فرمایا: ”میں جب سے تم سے جدا ہوا حساب و کتاب ہوا اور مجھے اپنی ہلاکت کا خوف تھا لیکن اللہ تعالیٰ غفور و رحیم اور جواد و کریم ہے۔“ یہ حضرت عمر ؓ کا حال ہے جن کے پاس اسباب ولایت میں سے سوائے درہ کے اور کوئی دنیاوی چیز نہ تھی۔

حضرت عمر بن خطاب ؓ کے لختِ جگر حضرت ابوشحمہ ؓ سے زنا سرزد ہو گیا، تو حضرت عمر ؓ نے سو کوڑے مارنے کا حکم جاری فرمایا: ان کوڑوں کی وجہ سے وہ انتقال کر گئے۔ ان کی وفات کے چالیس دن بعد حضرت حذیفہ بن یمان ؓ نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ کو خواب میں دیکھا اور ان کے ساتھ ایک نوجوان تھا جس پر دو سبز جوڑے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: عمر ؓ کو میری طرف سے سلام کہنا اور یہ بھی کہنا کہ میں تجھے ایسی حدود کے جاری کرنے کا حکم دیتا ہوں اور قرآن پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔ اس نوجوان یعنی ابوشحمہ ؓ نے کہا: اے حذیفہ! میرے والد کو میری طرف سے سلام عرض کرنا اور کہنا جیسے آپ نے مجھے پاک کیا ایسے ہی اللہ آپ کو بھی پاک کرے، والسلام۔

حضرت ابوبکر بن ابی الدنیا ؒ نے اپنے شاگردوں سے فرمایا: میں نے ایک کفن چور سے اس کی توبہ کے بعد اس کے رجوع الی اللہ اور توبہ کا سبب پوچھا: تو اس نے بتایا میں ایک دن ایک آدمی کا کفن چوری کرنے لگا تو دیکھا اس کے تمام جسم میں کیل گڑے ہوئے ہیں اور اس کے سر میں ایک بڑا کیل ہے اور دوسرا بڑا کیل اس

کے پاؤں میں ہے، ایک اور کفن چور سے اس کی توبہ کی وجہ پوچھی گئی، تو اس نے بتایا: میں نے ایک انسان کی کھوپڑی کو دیکھا جس میں سیسہ بھرا جا رہا تھا۔

ایک مرتبہ ایک کفن چور رات کو کفن چوری کرنے لگا، جب اس نے قبر کھودی اور میت سامنے آئی تو دیکھتا ہے کہ آگ میت کو جلا رہی ہے، ایک چنگاری اس کی طرف لپکی اور وہ ڈر کر بھاگا تو توبہ کر کے اللہ سے لو لگالی۔

امام اوزاعیؒ کو خواب میں دیکھا گیا تو فرمایا: میں نے یہاں علماء کے درجہ سے زیادہ بلند درجہ کسی کا نہیں دیکھا، ان کے بعد غمگین لوگوں کا۔

ابو عبداللہ کو خواب میں دیکھا گیا اور ان سے اللہ کے معاملہ کے بارے میں استفسار کیا گیا، تو فرمایا: اللہ نے میرے ساتھ ہمدردی کا معاملہ فرمایا اور میرے دنیا کے ہر اس گناہ کو بخش دیا جس کا میں نے اقرار کیا۔ سوائے ایک گناہ کے جس کا اقرار کرتے ہوئے مجھے شرم آئی، میں پسینہ میں شرابور ہو گیا اور میرے چہرہ کا گوشت گرنے لگا، ان سے پوچھا گیا وہ کون سا گناہ تھا؟ فرمایا میں نے ایک خوبصورت شخص کو دیکھا تھا تو مجھے شرم آئی کہ میں اس کا ذکر کروں۔

ہشام بن حسان رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میرا ایک نو عمر لڑکا فوت ہو گیا میں نے اسے خواب میں دیکھا کہ اس کے سر میں سفید بال ہیں۔ میں نے کہا: اے پیارے بیٹے! یہ سفید بال کیسے ہیں؟ تو کہنے لگا: جب فلاں شخص آیا تو اس کے آنے پر جہنم نے ایسی چیخ ماری کہ ہم میں سے کوئی نہ بچا مگر یہ کہ ہر شخص بوڑھا ہو گیا۔

جب کرز بن وبرہؒ فوت ہو گئے تو ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ تمام لوگ قبروں سے نکل آئے ہیں اور ان پر سفید نئے کپڑے ہیں۔ اس کی وجہ پوچھی گئی تو جواب ملا: قبرستان والوں نے کرز کی آمد کی خوشی میں نئے کپڑے پہنے ہیں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں:

میرا ایک بیٹا شہید ہوگیا اور میں نے اسے خواب میں اس رات دیکھا، جب حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی وفات ہوئی۔ میں نے کہا: اے بیٹے! تو مردہ نہ تھا؟ کہنے لگا: نہیں بلکہ میں تو شہید ہوا تھا اور اللہ کے نزدیک زندہ ہوں اور مجھے رزق دیا جاتا ہے۔ میں نے کہا: تجھے کیا ہوا ہے؟ تو کہنے لگا: اہل آسمان کو آواز دی گئی کہ کوئی نبی، صدیق اور شہید باقی نہ رہے مگر یہ عمر بن عبدالعزیزؒ کی نماز جنازہ میں شریک ہو۔ پس میں ان کی نماز جنازہ میں شریک ہوا پھر تمہیں سلام کرنے کے لئے تمہارے پاس آیا۔"

عبدالواحد بن عبدالمجید ثقفیؒ فرماتے ہیں:

میں نے ایک جنازہ دیکھا جسے تین آدمیوں اور ایک عورت نے اٹھا رکھا تھا۔ میں نے جا کر عورت سے اسے لے لیا اور قبرستان کی طرف چل پڑے، اس کی نماز جنازہ پڑھی اور اسے دفن کر دیا۔ میں نے عورت سے پوچھا: یہ تیرا کیا لگتا تھا؟ اس نے کہا: یہ میرا بیٹا تھا۔ میں نے کہا: تیرا کوئی پڑوسی نہ تھا۔ کہنے لگی: پڑوسی تو ہیں لیکن وہ اس لڑکے کے تجہیز و تکفین کے عمل کو گھٹیا سمجھتے ہیں۔ میں نے اس کی وجہ پوچھی، تو اس نے بتایا: کہ یہ ہیجڑا تھا۔ مجھے اس پر رحم آیا، میں اس کو اپنے گھر لایا اور اس کو کچھ درہم، گندم اور کپڑے دیے، جب میں رات کو سویا تو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے پاس ایک آدمی آیا جو اتنا خوبصورت تھا جیسے چودھویں کا چاند ہو اور اس نے سفید کپڑے پہن رکھے تھے اور میرا شکریہ ادا کر رہا تھا۔ میں نے پوچھا تو کون ہے؟ تو اس نے بتایا: کہ میں وہی مخنث ہوں جسے تم نے آج دفن کیا ہے میرے رب نے لوگوں کے ہاں میری ذلت کی وجہ سے مجھ پر رحم کیا ہے۔ اے میرے بھائی! اپنے لئے تقویٰ کا زاد راہ اختیار کر اور جو آدمی آگے آنے والے حالات کو جان لے وہ

خواہش کی پیروی نہیں کرسکتا۔ جو شخص ان لوگوں میں غور کرے جو اس سے جدا ہو گئے تو اس کا ہوشیار ہونا یقینی ہو جائے گا۔ اپنی جوانی اور صحت پر کتنے ہی ناز کرنے والے ایسے ہیں جنہیں موت نے اسی حال میں اچک لیا۔ اور کتنے ہی مالوں کو جمع کرنے والے ایسے ہیں جنہوں نے سب کو چھوڑ دیا اور اس کے بوجھوں کے پاس سے گزر گئے۔ کیا موت کسی مریض کو اس کے ضعف کی وجہ سے یا کسی کمانے والے کو اس کے بچوں کے لئے چھوڑتی ہے:

لقد اخبرتك الحادثات نزولها ❁ ونادتك الا ان سمعك ذو وقر
تنوح و تبكي للأحبة ان مضوا ❁ ونفسك لا تبكي وانت على الأثر

”تجھے حادثات کا نزول خبردار کرتا ہے اور تجھے پکارتا ہے اگر تیرے کانوں میں ڈاٹ نہ ہو۔ تو دوستوں پر روتا ہے اور نوحہ کرتا ہے جب وہ چلے جائیں جب کہ تو اپنے نفس پر نہیں روتا حالانکہ تو ان کے پیچھے جانے والا ہے۔“

اے اللہ! ہم پر رحم فرما، ہمیں عذاب نہ دے، ہماری مدد فرما اور ہمیں رسوا نہ کر۔ اور ہمارے ساتھ عافیت والا معاملہ فرما اور ہمیں بیمار نہ کر اور ہمیں عزت دے اور ذلت سے بچا، ہمیں فوقیت دے اور مغلوبیت سے بچا، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

* * *

﴿قیامت کی نشانیاں﴾

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُھُمْ وَھُمْ فِیْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ○ مَا یَاْتِیْھِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّھِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَھُمْ یَلْعَبُوْنَ ○ لَاھِیَةً قُلُوْبُھُمْ﴾ [الانبیاء: ۱-۳]

”لوگوں کے حساب کا وقت قریب آ گیا ہے اور وہ غفلت میں پڑ کر منہ پھیرنے والے ہیں ان کے رب کی طرف سے سمجھانے کے لئے کوئی ایسی نئی بات ان کے پاس نہیں آتی کہ جسے سن کر ہنسی میں نہ ٹال دیتے ہوں ان کے دل کھیل میں لگے ہوئے ہیں۔“

بخاری و مسلم کی روایت ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت کی کثرت ہوگی، شراب کثرت سے پی جائے گی، مرد کم اور عورتیں زیادہ ہو جائیں گی، یہاں تک کہ پچاس عورتوں کے لئے ایک مرد ہوگا۔“

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

”جب غنیمت کو ذاتی مال، امانت کو مالِ غنیمت، زکوٰۃ کو تاوان بنا لیا جائے، اللہ کے دین کے علاوہ کے لئے علم سیکھا جائے، خاوند بیوی کی فرماں برداری اور ماں کی نافرمانی کرے، دوست کو قریب اور باپ کو دور کرے، مساجد میں شور ہونے لگے، قبیلہ کا فاسق ان کا سردار ہو، قوم کا نگہبان گھٹیا ترین آدمی ہو، آدمی کے شر کے

خوف سے اس کی عزت کی جائے، گانے بجانے والی زیادہ ہو جائیں، شراب کی کثرت ہو جائے، اس امت کے اگلے لوگ پچھلوں پر لعنت کرنے لگیں تو سرخ آندھی، زلزلہ، دھنس جانے اور چہرے بگڑنے اور پے در پے عذاب الٰہی کا انتظار کرو! جیسے لڑی کا دھاگہ ٹوٹ جائے تو موتی پے در پے گرتے ہیں۔"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اس امت کو ایسی مصیبت پہنچے گی کہ آدمی کوئی ٹھکانہ نہ پائے گا کہ ظلم سے پناہ پکڑے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ میرے خاندان اور میرے اہل بیت سے ایک ایسے آدمی کو بھیجے گا جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ جیسا کہ وہ ظلم وستم سے بھرپور ہوگی۔ اس سے زمین و آسمان والے سب کے سب راضی ہوں گے، جب وہ بارش کی دعا کرے گا تو خوب موسلا دھار بارش ہوگی اور جب وہ زمینی پیداوار کی دعا کرے گا تو زمین پیداوار اگائے گی۔ یہاں تک کہ زندہ لوگ گزرے ہوئے لوگوں کے موجود ہونے کی خواہش کریں گے، وہ ان میں اس حال میں سات سال، آٹھ سال یا نو سال زندہ رہے گا۔"

صحیح مسلم میں حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، اس حال میں کہ ہم باہم مذاکرہ کر رہے تھے۔ سننے والے نے کہا: کس چیز کا مذاکرہ کر رہے تھے؟ فرمایا: ہم آپس میں قیامت کا مذاکرہ کر رہے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو سکتی جب تک تم دس نشانیاں نہ دیکھ لو۔ آپ نے دھویں، دجال، مغرب سے سورج کا طلوع ہونا، عیسیٰ بن مریم کا نزول، یاجوج ماجوج کا نزول، تین طرح کا دھنسنا، ایک مشرق کا، ایک مغرب کا اور ایک جزیرہ عرب کا اور آخر میں ایسی آگ کا یمن

سے نکلنا جو لوگوں کو میدان محشر کی طرف دھکیلے گی۔

قیامت کی وہ علامات جن کے ظہور کے بعد ایمان لانا فائدہ نہ دے گا

صحیح مسلم میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد منقول ہے، تین علامتیں ایسی ہیں کہ جب وہ ظاہر ہوں گی تو اس شخص کو جو پہلے ایمان نہ لایا تھا اس کا ایمان فائدہ نہ دے گا، ”ایک سورج کا مغرب سے طلوع ہونا دوسرا دجال کی آمد اور تیسرا دابۃ الارض کا خروج۔“ ان تینوں میں سے پہلی علامت کے بارے میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک سورج کا مغرب سے طلوع اور بعض کے نزدیک خروج دابہ ہے۔

ابن ابی شیبہ کی روایت میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد منقول ہے:

”ان دونوں علامتوں میں سے جو بھی پہلے ظاہر ہوئی تو دوسری اس کے فوراً بعد ظاہر ہوگی۔“

دابۃ الارض کی حقیقت

دابۃ الارض ساٹھ گز لمبا، پاؤں اور اون والی کھال پر مشتمل جانور ہوگا، ایک قول یہ بھی ہے کہ مختلف جانوروں کے مشابہ ایک مختلف الخلقت جانور ہوگا، صفا کے پہاڑ سے وقوف کی رات برآمد ہوگا اور لوگ منیٰ کی طرف جا چکے ہوں گے اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سرزمین طائف سے برآمد ہوگا اور اس کے پاس موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی، تلاش کرنے والا اس کو پا نہیں سکتا اور بھاگنے والا اس سے بچ نہیں سکتا، مومن کو لاٹھی مارے گا اور اس کے چہرہ پر مومن ہونے کا نشان لگا دے گا اور کافر کو انگوٹھی سے مہر لگائے گا اور اس پر کافر ہونے کا نشان لگا دے گا۔“

دجال کا تذکرہ

صحیح مسلم میں حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: اگر وہ نکل آیا اور میں تم میں موجود ہوا تو میں اس سے مقابلہ کروں گا اور اگر میں موجود نہ ہوا تو ہر آدمی خود ہی اپنے نفس کا ذمہ دار ہے اور اللہ تعالیٰ ہر مسلمان پر نگہبان ہے۔ میں اسے عبدالعزی بن قطن کی طرح خیال کرتا ہوں، تم میں سے جو اسے پائے تو اس کے سامنے سورہ کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے کیونکہ یہ اس کے فتنہ سے حفاظت کرنے والی ہیں۔ وہ شام اور عراق کے درمیانی علاقہ سے نکلے گا اور دائیں اور بائیں ہر طرف فساد برپا کرے گا۔ اے اللہ کے بندو! ثابت قدم رہو۔

ہم نے اس کے زمین میں قیام کی مدت کے بارے میں پوچھا، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چالیس دن۔ اور ایک دن ایک سال جیسا، ایک دن ایک مہینہ جیسا اور ایک دن ہفتہ کی طرح اور اس کے باقی سارے دن تمہارے دنوں کی طرح ہوں گے۔ ہم نے استفسار کیا، جو دن سال کی طرح ہوگا اس میں ایک دن کی نماز ہمارے لئے کافی ہوگی؟ فرمایا: نہیں بلکہ اس کا اندازہ لگاؤ۔ ہم نے کہا: یا رسول اللہ! زمین میں اس کی رفتار کیسی ہوگی؟ فرمایا: اس بارش کی طرح جس کے بعد ہوا چلے۔ پس وہ ایک قوم کے پاس جائے گا، انہیں دعوت دے گا وہ اس پر ایمان لے آئیں گے تو وہ آسمان کو حکم دے گا، آسمان بارش برسائے گا، زمین کھیتی اگائے گی پھر جب شام کو اس قوم کے مویشی واپس آئیں گے تو ان کی کوہان بڑے ہو جائیں گے، تھن بھر جائیں گے اور ان کی کوکھیں تن جائیں گی۔ پھر ایک اور قوم کے پاس آئے گا اور انہیں دعوت دے گا۔ وہ اس کا انکار کردیں گے اور وہ ان کے پاس سے چلا جائے گا (یعنی

اللہ تعالیٰ اس کو اس قوم کی طرف پھیر دے گا) پھر اس قوم کے لوگ قحط و خشک سالی اور تباہ حالی کا شکار ہو جائیں گے یہاں تک کہ وہ مال و اسباب سے بالکل خالی ہاتھ ہو جائیں گے۔ اور اس کے بعد دجال ایک ویرانہ پر سے گزرے گا اور اس کو حکم دے گا کہ وہ اپنے خزانوں کو نکال دے چنانچہ وہ ویرانہ دجال کے حکم کے مطابق اپنے خزانوں کو اگل دے گا اور وہ خزانے اس طرح اس کے پیچھے پیچھے ہو لیں گے جس طرح شہد کی مکھیوں کے سردار ہوتے ہیں۔ پھر دجال ایک شخص کو جو جوانی سے بھرپور یعنی نہایت قوی و توانا اور جوان ہوگا اپنی طرف بلائے گا اور (اس بات سے غصہ ہو کر کہ وہ اس کی الوہیت سے انکار کر دے گا یا محض اپنی طاقت و قدرت ظاہر کرنے اور اپنے غیر معمولی کارناموں کی ابتداء کے لئے) اس پر تلوار کا ایسا ہاتھ مارے گا کہ اس کے دو ٹکڑے ہو جائیں گے جیسا کہ تیر نشانے پر پھینکا جاتا ہے۔ (یعنی اس کے جسم کے وہ دونوں ٹکڑے ایک دوسرے سے اس قدر فاصلہ پر جا گریں گے جتنا فاصلہ تیر چلانے والے اور اس کے نشانے کے درمیان ہوتا ہے۔ اور بعض حضرات نے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ اس کی تلوار کا ہاتھ اس کے جسم پر اس طرح پہنچے گا جس طرح تیر اپنے نشانہ پر پہنچتا ہے) اس کے بعد دجال اس نوجوان (کے جسم کے ان ٹکڑوں) کو ملائے گا چنانچہ وہ زندہ ہو کر دجال کی طرف متوجہ ہوگا اور اس وقت اس کا چہرہ نہایت ہشاش بشاش روشن اور کھلا ہوا ہوگا۔ غرض یہ کہ دجال اسی طرح کی فریب کاریوں اور گمراہ کرنے والے کاموں میں مشغول ہوگا کہ اچانک اللہ تعالیٰ مسیح ابن مریم علیہ السلام کو نازل فرمائے گا جو جامع مسجد دمشق کے مشرقی جانب کے سفید منارہ پر سے اتریں گے۔ اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام زرد رنگ کے دو کپڑے پہنے ہوں گے اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے (آسمان سے نازل ہوں گے

وہ جس وقت اپنا سر جھکائیں گے تو پسینہ ٹپکے گا اور جب سر اٹھائیں گے تو ان کے سر سے چاندی کے دانوں کی مانند قطرے گریں گے جو موتیوں کی طرح ہوں گے، یہ ناممکن ہوگا کہ کسی کافر تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سانس کی ہوا پہنچے اور وہ مرنہ جائے یعنی جو بھی کافر ان کے سانس کی ہوا پائے گا، مرجائے گا) اور ان کے سانس کی ہوا ان کی حد نظر تک جائے گی پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو تلاش کریں گے یہاں تک کہ وہ اس کو باب لُد پر پائیں گے اور قتل کر ڈالیں گے۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس وہ لوگ آئیں گے جن کو اللہ تعالیٰ نے دجال کے مکروفریب اور فتنہ سے محفوظ رکھا ہوگا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان لوگوں کے چہروں سے گرد وغبار صاف کریں گے اور ان کو ان درجات ومراتب کی بشارت دیں گے جو وہ جنت میں پائیں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی حال میں ہوں گے کہ اچانک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے پاس یہ وحی آئے گی کہ میں نے اپنے بہت سے ایسے بندے پیدا کئے ہیں جن سے لڑنے کی قدرت وطاقت کوئی نہیں رکھتا۔ لہٰذا تم میرے بندوں کو جمع کرکے کوہِ طور کی طرف لے جاؤ اور ان کی حفاظت کرو۔ پھر اللہ تعالیٰ یاجوج ماجوج کو ظاہر کرے گا جو ہر بلند زمین کو پھلانگتے ہوئے اتریں گے اور دوڑیں گے۔ (ان کی تعداد اتنی زیادہ ہوگی کہ جب ان کی سب سے پہلی جماعت بحیرہ طبریہ سے گزرے گی تو اس کا سارا پانی پی جائے گی، پھر جب اس جماعت کے بعد آنے والی جماعت وہاں سے گزرے گی تو بحیرہ طبریہ کو خالی دیکھ کر) کہے گی کہ اس میں کبھی پانی تھا۔ اس کے بعد یاجوج ماجوج آگے بڑھیں گے یہاں تک کہ جبل خمر تک پہنچ جائیں گے جو بیت المقدس کا ایک پہاڑ ہے اور ظلم وقتل، غارت گری، اذیت رسانی اور لوگوں کو پکڑنے قید کرنے میں مشغول ہوجائیں گے اور پھر کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں کو ختم کردیا

ہے۔ چلو آسمان والوں کا خاتمہ کر دیں۔ چنانچہ وہ آسمان والوں کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کے تیروں کو خون آلود کر کے لوٹا دے گا تا کہ وہ اس بھرم میں رہیں کہ ہمارے تیر واقعتہً آسمان والوں کا کام تمام کر کے واپس آئے ہیں، گویا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو ڈھیل دی جائے گی) اور یہ احتمال بھی ہے کہ وہ تیر فضا میں پرندوں کو لگیں گے اور ان کے خون سے آلودہ ہو کر واپس آئیں گے، پس اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ دجال کا فتنہ زمین ہی تک محدود نہیں رہے گا بلکہ زمین کے اوپر بھی پھیل جائے گا) اس عرصہ میں خدا کے نبی اور رفقاء یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور اس وقت کے مومن کوہ طور پر روکے رکھے جائیں گے اور ان پر اسباب معیشت کی تنگی وقلت اس درجہ کو پہنچ جائے گی کہ ان کے لئے بیل کا سر تمہارے آج کے سو دیناروں سے بہتر ہوگا (جب یہ حالت ہو جائے گی تو) اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی یاجوج ماجوج کی ہلاکت کے لئے دعا وزاری کریں گے پس اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں میں نغف یعنی کیڑے پڑ جانے کی بیماری بھیجے گا جس سے وہ یک بارگی اس طرح مر جائیں گے جس طرح کوئی ایک شخص مر جاتا ہے (یعنی نغف کی بیماری کی صورت میں ان پر خدا کا قہر اس طرح نازل ہوگا کہ سب کے سب ایک ہی وقت میں موت کے گھاٹ اتر جائیں گے) اللہ کے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی (اس بات سے آگاہ ہو کر) پہاڑ سے زمین پر آئیں گے اور انہیں زمین پر ایک بالشت کا ٹکڑا بھی ایسا نہیں ملے گا، جو یاجوج ماجوج کی چربی اور بدبو سے خالی ہو (اس مصیبت کے دفعیہ کے لئے) حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے تب اللہ تعالیٰ بختی اونٹ کی گردن جیسی لمبی لمبی گردنوں والے پرندوں کو بھیجے گا جو یاجوج ماجوج کی لاشوں کو اٹھا کر جہاں اللہ کی

مرضی ہوگی وہاں پھینک دیں گے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ وہ پرندے ان کی لاشوں کو نہبل میں ڈال دیں گے اور مسلمان یاجوج ماجوج کی کمانوں، تیروں اور ترکشوں کو سات سال تک چلاتے رہیں گے پھر اللہ تعالیٰ ایک زوردار بارش بھیجے گا جس سے کوئی بھی مکان خواہ وہ مٹی کا ہو یا پتھر کا اور خواہ صوف کا ہو، نہیں بچے گا وہ بارش زمین کو دھو کر آئینہ کی مانند صاف کر دے گی پھر زمین کو حکم دیا جائے گا اپنے پھلوں یعنی اپنی پیداوار کو نکال اور اپنی برکت کو واپس لا، چنانچہ اس وقت زمین کی پیداوار اس قدر بابرکت اور بافراط ہوگی کہ دس سے لے کر چالیس آدمیوں تک پوری جماعت ایک انار کے پھل سے سیر ہو جائے گی اور اس انار کے چھلکے سے لوگ سایہ حاصل کریں گے، نیز دودھ میں برکت دی جائے گی (یعنی اونٹ اور بکریوں کے تھنوں میں دودھ بہت ہوگا) یہاں تک کہ دودھ دینے والی ایک اونٹنی لوگوں کی ایک بڑی جماعت کے لئے کافی ہوگی، دودھ دینے والی ایک گائے لوگوں کے ایک قبیلہ کے لیے کافی ہوگی اور دودھ دینے والی ایک بکری آدمیوں کی ایک چھوٹی سی جماعت کے لئے کافی ہوگی۔ بہر حال لوگ اسی طرح خوش حال اور امن و چین کی زندگی گزار رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ایک خوشبودار ہوا بھیجے گا جو ان کی بغل کے نیچے کے حصہ کو پکڑے گی (یعنی اس ہوا کی وجہ سے ان کی بغلوں میں ایک درد پیدا ہوگا) اور پھر وہ ہوا ہر مومن اور ہر مسلمان کی روح کو قبض کر لے گی اور صرف بدکار و شریر لوگ دنیا میں باقی رہ جائیں گے جو آپس میں گدھوں کی طرح مختلط ہو جائیں گے اور ان ہی لوگوں پر قیامت قائم ہوگی۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

مثل لقلبك ايها المغرور ❀ يوم القيامة والسماء تمور
قد كورت شمس النهار وأضعفت ❀ حرا على رأس العباد تفور

و إذا الجبال تقلعت بأصولها ❁ فرأيتها مثل السحاب تسير
و إذا العشار تعطلت عن اهلها ❁ خلت الديار فما بها مغرور
و إذا النجوم تساقطت و تناثرت ❁ و تبدلت بعد الضياء كدور
و إذا الوحوش لدى القيامة أحضرت ❁ و تقول للأملاك أين تسير
فيقال سيروا تشهدون فضائحا ❁ و عجائبا قد أحضرت و أمور
و إذا الجنين بأمه متعلق ❁ خوف الحساب و قلبه مذعور
هذا بلا ذنب يخاف لهوله ❁ كيف المقيم على الذنوب دهور

”اے دھوکہ میں پڑے ہوئے شخص! اپنے دل میں اس دن کا خیال پیدا کر جب قیامِ قیامت ہوگا اور آسمان پھٹ جائے گا، دن کا سورج لپیٹ دیا جائے گا اور گرمی کی وجہ سے لوگوں کے سروں پر گرمی برساتا ہوگا، جب پہاڑ جڑوں سے اکھیڑ دیے جائیں گے اور تو ان کو بادلوں کی طرح چلتا ہوا دیکھے گا، جب دس ماہ کی گابھن اونٹنی اپنے اہل سے جدا ہو جائے گی اور مکانات خالی ہو جائیں گے ان میں کوئی دھوکہ دیا ہوا شخص نہ ہوگا، جب ستارے جھڑ کر گر جائیں گے اور روشنی کے بعد وہ بے نور ہو جائیں گے۔ جب جانور قیامت کے وقت حاضر ہو کر اپنے مالکوں سے کہیں گے کہاں جا رہے ہو؟ وہ کہیں گے چلتے رہو تم عجیب و غریب رسوا کن مناظر دیکھو گے، انہیں اور ان کے اعمال کو حاضر کیا جائے گا، جب پیٹ کا بچہ بھی حساب کے خوف سے ماں سے چمٹا ہوگا اور اس کا دل دہشت زدہ ہوگا یہ تو بغیر گناہ کے اس کے خوف سے کانپ رہا ہے۔ اس کا کیا حال ہوگا؟ جو ساری عمر گناہ کرتا رہا۔“

﴿قیامت کا زلزلہ﴾

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ○ وَ اَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَ وُضِعَ الْكِتَابُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ○ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيَاتِ رَبِّكُمْ وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا قَالُوْا بَلٰى وَ لٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِيْنَ ○ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ○ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ ○ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَ اَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ

أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ ○ وَتَرَى الْمَلَآئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ [الزمر: ٦٨-٧٥]

’’اور صور پھونکا جائے گا تو بے ہوش ہو جائے گا جو کوئی آسمانوں اور جو کوئی زمین میں ہے مگر جسے اللہ چاہے، پھر وہ دوسری دفعہ پھونکا جائے گا تو یکایک وہ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے۔ اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور کتاب رکھ دی جائے گی اور نبی اور گواہ لائے جائیں گے اور ان میں انصاف سے فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور ہر شخص کو جو کچھ اس نے کیا تھا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں۔ اور جو کافر ہیں دوزخ کی طرف گروہ در گروہ ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آئیں گے تو اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس کے درواغہ کہیں گے۔ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تمہیں تمہارے رب کی آیتیں پڑھ کر سناتے تھے اور آج کے دن کے پیش آنے والے سے تمہیں ڈراتے تھے؟ کہیں گے: ہاں! لیکن عذاب کا حکم منکروں پر ہو چکا تھا۔ کہا جائے گا دروزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ اس میں سدار ہو گے، پس وہ تکبر کرنے والوں کے لئے کیسا بُرا ٹھکانہ ہے اور وہ لوگ جو اپنے رب سے ڈرتے رہے، جنت کی طرف گروہ در گروہ لائے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس

کے دروازے کھلے ہوئے ہوں گے اور ان سے اس کے داروغہ کہیں گے: تم پر سلام ہو، تم اچھے لوگ ہو، پس اس میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ۔ اور وہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہمیں اس زمین کا وارث کر دیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں رہیں، پھر کیا خوب بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا۔ اور آپ فرشتوں کو حلقہ باندھے ہوئے عرش کے گرد دیکھیں گے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھ رہے ہیں اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کیا جائے گا اور سب کہیں گے سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔"

حضور ﷺ نے فرمایا: میں کیسے عیش سے رہوں حالانکہ صور پھونکنے والے نے صور تھام رکھا ہے اور کان لگا رکھے ہیں اور پیشانی اٹھا رکھی ہے، اس انتظار میں ہے کہ کب پھونکنے کا حکم ہو اور وہ پھونکے، لوگوں نے کہا ہم کیا کہیں، فرمایا تم کہو، اللہ ہمیں کافی ہے اور بہترین کارساز ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے، فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا لوگوں کو قیامت کے دن ننگے پاؤں، ننگے بدن، بغیر ختنے کی حالت میں جمع کیا جائے گا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا مرد اور عورت ایک دوسرے کو نہ دیکھیں گے۔ فرمایا: اے عائشہ! معاملہ اس سے بہت سخت ہو گا کہ وہ ایک دوسرے کو دیکھیں۔

ترمذی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت منقول ہے۔ فرماتے ہیں:

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کو تین طرح کی حالتوں

میں لایا جائے گا۔ ایک پیدل چلنے والے، دوسرے سوار اور تیسرے منہ کے بل چلنے والے۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ ﷺ! وہ منہ کے بل کیسے چلیں گے؟ فرمایا: جو ذات دنیا میں انہیں پاؤں کے ذریعہ چلانے پر قادر ہے وہ قیامت کے دن ان کے چہروں کے بل چلانے پر بھی قادر ہے اور وہ اپنے چہروں کے ذریعہ کانٹوں اور ٹیلوں سے بچ کر چلیں گے۔

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ سے حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے: قیامت کے دن لوگوں کو رغبت اور خوف کی حالت میں تین طریقوں سے لایا جائے گا۔ ایک اونٹ پر دو سوار، ایک پر تین، ایک پر چار اور ایک اونٹ پر دس سوار ہوں گے اور باقی لوگوں کو آگ جمع کرے گی۔ جہاں وہ قیلولہ کریں یہ ساتھ ہوگی، جہاں وہ رات گزاریں گے یہ بھی ساتھ رات گزارے گی اور صبح کے وقت بھی ان کے ہمراہ اور شام کے وقت بھی ان کے ساتھ ہوگی۔

اسی بارے میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔ اللہ قیامت کے دن زمین کو پکڑے گا اور آسمان کو دائیں ہاتھ میں لپیٹے گا، پھر کہے گا ”میں بادشاہ ہوں! زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟ اسی میں فرمایا: لوگوں کو قیامت کے دن سرخی مائل سفید میدے کی روٹی جیسی زمین پر جمع کیا جائے گا۔

حضرت سہل یا کوئی اور فرماتے ہیں: اس میں کوئی کسی کو سکھانے والا نہ ہوگا۔

ایک صحیح حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد منقول ہے: کہ میت کو ان کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں اس کا انتقال ہوا۔ ایک قول کے مطابق یہاں کپڑوں سے مراد عمل ہے۔ جب کہ حضرت ابو سعید خدری ؓ نے اسے ظاہر پر محمول کیا ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کی ہدایت ہے کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن سورج لوگوں سے ایک میل کے فاصلہ پر ہوگا۔

سلیم بن عامر کہتے ہیں: خدا کی قسم! میں نہیں جانتا کہ میل سے مراد مسافت کا میل ہے یا سرمہ دانی کی لکڑی (جسے عربی میں ''المیل'' کہتے ہیں) مراد ہے۔

قیامت کے دن لوگ اپنے اعمال کے بقدر پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے، بعض ٹخنوں تک، بعض گھٹنوں تک اور بعض کا پسینہ کوکھ تک ہوگا اور بعض کو پسینہ کی لگام پہنائی جائے گی (اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ سے منہ کی طرف اشارہ فرمایا۔)

مسند ابو بکر بزار میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے: کہ پسینہ آدمی کے کھڑے ہونے کی جگہ اس کے ساتھ لاحق ہو جائے گا، یہاں تک کہ وہ کہے گا: اے میرے رب! تیرا مجھے آگ میں ڈال دینا اس حالت سے آسان ہے جو مجھے اب پیش آ رہی ہے۔ حالانکہ وہ جہنم کے عذاب کی شدت کو جانتا ہوگا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں: قیامت کی طرح کا سورج اگر زمین پر طلوع ہو جائے تو زمین کو جلا دے، چٹانوں کو پگھلا دے اور سمندروں کو خشک کر دے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

سات آدمی ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اس دن اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائیں گے جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔ ایک عادل بادشاہ۔ دوسرا وہ جوان جو جوانی میں اللہ کی عبادت کرے۔ تیسرے وہ آدمی جس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہو جب بھی وہ اس سے نکلے تو فوراً ہی واپس آ جائے۔ چوتھے وہ دو آدمی جو آپس

میں اللہ کی خاطر محبت کرتے ہوں اس پر ان کا اجتماع ہو اسی پر جدائی۔ پانچویں وہ آدمی جو اللہ کا ذکر تنہائی میں کرے اور آنسو بہہ نکلیں۔ چھٹے وہ آدمی جسے حسب ونسب والی خوبصورت عورت اپنی طرف متوجہ کرے اور وہ یہ کہہ دے کہ مجھے اللہ کا ڈر مانع ہے۔ ساتویں وہ شخص جو ایسے مخفی طریقہ سے صدقہ کرے کہ بائیں ہاتھ کو بھی معلوم نہ ہو کہ دائیں نے کیا دیا۔

حسن بصریؒ فرماتے ہیں: تمہارا اس دن کے بارے میں کیا خیال ہے؟ جس میں لوگ تقریباً پچاس ہزار سال تک بغیر کھائے پیئے اپنے قدموں پر کھڑے رہیں گے، پیاس کی وجہ سے ان کی گردنیں ٹوٹ جائیں گی اور بھوک کی وجہ سے ان کے پیٹ جل جائیں گے۔ پھر انہیں آگ کی طرف لے جایا جائے گا اور وہ سخت گرم کھولتے ہوئے پانی کے چشمہ کا پانی پیئں گے وہ اتنا گرم ہو گا کہ جب سے جہنم کو پیدا کیا گیا ہے جہنم اسے گرم کر رہی ہے۔

* * *

شفاعت کا حق محمد ﷺ کے ساتھ خاص ہے

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ﴾ [البقرة: ۲۵۵]

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

حضور ﷺ کے پاس گوشت لایا گیا، آپ نے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا اور جتنا تناول کرنا تھا کرلیا، پھر فرمایا: قیامت کے دن میں ساری انسانیت کا سردار ہوں گا اور کیا تم جانتے ہو، یہ کس وجہ سے ہے؟ اللہ تعالیٰ تمام اگلے پچھلے لوگوں کو ایک میدان میں جمع کرے گا انہیں ایک داعی سنائے گا اور انہیں ایک نگاہ دیکھے گی، سورج قریب آجائے گا اور لوگوں کو ایسا غم اور تکلیف پہنچے گی جس کو برداشت کرنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں گے۔ لوگ کہیں گے، کیا تمہیں احساس نہیں کہ تمہیں کیا تکلیف پہنچ رہی ہے اور کیا تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھتے جو تمہارے رب کے ہاں تمہاری سفارش کرے؟ لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے: اپنے باپ آدم علیہ السلام سے کہو! وہ سب آدم علیہ السلام کی پاس آئیں گے اور ان سے کہیں، آپ انسانیت کے باپ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور آپ میں اپنی روح کو پھونکا اور فرشتوں کو حکم دیا انہوں نے آپ کو سجدہ کیا اپنے رب کے ہاں ہماری سفارش کیجئے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہم کس مصیبت اور تکلیف میں ہیں؟ آدم علیہ السلام جواب میں کہیں گے: میرا رب جتنا غضب ناک آج ہے اتنا نہ آج سے پہلے تھا اور نہ آئندہ کبھی ہوگا، اس نے مجھے

درخت کے پاس جانے سے روکا لیکن میں نے اس کی نافرمانی کی (ہائے میری جان، ہائے میری جان، ہائے میری جان) تم میرے علاوہ کسی اور کی طرف لوٹ جاؤ، نوح کی طرف جاؤ! وہ نوح علیہ السلام کے پاس حاضر ہوں گے اور کہیں گے: آپ زمین پر پہلے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو عبدِ شکور کہا ہے۔ کیا آپ ہماری مصیبت اور تکلیف کو نہیں دیکھتے؟ اور کیا آپ ہماری اللہ کے دربار میں سفارش نہیں کر دیتے؟ وہ کہیں گے: اللہ تعالیٰ جتنے غصہ میں آج ہے نہ پہلے کبھی اتنا غضب ناک ہوا نہ آئندہ کبھی ہوگا، میرے ذمے ایک پکار ہے جس سے میں نے اپنی قوم کو بددعا دی تھی۔ ہائے میری جان، ہائے میری جان، ہائے میری جان! کسی اور کے پاس جاؤ، ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ؟ وہ لوگ سارے ابراہیم علیہ السلام کے پاس حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے: آپ اللہ کے نبی ہیں اور اس کے خلیل ہیں اہل زمین میں سے، اللہ کے ہاں ہماری سفارش کر دیں۔ آپ نہیں دیکھتے ہم کس مصیبت اور تکلیف میں ہیں؟ وہ جواب میں فرمائیں گے: اللہ تعالیٰ جتنے غصے میں آج ہے، آج سے پہلے کبھی اتنا غضبناک ہوا نہ آئندہ ہوگا، اور میں نے تو تین جھوٹ بول رکھے ہیں۔ ہائے میرا نفس، ہائے میرا نفس، ہائے میرا نفس! کسی اور کے پاس جاؤ، موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ'' وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور ان سے عرض کریں گے: اے موسیٰ علیہ السلام! آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ نے اپنی رسالت اور کلام کے ذریعہ آپ کو لوگوں پر فضیلت دی ہے۔ اللہ کے ہاں ہماری سفارش کر دیجئے! آپ دیکھتے نہیں ہم کس مصیبت میں ہیں وہ فرمائیں گے: اللہ تعالیٰ جتنا آج کے دن غضب ناک ہے اتنا نہ پہلے کبھی ہوا ہے نہ آئندہ کبھی ہوگا۔ اور میں نے تو ایک ایسے شخص کو قتل کیا ہے جس کے قتل کا مجھے حکم نہ دیا گیا تھا۔ ہائے میرا نفس، ہائے میرا نفس، ہائے میرا نفس! کسی

اور کے پاس جاؤ، عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ حاضر ہوں گے اور کہیں گے: اے عیسیٰ علیہ السلام آپ اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں جو اس نے مریم کی طرف القاء کیا ہے اور اس کی جانب سے روح ہیں اور آپ نے پنگوڑہ میں لوگوں سے بات کی۔ ہماری سفارش کر دیں، آپ دیکھتے نہیں کہ ہم کس مصیبت میں ہیں؟ عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: اللہ تعالیٰ جس قدر غضب ناک آج کے دن ہے آج سے پہلے نہ کبھی ایسا ہوا اور نہ آئندہ کبھی ہوگا۔ یہ کوئی گناہ کا ذکر نہ کریں گے۔ اب لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں گے، ایک روایت میں ہے فرمایا (میرے پاس آئیں گے) اور کہیں گے: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اللہ کے رسول اور خاتم الانبیاء ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی اگلی پچھلی ساری لغزشیں معاف کر دی ہیں، ہمارے حق میں اللہ کے دربار میں سفارش فرما دیجئے، آپ دیکھتے نہیں کہ ہم کس مصیبت اور تکلیف میں ہیں؟ میں چلوں گا اور عرش کے نیچے آ کر سجدہ میں گر جاؤں گا پھر اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد و ثنا مجھ پر کھولی جائے گی جو مجھ سے پہلے کسی کو عطا نہ کی گئی ہوگی، پھر کہا جائے گا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! سر اٹھاؤ، مانگو، عطا کیا جائے گا، سفارش کرو سفارش قبول کی جائے گی۔ میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور کہوں گا: اے میرے رب! میری امت کی بخشش فرما، اے میرے رب! میری امت کی بخشش فرما۔ کہا جائے گا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں تیری امت کے کئی لوگوں کو بغیر حساب و کتاب کے جنت کے دائیں دروازے سے داخل کروں گا اور یہ دوسرے دروازوں میں بھی لوگوں کے ساتھ شریک ہوں گے، پھر فرمایا: خدا کی قسم! جنت کے دو کواڑوں کا درمیانی فاصلہ ایسے ہے جیسے مکہ اور ہجر اور مکہ اور بصرہ کے درمیان ہے۔

ایک اور روایت میں آتا ہے:

میری امت کے ستّر ہزار افراد بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہوگے

اور یہ وہ لوگ ہوں گے جو نہ جادو ٹونہ کرتے ہوں نہ بدفالی کرتے ہوں گے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوں گے۔

صحیح مسلم میں حضرت محمد ﷺ کا ارشاد منقول ہے: ستر ہزار اور ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار ہوں گے۔

صاحب مفاتیح فرماتے ہیں:

توکل کی دو قسمیں ہیں: ایک خاص اور وہ یہ ہے کہ جادو ٹونہ، دوائی کو چھوڑ دے کیونکہ اس کو اس بات پر کامل یقین ہے کہ اس کو صرف وہی نقصان پہنچے گا جو اللہ نے اس کے مقدر میں لکھ دیا ہے اور دوسرے عام سے مراد یہ ہے کہ ہر شخص پر واجب ہے کہ اس بات کو جان لے اللہ کے سوا کوئی موثر نہیں طعام کا سیر کرنا اور دوائی کا شفا دینا صرف اسی کے امر سے ہے اور جس شخص کا یہ اعتقاد ہو تو اس کے لئے علاج معالجہ، جھاڑ پھونک، مال کمانا، تجارت و پیشہ جائز نہیں۔

* * *

﴿قیامت کے دن کا حساب وکتاب﴾

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ○ وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغَاوِيْنَ ○ وَ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ○ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ○ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ○ وَ جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ○﴾ [الشعراء ۹۰ تا ۹۵]

”اور پرہیز گاروں کے لئے جنت قریب لائی جائے گی۔ اور دوزخ سرکشوں کے لئے ظاہر کی جائے گی۔ اور انہیں کہا جائے گا کہاں ہیں جنہیں تم پوجتے تھے، اللہ کے سوا؟ کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا بدلہ دے سکتے ہیں؟ پھر وہ اور سب گمراہ اس میں اوندھے ڈال دیئے جائیں گے اور شیطان کے سارے لشکروں کو بھی۔“

ایک اور جگہ فرمایا:

﴿فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ○ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ○﴾ [الاعراف: ٦-٧]

”پھر ہم ان لوگوں سے ضرور سوال کریں گے جن کے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے اور ان پیغمبروں سے ضرور پوچھیں گے پھر اپنے علم کی بنا پر ان کے سامنے بیان کر دیں گے اور ہم کہیں غیر حاضر نہ تھے۔“

صحیح مسلم میں حضرت شفیق بن عبداللہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں: قیامت کے دن جہنم کو ستر ہزار لگاموں سے باندھ کر لایا جائے گا اور ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوں گے جو اسے کھینچتے ہوں گے۔

صحیح بخاری کی روایت ہے:

قیامت کے دن نوح علیہ السلام کو بلا کر پوچھا جائے گا: آپ نے تبلیغ کردی تھی؟ وہ ہاں میں جواب دیں گے۔ اس پر ان کی امت سے پوچھا جائے گا، کیا انہوں نے تم تک پیغام پہنچا دیا تھا؟ وہ کہیں گے: ''ماء جانا من بشیر و لا نذیر'' (ہمارے پاس نہ کوئی خوش خبری دینے والا آیا اور نہ ڈرانے والا) کہا جائے گا: تیرے گواہ کون ہیں؟ نوح علیہ السلام جواب دیں گے، اور ان کی امت، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پس تمہیں وہاں حاضر کیا جائے گا اور تم گواہی دو گے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے اس آیت مبارکہ کی تلاوت فرمائی:

﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۝﴾ [البقرة: ١٤٣]

''اور اس طرح ہم نے تمہیں درمیانی امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بن جاؤ اور رسول تم پر گواہ بن جائیں۔''

اللہ تعالیٰ کے قول:

﴿وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ﴾

''اے مجرمو! آج کے دن الگ ہو جاؤ۔''

کے بارے میں امام مقاتل فرماتے ہیں: آج کے دن یعنی آخرت میں نیک لوگوں سے الگ ہو جاؤ۔

امام سری رحمۃ اللہ علیہ فرماتی ہیں: یعنی تم سارے علیحدہ اور ایک طرف ہو جاؤ۔"

صحیحین میں حضور اکرم ﷺ کا ارشاد منقول ہے، فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا، اے آدم! کھڑا ہو جا اور جہنم میں جانے والوں کو بھیج۔ وہ کہیں گے: لبیک میں حاضر ہوں ہر طاعت کے لئے حاضر ہوں خیر تیرے ہاتھ میں ہے، جہنم میں جانے والے کتنے ہیں، فرمان ہوگا: ہر ہزار میں نو سو ننانوے، اس موقع پر بچہ بھی بوڑھا ہو جائے گا اور ہر حمل والی عورت حمل گرا دے گی اور لوگوں کو نشہ کی حالت میں دیکھے گا، حالانکہ نشہ نہیں ہوگا بلکہ تیرے رب کا عذاب بہت سخت ہے، لوگ اس بات پر بہت پریشان ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ لوگ کہاں سے ہوں گے؟ فرمایا ننانوے یاجوج ماجوج کے اور ایک تمہارا، لوگوں نے خوشی میں اللہ اکبر کہا، حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اللہ سے امید ہے کہ چوتھائی جنتی تم ہو، اللہ کی قسم! مجھے امید ہے کہ تہائی تم ہو اور اللہ کی قسم! مجھے امید ہے کہ نصف تم ہو، اس موقع پر لوگوں نے پھر اللہ اکبر کہا حضور ﷺ نے فرمایا: اس دن تم لوگوں میں ایسے ہو گے جیسے سیاہ بیل میں سفید بال یا سفید بیل میں سیاہ بال۔

صحیح مسلم کی روایت ہے:

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: اس دن ہر صاحب حق کو اس کا حق ادا کیا جائے گا، یہاں تک کہ بغیر سینگ کی بکری سینگ والی بکری سے بدلہ لے گی۔

امام کلبیؒ فرماتے ہیں:

اللہ عزوجل جانوروں، پرندوں اور درندوں کو حکم دے گا: "مٹی ہو جاؤ" پس وہ سارے مٹی میں مل کر مٹی ہو جائیں گے اس موقع پر کافر تمنا کرے گا: "یلیتنی کنت ترابا" ہائے کاش! میں بھی مٹی ہو جاتا۔

جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَ یَقُوْلُ الْکَافِرُ یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا﴾ [النساء:: ٤٠]

ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی روایت امام ترمذی نے نقل کی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن آدمی کے قدم اس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہٹ سکتے جب تک چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ کر لیا جائے، عمر کے بارے میں کہ وہ کس کام میں لگائی، جسم کے بارے میں اسے کہاں خرچ کیا، علم کے بارے میں اس پر کیا عمل کیا اور مال کے بارے میں کہاں سے کمایا تھا کہاں لگایا؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

ایک دن ہم رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھے تھے کہ آپ یکایک ہنسنے لگے اور پھر فرمایا: کیا تم جانتے ہو میں کیوں ہنس رہا ہوں؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا: میں قیامت کے دن بندہ اور خدا کے درمیان روبرو گفتگو ہونے کا خیال کر کے ہنس رہا ہوں اس دن بندہ کہے گا: کہ اے میرے پروردگار! کیا تو نے مجھ کو ظلم سے پناہ نہیں دی ہے، آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہاں تجھ کو میں نے ہی پناہ دی ہے اور میں بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔ بندہ کہے گا: میں چاہتا ہوں کہ میرے بارے میں گواہی دینے والا مجھ ہی میں سے ہو۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آج کے دن تیرے لئے تیری ذات کی گواہی کافی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پھر بندہ کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی پھر اس کے بعد اس کے تمام اعضاء کو بولنے کا حکم دیا جائے گا چنانچہ اس کے اعضاء اس کے اعمال کو بیان کریں گے پھر اس بندہ اور اس کے کلام کے درمیان سے پردہ اٹھایا جائے گا وہ اپنے جسم سے کہے گا: دور رہو بدبختو! اور ہلاک نہ ہو میں تمہاری ہی

وجہ سے اور تمہاری ہی نجات کی خاطر لڑ رہا تھا۔

بخاری و مسلم میں حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے ارشادِ نبوی منقول ہے: تم میں سے ہر شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ اسطرح بات کرے گا کہ درمیان میں کوئی ترجمان نہ ہوگا، وہ آدمی اپنے دائیں دیکھے گا تو اس کے اعمال ہوں گے، بائیں دیکھے گا تو وہاں بھی اعمال ہوں گے اور سامنے صرف آگ ہوگی، لہٰذا آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا دے کر ہی ہو۔

صحیحین میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتی ہیں: جس کا حساب لیا گیا تو وہ عذاب دیا جائے گا۔ میں نے عرض کیا! کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا: ''فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا'' (عنقریب آسان حساب لیا جائے گا۔) فرمایا: یہ حساب تو صرف پیشی کا نام ہے جس شخص کو حساب و کتاب میں لگا دیا وہ تو عذاب والوں میں سے ہی ہوگا۔

اللہ آپ پر رحم کرے، اس وقت کو سوچیں جب آپ کا رب آپ سے ہر چھوٹی بڑی، قیمتی، معمولی اور ہلکی وزنی چیز کے بارے میں بغیر واسطہ کے سوال کرے گا اور فرشتہ کے اس قول کو بھی یاد رکھیں: اے فلاں! میدانِ محشر کی طرف چل۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاس ایک فرشتہ ایسا ہے کہ اس کی آنکھوں کا درمیانی فاصلہ ایک سو سال کی مسافت ہے۔ تیرا اس فرشتے کے جسم کے بارے میں کیا خیال ہے؟ جب اس طرح کے فرشتے تیرے پاس آئیں گے کہ تجھے پیشی کی جگہ لے جائیں تو تیرے اعضاء کانپ رہے ہوں گے، تیرا جسم لرز رہا ہوگا، تو جہنم میں گر جانے کو، اپنی بداعمالیوں کے اللہ کے سامنے پیش کیے جانے پر ترجیح دے گا۔ تیرا نفس موکل فرشتوں کے ہاتھوں سے نکلنا چاہے گا یہاں تک کہ وہ تجھے اللہ کے عرش کے

پاس لے آئیں گے اور تجھے پھینک دیں گے۔ اللہ رب العزت اپنے عظیم کلام سے پکارے گا: اے ابن آدم! قریب ہو جا تو قریب ہوگا بجھے ہوئے غمگین اور پریشان دل کے ساتھ، کھلی ہوئی شرم سار نگاہوں کے ساتھ اور تجھے تیرا وہ اعمال نامہ دیا جائے گا جس نے نہ کوئی چھوٹا عمل چھوڑا نہ بڑا مگر یہ کہ اس کو محفوظ کیا، پس میں نہیں سمجھتا کہ تو کن قدموں سے کھڑا ہوگا، کس زبان سے سمجھے گا، کس دماغ سے اپنی بات کو سمجھے گا اور تو اس وقت کیا جواب دے؟ جب اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تجھے مجھ سے شرم نہ آئی؟ اور تو یہ گمان کرتا رہا کہ میں تجھے نہیں دیکھ رہا ہوں۔

حضرت فضیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

میں یہ نہیں چاہتا کہ میں کوئی مقرب فرشتہ، کوئی نبی، رسول یا کوئی نیک بندہ ہوتا، کیونکہ قیامت کے دن ان کو بھی جزا وغیرہ دی جائے گی۔ تو میں تو چاہتا ہوں کہ میں پیدا ہی نہ ہوتا۔

مثل و قوفك يوم الحشر عريانا ۞ مستضعفا اقلن الاحشاء حيرانا
النار تزفر من غيظ و من حنق ۞ على العصاة و تلقى الرب غضبانا
اقراء كتابك يا عبدى على همل ۞ وانظر اليه ترى هل كان ما كان
لما قرات كتابا لا يغادر لى ۞ حرفا و ما كان فى سرّ و اعلاناً
قال الجليل خذوه ياملائكتى ۞ مروا بعبدى الى النيران عطشانا
يا رب لا تحزنا يوم الحساب ولا ۞ تجعل لنارك فينا اليوم سلطاناً

”تیرا قیامت کے دن ننگے بدن، ناتواں اور لاغری کی حالت میں حیران کھڑا ہونا، جب کہ جہنم شدت سے چیخ رہی ہوگی اور نافرمانوں پر چڑھ رہی ہوں گی، تجھے اپنے رب سے اس کی غصہ کی حالت میں ملنا

ہوگا۔ (وہ کہے گا) اے میرے بندے! اپنے اعمال نامہ کو پڑھ لے اس میں دیکھ کہ وہی ہے جو ہوا تھا۔ جب میں اپنی کتاب پڑھوں گا تو اس میں نہ کوئی حرف چھوڑا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ حکم دے گا اے میرے فرشتو! اسے پکڑ لو اور آگ کے پاس پیاس کی حالت میں لے جاؤ۔ اے میرے رب! ہمیں قیامت کے دن غمگین نہ کر اور جہنم کو ہمارے اوپر سلطان نہ بنا۔"

* * *

﴿اعمال کا ترازو﴾

اللہ رب العزت فرماتے ہیں:

﴿اَلْقَارِعَةُ ○ مَا الْقَارِعَةُ ○ وَمَا اَدْرٰكَ مَا الْقَارِعَةُ ○ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ○ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ○ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ○ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ○ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ○ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ○ وَمَا اَدْرٰكَ مَا هِيَهْ ○ نَارٌ حَامِيَةٌ ○﴾[القارعة: ۱۔ ۱۰]

''کھڑکھڑانے والی، کیا ہے کھڑکھڑانے والی؟ جس دن لوگ بکھرے ہوئے پتنگوں کی طرح ہوں گے اور پہاڑ دھنی ہوئی رنگیں اون کی طرح ہوں گے، جس کے اعمال وزنی ہو جائیں گے وہ خوش گوار زندگی میں ہوگا جس کے اعمال ہلکے ہو جائیں گے تو اس کا ٹھکانہ ہاویہ ہے تمہیں کیا معلوم وہ کیا ہے؟ وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔''

ابوبکر بزار ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

ترازو پر ایک فرشتہ مقرر ہے۔ ابن آدم کو لایا جائے گا اور اسے ترازو کے پلڑوں کے درمیان کھڑا کیا جائے گا، اگر اس کے اعمال کے ترازو کا پلڑا جھک گیا تو ایک فرشتہ اونچی آواز سے اعلان کرے گا، جسے ساری مخلوق سنے گی، فلاں کامیاب و نیک بخت ہوگیا اور اب کبھی نامراد نہ ہوگا۔ ورنہ کہا جائے گا کہ فلاں بدبخت ہوگیا

اور اب وہ کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا۔

سنن ابو داوٗد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت منقول ہے: کہ ایک مرتبہ انہوں نے جہنم کو یاد کیا اور رونے لگیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رونے کا سبب پوچھا تو عرض کیا: میں جہنم کو یاد کرکے رونے لگی، کیا آپ لوگ قیامت کے دن اپنے گھر والوں کو یاد رکھیں گے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین جگہوں میں کوئی کسی کو یاد نہ کرے گا، ایک ترازو کے پاس یہاں تک کہ اسے معلوم نہ ہوجائے کہ اس کا ترازو جھکے گا یا ہلکا ہوگا۔ اور اعمال نامہ کے ملنے کے وقت جب یہ کہا جائے گا آؤ میرا اعمال نامہ پڑھ لو، یہاں تک کہ وہ جان لے کہ اعمال نامہ دائیں ہاتھ دیا جائے گا، یا بائیں میں، یا پشت کے پیچھے سے۔ اور پل صراط کے وقت، جب اس کے دونوں طرف جہنم ہوگی۔

الوسیط میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے۔ ”قیامت کے دن اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام سے تین سوال کرے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدمؑ! کیا میں نے جھوٹے پر لعنت نہ کی تھی یا میں نے جھوٹ کو ناپسندیدہ نہ قرار دیا تھا اور وعدہ خلافی کو مبغوض نہ ٹھہرایا تھا اور میں نے وعدہ کیا تھا کہ میں آج کے دن تیری ساری اولاد پر رحم کروں گا اس عذاب کی شدت میں جوان کے لئے تیار کیا ہے، لیکن میرا یہ قول بھی تو حق ہے کہ اگر میرے رسولوں کی تکذیب کی گئی یا میرے حکم کی نافرمانی کی گئی تو میں جنوں اور انسانوں سے جہنم کو بھردوں گا۔ اللہ عزوجل فرمائیں گے: اے آدم جان لے! میں تیری اولاد میں کسی کو اس وقت تک جہنم میں نہ ڈالوں گا یا اس وقت تک عذاب نہ دوں گا جب تک تو میرے علم سے یہ نہ جان لے کہ اگر میں اسے دنیا کی طرف دوبارہ لوٹا بھی دوں تب بھی یہ پہلے سے زیادہ برے اعمال کرے گا اور نہ رجوع کرے گا نہ توبہ۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے

تجھے اپنے اور تیری اولاد کے درمیان ثالث بنا دیا ہے تو ترازو کے پاس کھڑا ہو جا اور اپنے سامنے ان کے اعمال دیکھ لے جس کی ایک ذرہ کے برابر نیکی بھی برائی پر غالب ہو تو اس کے لئے جنت ہے یہاں تک کہ تو جان لے کہ میں جہنم میں صرف اس کو داخل کروں گا جو ظالم ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا: تم جانتے ہو، مفلس اور نادار شخص کون ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: ہمارے نزدیک مفلس وہ ہے جو مال و متاع سے محروم ہو۔ پھر فرمایا: میری امت کا مفلس اور نادار شخص وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوۃ لے کر آئے گا لیکن پھر وہ شخص آئے گا جس کو گالی دی ہوگی، جس پر تہمت لگائی ہوگی، جس کا مال کھایا ہوگا، جس کا خون بہایا ہوگا اور جس کو مارا ہوگا۔ پس اس کی نیکیاں لے لی جائیں گی اور مظلوم کو دی جائیں گی۔ جب اس کی خطاؤں کے پورا ہونے سے پہلے اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو ان مظلوموں کے گناہوں کو اس کے ذمہ ڈال کر اسے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن سب سے پہلے خون کا حساب لیا جائے گا۔

معالم التنزیل میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول منقول ہے: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اگلے پچھلے تمام لوگوں کو جمع کرے گا پھر ایک منادی اعلان کرے گا: اے لوگو! جو کسی ظلم کا مطالبہ کرنا چاہے تو اپنے حق کو آ کر لے لے، تو ہر آدمی خوش ہوگا جس کا اس کے والدین، اولاد، بیوی یا بھائی پر کوئی حق ہوگا اور وہ اس کو لے گا خواہ وہ چھوٹا ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کے اس قول کا مصداق بھی یہی ہے۔

﴿فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَاءَلُونَ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ○ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ○﴾

[المومنون: ۱۰۱-۱۰۳]

”جب صور پھونکا جائے گا تو نہ ان کی آپس کی رشتہ داریاں رہیں گی اور نہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے، جن کے اعمال وزنی ہوں گے تو وہ کامیاب ہو جائیں گے اور جن کے وزن ہلکے ہوں گے تو وہ لوگ وہی ہیں جنہوں نے اپنے نفسوں کا نقصان کیا یہ جہنم میں ہمیشہ ہی رہیں گے۔“

اور ایک بندہ کو لایا جائے گا پھر ایک اعلان کرنے والا پکارے گا جسے سب لوگ سنیں گے، یہ فلاں بن فلاں ہے جس کے لئے اس پر کوئی حق لازم ہو تو وہ آ کر اپنا حق لے لے۔ پھر کہا جائے گا ان کے حق دے دے وہ کہے گا۔ اے اللہ! میں کہاں سے دوں، دنیا تو ختم ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ فرشتوں سے کہے گا: کہ اس کے نیک اعمال کو دیکھو اور صاحب حق کو ان میں سے دو، جب اس کے لئے ایک ذرہ کے برابر نیکی باقی رہے گی تو فرشتے کہیں گے یا اللہ اس کے لئے تو صرف ایک ذرہ برابر نیکی باقی بچی ہے۔ اللہ تعالیٰ حکم فرمائیں گے، اس نیکی کو میرے بندہ کے لئے دگنا کردو اور اسے میری رحمت کے فضل سے جنت میں داخل کردو۔ اور اس کا مصداق اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِن تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا﴾

[النساء: ٤٠]

”اللہ تعالیٰ ذرہ کے برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر نیکی ہو تو اسے دوگنا کرتا ہے۔“

اور اگر آدمی بدبخت ہو تو فرشتے کہیں گے: اے ہمارے معبود نیکیاں ختم ہوگئیں اور اس کا مطالبہ کرنے والے باقی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ان کی برائیاں لے لو اور اس کی برائیوں میں ڈال دو پھر اسے گھسیٹ کر جہنم میں پھینک دو۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے اور اس کے راوی حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ ہیں۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کے سامنے میری امت سے ایک آدمی کو چنے گا اور اس کے سامنے اعمال کے ننانوے دفتر کھولے گا اور ہر دفتر حد نگاہ تک پھیلا ہوا ہوگا پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ کیا تو ان میں سے کسی کا انکار کرتا ہے؟ کیا لکھنے والوں نے تجھ پر کوئی ظلم کیا ہے؟ وہ جواب دے گا: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اپنا عذر بیان کر۔ وہ کہے گا: کوئی عذر نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ہمارے پاس تیری ایک نیکی ہے اور آج کے دن تجھ پر کوئی ظلم نہ ہوگا تو ایک کاغذ کا ٹکڑا نکالا جائے گا جس پر لکھا ہوگا ”اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا رسول اللہ“ اللہ پاک فرمائیں گے: اسے تلوا لے۔ وہ کہے گا: اے اللہ! ان دفتروں کے مقابلہ میں یہ کاغذ کا ٹکڑا کیا کام دے گا؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آج کے دن تجھ پر ظلم نہ کیا جائے گا پھر ایک پلڑے میں ان تمام دفتروں کو رکھا جائے گا اور دوسرے پلڑے میں اس کاغذ کے ٹکڑے کو رکھا جائے گا تو وہ ننانوے دفتر میں اڑنے لگیں گے اور کاغذ کا ٹکڑا جھک جائے گا۔ فرمایا ”اللہ کے نام سے وزنی کوئی چیز نہیں۔“

یعنی جس کے ساتھ اللہ کا نام ہو کوئی گناہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ بلکہ اللہ کا ذکر گناہوں پر غالب آجائے گا۔

اللہ تجھ پر رحم کرے............ اپنے اعمال کے ترازو کو یاد رکھ اور اپنے نقصان

سے ڈرا اور یقین رکھ کہ جس کا کوئی گناہ نہ ہو اس کے لئے جنت ہے اور جس کے پاس کوئی نیکی نہ ہو اس کے لئے جہنم ہے اور جس کا معاملہ مخلوط ہو تو اس کا فیصلہ ترازو کے ذریعہ ہوگا۔ اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو اور اس کے بندوں پر ان کے مالوں کو چھین کر، ان کی عزتوں کو لوٹ کر، ان کے دلوں کو پریشان کر کے، ان کے ساتھ رہن سہن میں برا سلوک کر کے ظلم سے بچو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے بندہ کا جو تعلق ہے مغفرت اس سے کہیں بڑھ کر ہے۔ جب مظلوم ایسے ظالم سے مطالبہ کرے گا جو توبہ کر چکا ہو اور اس گناہ کو چھوڑ چکا ہو اور دوبارہ اس کو نہ کیا ہو اور اس کو حلال نہ سمجھا ہو تو اللہ مظلوم سے کہیں گے سر اٹھا، وہ سر اٹھائے گا تو سامنے ایک عظیم الشان محل ہوگا جو چمکتا ہوگا۔ وہ کہے گا: یا اللہ! یہ کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: یہ بیچنے کے لئے ہے اسے مجھ سے خرید لے۔" وہ کہے گا: میرے پاس تو اس کی قیمت نہیں ہے۔ حکم ہوگا: اپنے بھائی کے ظلم کو معاف کر دے تو یہ محل تیرا ہے وہ کہے گا: اے میرے رب! میں نے ایسا کر دیا۔

جب حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ کا آخری وقت آیا تو رونے لگے۔ ان کے بیٹے نے رونے کا سبب دریافت کیا۔ تو فرمایا: میں دنیا اور اس کی نعمتوں کی جدائی پر نہیں رو رہا بلکہ میں تو اپنے آگے آنی والی لمبی مسافت، خوفناک دشت، دشوار گزار گھاٹی، تھوڑے توشے اور بھاری بوجھ پر رو رہا ہوں اور میں نہیں جانتا کہ مقصود تک پہنچنے سے پہلے یہ بوجھ مجھ سے گر جائے گا یا میں جہنم میں گرنے تک اسے اٹھائے رکھوں گا اس لئے میں رو دیا، یہ فرمایا اور حکیم لقمانؒ کا انتقال ہو گیا............

ارانی اذا حدثت نفسی بتوبة ❀ تعرض لی من دون ذلک عائق
تقضت حیاتی فی اشتغال و غفلة ❀ و اعمال سوء کلها لا توافق
طردت وغیری بالصلاح مقرب ❀ و دون بلوغی مسلک متضایق

وكيف وزلات المسيء كثيرة ❁ ايقرب عبد من مواليه ابق
الى اللّٰه اشكو قلب سوء قد احتوى ❁ عليه الهوى واستا صلته العلائق
ولي حزن يزداد في كل لحظة ❁ و دمع جنوني للبكاء يسابق
فان تغفر الذنب الذى قداتيته ❁ فذاك رجائي والظنون توافق
علامة مايولي من الفضل ان انا ❁ هجرت لدنا او قلت انك طالق
هنالك يبدو كل سرّ معظم ❁ لعيني و تغشاني هناك الحقائق

”میں اپنے نفس کو دیکھتا ہوں کہ جب بھی یہ توبہ کا ارادہ کرتا ہے تو توبہ کرنے سے پہلے رکاوٹیں پیش آجاتی ہیں۔ میری زندگی مشغولیت، غفلت، برے اعمال اور ناموافق حرکتوں میں گزر گئی۔ مجھے دھتکار دیا گیا اور دوسرے لوگ درستگی کی وجہ سے قریب ہوگئے اور میرے منزل تک پہنچنے سے پہلے تنگ راستہ ہے۔ اور اس گناہ گار کی لغزشیں ہی بہت زیادہ ہیں کیا کبھی بھاگنے والا غلام بھی آقا کے قریب ہوسکتا ہے؟ میں اپنے برے دل کا اللہ سے شکوہ کرتا ہوں جس پر خواہشات مسلط ہوچکی ہیں۔ اور اسے تعلقات نے جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے اور میرا غم ہر لحظہ بڑھتا رہتا ہے، اور میری پلکوں کے آنسو رونے کی وجہ سے اس پر سبقت لے گئے ہی۔ اگر تو وہ گناہ معاف کردے جو میں نے کئے ہیں تو یہی میری امید ہے اور گمان کی تو موافقت کرتا ہے۔ تیرے عطا کردہ فضل کی علامت یہ ہوگی کہ میں دنیا کو چھوڑ دوں یا اسے کہوں کہ میں نے تجھے طلاق دے دی۔ تب ہی تو ہر عظیم راز منکشف ہوگا اور تب ہی حقائق مجھے ڈھانپ لیں گے۔“

﴿پل صراط اور حوضِ کوثر﴾

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا○ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ أَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا○ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا○ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا○ ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظَّالِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا﴾ [مریم ٦٨-٧٢]

''سو تیرے رب کی قسم ہے ہم انہیں اور ان کے شیطانوں کو ضرور جمع کریں گے پھر ہم انہیں گھٹنوں پر گرے ہوئے دوزخ کے گرد حاضر کریں گے پھر ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو الگ کرلیں گے جو اللہ سے بہت ہی سرکش تھے پھر ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ مستحق ہیں اور تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کا اس پر گزر نہ ہو یہ تیرے رب پر لازم مقرر کیا ہوا ہے پھر ہم انہیں بچالیں گے جو ڈرتے ہیں اور ان ظالموں کو اس میں گھٹنوں پر گرے ہوئے چھوڑ دیں گے۔''

آیتِ مبارکہ میں آنے والے لفظ ''وارد'' کی تفسیر میں اختلاف ہے۔ ایک قول کے مطابق جہنم میں دخول مراد ہے، اس حال میں کہ وہ بجھی ہوئی ہوگی، مومنین

اس کو عبور کرلیں گے اور کافر اس میں رہ جائیں گے۔ ایک دوسرے قول کے مطابق پل صراط کو عبور کرنا مراد ہے کیونکہ پل جہنم کے اوپر بنایا گیا ہے، امام نوویؒ نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

پل صراط کی کیفیت وحالت

صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ ؓ یا حضرت حذیفہ ؓ کی روایت میں شفاعت کی حدیث کے بعد (جس میں لوگ حضور ﷺ سے شفاعت کی فریاد کریں گے) فرمایا گیا ہے کہ اس سے مراد قیامت کے دن کھڑے ہونے کی جگہ سے آگے بڑھنا اور بندوں کے درمیان ہونے والا فیصلہ مراد ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: لوگ حضرت محمد ﷺ کے پاس حاضر ہوں گے، آپ کھڑے ہو جائیں گے اور آپ کو اجازت دے دی جائے گی، آپ امانت داری و رحم کو قاصد بنا کر بھیجیں گے یہ دونوں پل صراط کے دائیں بائیں کھڑے ہو جائیں گے، سب سے پہلا آدمی بجلی کی طرح، اس کے بعد والا ہوا کی طرح، اس کے بعد والا پرندہ کی طرح گزرے گا اور سب سے زیادہ اعمال والا زیادہ تیز چلنے والا ہوگا اور تمہارے نبی محمد ﷺ پل صراط پر کھڑے ہوں گے اور فرما رہے ہوں گے ''یا ربّ سلِّم یا رب سلِّم'' یہاں تک کہ ایک ایسا آدمی آئے گا جو گھسٹ کر چل رہا ہوگا۔ فرمایا: پل صراط کے دونوں طرف بہت سے آنکڑے لٹکے ہوں گے جو ان لوگوں کو پکڑیں گے جن کا ان کو حکم ہوگا، پار کرلینے والے کامیاب اور گر جانے والے جہنمی ہوں گے، اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ میں ابوہریرہ ؓ کی جان ہے جہنم کی گہرائی ستر سال کی مسافت ہے۔

جہنم کی گہرائی کی مقدار ایک دوسری حدیث سے معلوم ہوتی ہے کہ اگر ایک بہت بڑی چٹان جہنم کے دہانے سے اس کے اندر پھینکی جائے تو اسے تہہ تک پہنچنے میں

ستر سال کا عرصہ درکار ہوگا۔ (مسلم)

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد منقول ہے:

"ایمان والے دوزخ سے بچا لیے جائیں گے تو ان سے جہنم اور جنت کے درمیان ایک قطار میں حساب و کتاب ہوگا اور دنیا میں کیے گئے ظلموں کا بدلہ لیا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ عذاب سہہ لیں گے اور پاک صاف ہو جائیں گے تو انہیں جنت میں داخلہ کی اجازت مل جائے گی۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے ان کا جنت کے ٹھکانہ کو پہچاننا دنیا کے مکانات کی پہچان سے بھی زیادہ ہوگا۔" [بخاری]

پل صراط کے خوف سے اسلاف کی حالت

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"مومن کے دل کو اس وقت تک اطمینان نہ ہوگا اور اس کا خوف اس وقت تک دور نہ ہوگا جب تک جہنم کے پل صراط کو پیچھے نہ چھوڑ دے۔"

ابو میسرہ رضی اللہ عنہ جب اپنے بستر کی طرف آتے تو یہ ارشاد فرماتے: کاش میری ماں نے مجھے جنا ہی نہ ہوتا، پھر وہ روتے۔ کسی نے رونے کا سبب پوچھا فرمایا: ہمیں بتایا گیا کہ ہم جہنم سے گزریں گے معلوم نہیں اس سے پار ہو سکیں گے یا نہیں۔

عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ روئے اور فرمایا:

ایک آیت ہے جس میں میرے رب نے مجھے آگاہ کیا ہے کہ میں جہنم پر سے گزروں گا اور یہ نہیں بتایا کہ میں پار بھی کر سکوں گا یا نہیں، اس بات نے مجھے رلا دیا۔"

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں:

''مومن غمگین کیوں نہ ہو، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اسے بتایا کہ وہ جہنم سے گزرے گا اور یہ نہیں بتایا کہ وہ آگے نکل سکے گا یا نہیں۔''

حوضِ کوثر اور اس سے محروم ہونے والے لوگ

مسلم بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ایک دن حضور اقدس ﷺ ہمارے درمیان تشریف فرما تھے کہ اچانک ان پر غشی طاری ہوئی پھر آپ نے مسکراتے ہوئے اپنا سر اٹھایا، ہم نے مسکرانے کی وجہ پوچھی تو فرمایا: مجھ پر ابھی یہ سورت نازل ہوئی ہے پھر سورہ کوثر کی تلاوت کی اور فرمایا: تم جانتے ہو کہ کوثر کیا ہے؟ ہم نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا: وہ ایک نہر ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا ہے، اس میں خیر کثیر ہے وہ ایک حوض ہے جس پر میری امت پانی پینے قیامت کے دن آئے گی، اس کے آب خورے ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے، بعض بندے اس سے روک لئے جائیں گے میں عرض کروں گا، اے میرے رب! یہ میری امت میں سے ہیں، اللہ پاک فرمائیں گے: ''تو نہیں جانتا انہوں نے تیرے بعد کیا کیا؟'' یہ لوگ یا تو مرتد ہوں گے یا نافرمان۔ [مسلم]

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی روایت منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ہر نبی کے لئے ایک حوض ہوگا اور وہ اس پر آنے والوں کی زیادتی پر فخر کریں گے اور مجھے امید ہے کہ سب سے زیادہ لوگ میرے حوض پر آئیں گے۔ [ترمذی]

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

''میں حوضِ کوثر پر تمہارا استقبال کروں گا، جو میرے پاس سے گزرے گا وہ

پیئے گا اور جو ایک مرتبہ پیئے گا اسے کبھی پیاس نہ لگے گی اس پر چند ایک قومیں ایسی آئیں گی کہ میں انہیں جانتا ہوں گا اور وہ مجھے پہچانتے ہوں گے لیکن ہمارے درمیان رکاوٹ ڈال دی جائے گی۔'' [بخاری]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اس روایت میں یہ اضافہ نقل کیا ہے۔ میں کہوں گا: یہ میری امت میں سے ہیں، مجھے جواب ملے گا آپ نہیں جانتے انہوں نے آپ کے بعد کیا کچھ کیا۔ میں کہوں گا: اس شخص کے لئے ہلاکت ہو جس نے میرے بعد دین کو تبدیل کر دیا۔

اس سلسلہ میں یہ بات بھی ذہن میں رکھیں کہ حوضِ کوثر کا پانی پینا حساب و کتاب سے فراغت اور جہنم سے چھٹکارے کے بعد ہوگا اور جو بھی آئیں اور گزریں گے وہ سب پانی پئیں گے۔ روکے تو وہ لوگ جائیں گے جنہیں گزرنے اور آنے سے دھتکار دیا جائے گا اور جو لوگ محروم کئے جارہے ہیں وہ مرتد ہیں کیونکہ آپ علیہ السلام نافرمانوں کے لئے بھی سفارش کریں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے:

''میں حوضِ کوثر کے پاس کھڑا ہوں گا کہ اچانک ایک جماعت آئے گی، جب میں انہیں پہچانوں گا تو ہمارے درمیان ایک آدمی آئے گا اور کہے گا: انہیں لے چلو! میں کہوں گا: کہاں لے جا رہے ہو؟ وہ کہے گا: جہنم کی طرف۔ میں وجہ پوچھوں گا: تو کہے گا کہ یہ آپ کے بعد مرتد ہو گئے تھے اور الٹے پاؤں پھر گئے تھے پھر ایک اور جماعت آئے گی میں انہیں بھی پہچان لوں گا تو ایک آدمی ہمارے درمیان حائل ہو جائے گا اور وہ ان کو بھی جہنم میں لے جانے کا کہے گا اور میرے وجہ دریافت کرنے پر کہے گا: یہ آپ کے بعد الٹے پاؤں پھر گئے تھے یہاں تک کہ میں دیکھوں گا کہ کوئی

نہ بچا سوائے بکری کے گرے پڑے بچوں کی طرح۔“ [صحیح بخاری]

آخری جملہ سے معلوم ہوا کہ یہ سب کافر نہ ہوں گے بلکہ ان میں بعض نافرمان اور گناہ گار لوگ بھی ہوں گے۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں:

”ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ ایک قبرستان میں تشریف لائے اور فرمایا: اے مومنین کی قوم! تم پر سلامتی ہو، اگر اللہ نے چاہا تو تم سے ملنے والے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ میں اپنے بھائیوں کو دیکھوں، عرض کیا گیا: کیا ہم آپ کے بھائی نہیں؟ فرمایا: تم تو میرے صحابی ہو، میرے بھائی تو وہ ہیں جو میرے بعد آئیں گے۔ کسی نے پوچھا: آپ بعد میں آنے والوں کو کیسے پہچانیں گے؟ فرمایا: اگر ایک آدمی کے پاس سفید پیشانی والا گھوڑا ہو اور اس کے ساتھ سیاہ گھوڑا ہو تو وہ اپنے گھوڑے کو نہ پہچانے گا؟ لوگوں نے کہا: کیوں نہیں، فرمایا: میری امت کے لوگ وضو کی وجہ سے سفید روشن پیشانیوں کے ساتھ آئیں گے اور میں حوض پر ان کا استقبال کروں گا مگر یہ کہ چند لوگ میرے حوض سے یوں دھتکار دیے جائیں گے جیسے گمشدہ اونٹ کو دھتکار دیا جاتا ہے میں انہیں پکاروں گا، آجاؤ، آجاؤ، لیکن کہا جائے گا: انہوں نے آپ کے بعد دین کو بدل دیا تھا، میں کہوں گا: دور رہو، دور رہو۔“ [مسلم]

حوضِ کوثر کی وسعت اور عمدگی

حضرت ثوبان ؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

میرے حوض کا درمیانی فاصلہ مقام عدن سے لے کر مقام عمان البلقاء تک ہے۔ اس کا پانی دودھ سے سفید اور شہد سے زیادہ شیریں ہے، اس کے برتنوں کی تعداد آسمان کے تاروں کی مانند ہے، جو ایک مرتبہ پیئے گا اسے دوبارہ پیاس نہ لگے

گی، اس پر سب سے پہلے آنے والے وہ لوگ ہوں گے جو فقراء مہاجرین تھے، ان کے سر پراگندہ اور کپڑے میلے ہوں گے جو اعلیٰ قسم کی عورتوں سے شادیاں نہیں کر سکتے تھے اور ان کے لئے دروازے نہیں کھولے جاتے تھے۔ [ترمذی]

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو سن کر فرمایا:

''لیکن میں نے تو اعلیٰ عورتوں سے شادی کی ہے اور میرے لئے دروازے کھولے جاتے ہیں میں نے فاطمۃ بنت عبدالملک سے شادی کی ہے، ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ میں اپنا سر نہ دھوؤں، یہاں تک کہ وہ پراگندہ ہو جائے اور جسم کے ساتھ لگے ہوئے کپڑے (بنیان وغیرہ) نہ دھوؤں یہاں تک کہ وہ میلی ہو جائے۔''

ابن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے:

''اے اللہ! ہم اس بات سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم الٹے پاؤں لوٹائے جائیں یا اپنے دین کے بارے میں فتنہ کا شکار کر دیے جائیں۔'' [بخاری]

یہ بات آپ کے ذہن میں ہونی چاہئے کہ ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض جنت کے دروازہ پر ہے اور اس سے ایمان والے پانی پئیں گے اور وہ اس وقت پیدا ہو چکا ہے، اے میرے بھائی! اپنے رب کی بارگاہ میں توبہ کر، اس سے ڈر، تاکہ وہ تجھے مصیبت سے نکالے اور اس سے مانگ کہ وہ تجھے اس فتنہ سے بچالے جو تیرے دین میں پیدا ہو، ورنہ تو بھی حوض کوثر سے دھتکار دیا جائے گا۔

چار چیزیں چار چیزوں میں پوشیدہ ہیں

ایک بزرگ فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے چار چیزوں کو چار میں چھپایا ہے۔ اپنی رضا کو اطاعت میں لہٰذا تم میں سے کوئی اطاعت کو حقیر نہ سمجھے اور معمولی سمجھی جانے والی نیکیاں ایسی ہیں جن

میں اللہ کی رضا ہے۔ اور اللہ نے اپنے غصے کو اپنی نافرمانی میں چھپا لیا ہے لہٰذا تم میں سے کوئی کسی معصیت کو ہلکا نہ سمجھے، معمولی خیال کئے جانے والے گناہ ایسے ہوتے ہیں جن میں اللہ کا غصہ ہوتا ہے۔ اللہ نے اپنے ولی کو اپنی مخلوق میں چھپایا ہے لہٰذا تم میں سے کوئی کسی کی تحقیر نہ کرے، کیونکہ بہت سے لوگ جن کی کوئی پرواہ نہیں کرتا وہ اللہ کے ولی ہوتے ہیں۔ اللہ نے ایک چوتھی چیز کو بھی چھپایا ہے اور وہ ہے قبولیت، جسے دعا میں چھپایا ہے لہٰذا تم میں سے کوئی دعا کو معمولی نہ سمجھے نہ کسی وقت نہ کسی جگہ..........!!!

قف علی الباب طالبا ۞ و ذر الدمع ساکبا
و توسل الیه وار ۞ جع عن الذنب تائبا
تلق من حسن صنعه ۞ عند ذاك العجائبا
لا تخف ان تردعن ۞ کرم اللّٰه خائبا
فهو یجزی علی الیسی ۞ رو یعطی الرغائبا
شرف المرء بالتقی ۞ فاجعل الصدق صاحبا
واحشتم ان یراك رب ۞ ك للذنب راکبا
ان للدهر اسهما ۞ للرزایا صوائبا
و خطوبا متتابعت ۞ فاثارت نوّائبا
فارض باللّٰه واعتصم ۞ واسال اللّٰه راغبا

’’اللہ کے در پر طالب بن کر آنسو بہاتا ہوا کھڑا ہو جا، اس کے ہاں وسیلہ پکڑ اور تمام گناہوں سے توبہ کے ساتھ رجوع کر لے تو اس کے احسان کے باعث بہت سے انعامات پائے گا، اس بات کا خوف نہ کر کہ تو اللہ کے کرم سے خالی لوٹے گا، وہ تو چھوٹی سی نیکی کا بدلہ بھی دیتا

ہے اور نوازشیں عطا کرتا ہے، آدمی کی عزت تقویٰ کی وجہ سے ہے لہٰذا اسے اپنا ساتھی بنالے، اس بات سے ڈر کہ اللہ تعالیٰ تجھے گناہ کرتے ہوئے دیکھے زمانہ میں بہت سی مصیبتیں ہیں اور مصیبتوں کو دور کرنے والا اللہ ہے، بہت سے بار بار آنے والے حالات ہیں جو مصیبتیں پیدا کرتے ہیں پس تو اللہ سے راضی ہو جا اور رغبت کرتے ہوئے اس کو مضبوطی سے پکڑ لے اور اسی سے مانگ۔“

* * *

قیامت کی شفاعت کا تذکرہ

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ﴾ [طه: ١٠٩]

’’اس دن کوئی سفارش فائدہ نہ دے گی مگر جس کے لئے رحمٰن اجازت دے۔‘‘

ایک اور جگہ فرمایا:

﴿وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ﴾ [الانبياء: ٢٨]

’’شفاعت نہ کریں گے مگر اس کے لئے جس سے اللہ راضی ہو۔‘‘

ابوبکر البزارؒ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

’’لوگوں کو قیامت کے دن پل صراط پر لایا جائے گا تو وہ پروانوں کی طرح جہنم میں گر رہے ہوں گے پھر فرشتوں، نبیوں، شہداء اور صالحین کو اجازت دی جائے گی اور وہ ان کی سفارش کریں گے اور انہیں جہنم سے نکالیں گے۔‘‘

امتِ محمدیہ کے افراد کی سفارش

ایک حدیث میں آتا ہے کہ سب سے پہلے رسول علیہ السلام سفارش کریں گے پھر انبیاءؑ اور پھر علماء سفارش کریں گے۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے: کہ میری امت کے ایک آدمی کی سفارش سے قبیلہ بنو تمیم کے افراد سے بھی زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے۔ عرض کیا گیا: اے اللہ کے

رسول! وہ آدمی آپ کے علاوہ ہے؟ فرمایا میرے علاوہ کوئی اور ہے۔ [ترمذی]

حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے:

’’میری امت کے بعض لوگ لشکر کی شفاعت کریں گے، جماعت کے لئے سفارش کریں گے، بعض ایک قبیلہ کے لئے سفارش کریں گے اور بعض ایک آدمی اور اس کے گھر والوں کے لئے سفارش کریں گے۔‘‘ (مسند بزار)

بدعمل لوگوں کے لیے حضور ﷺ کی شفاعت

حضرت ابو امامہ ؓ کے حوالہ سے حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے، فرمایا: اپنی امت کے بدعمل لوگوں کے لئے میں بہترین آدمی ہوں۔ لوگوں نے پوچھا: اس کے اچھے لوگوں کے لئے کیا ہوگا؟ فرمایا: نیک لوگ تو اپنے اعمال کی وجہ سے جنت میں چلے جائیں گے لیکن بدعمل لوگ میری سفارش سے جنت میں جائیں گے۔‘‘ [دار قطنی]

عوف بن مالک ؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

’’میرے پاس اللہ کی طرف سے ایک قاصد آئے گا اور مجھے اختیار دے گا کہ یا تو میں اپنی آدھی امت کو جنت میں داخل کروا دوں یا شفاعت کروں، تو میں شفاعت کو اختیار کروں گا اور یہ اس شخص کے لئے ہوگی جو بغیر شرک کے مرا ہو۔‘‘

دوستوں کی سفارش

حضرت جابر ؓ روایت کرتے ہیں:

میں نے حضور اقدس ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جنت میں ایک آدمی کہے گا میرے دوست کا کیا بنا؟ حالانکہ اس کا دوست جہنم میں ہوگا، اللہ تعالیٰ حکم دیں گے کہ اس کے دوست کو جنت میں داخل کر دو، جہنم میں رہ جانے والے باقی لوگ کہیں گے:

کیا ہمارا کوئی سفارشی یا گہرا دوست نہیں۔ [الوسیط للواحدی]

جہنمی لوگوں پر اللہ کی رحمت اور قبول شفاعت

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

''ایک دن مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کچھ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ کیا قیامت کے دن ہم اپنے پروردگار کو دیکھیں گے؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں دیکھو گے (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیدار الٰہی کے ثبوت کو واضح کرنے کے لئے لوگوں سے سوال کیا کہ) کیا تم لوگ دوپہر کے وقت جب کہ آسمان پر بادل کا کوئی ٹکڑا بھی نہ ہو سورج کو دیکھنے میں کوئی رکاوٹ وتکلیف محسوس کرتے ہو اور کیا تم لوگ شفاف چودہویں رات میں جب کہ آسمان پر بادل کا کوئی ایک ٹکڑا بھی نہ ہو تو چاند کو دیکھنے میں کوئی رکاوٹ وتکلیف محسوس کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کیا: کہ ہرگز نہیں یا رسول اللہ! فرمایا: تو پھر قیامت کے دن تم اللہ تعالیٰ کو دیکھنے میں بھی کوئی رکاوٹ وتکلیف محسوس نہیں کرو گے، جیسا کہ تم ان دونوں (یعنی سورج وچاند) میں سے کسی کو دیکھنے میں رکاوٹ و تکلیف محسوس نہیں کرتے ہو۔ (اس کے بعد آپؐ نے فرمایا) جب قیامت کا دن برپا ہوگا (اور تمام مخلوق میدانِ محشر میں جمع ہوگی) تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہ جو طبقہ (دنیا میں) جس چیز کی عبادت کرتا تھا وہ اسی کے پیچھے رہے، چنانچہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے بجائے بتوں اور انصاب کو پوجتے تھے۔ ان میں سے کوئی ایک بھی باقی نہیں بچے گا اور سب کے سب دوزخ میں جا گریں گے (کیونکہ انصاب اور بت کہ جن کی پوجا ہوتی تھی، دوزخ میں پھینک دیے جائیں گے، لہٰذا ان کے ساتھ ان کی پوجا کرنے والے بھی دوزخ میں ڈالے جائیں گے) یہاں تک کہ جب ان لوگوں کے سوا کوئی موجود نہیں رہے گا جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے وہ خواہ نیک ہوں یا بد تو تمام

جہانوں کا پروردگار ان کی پاس آئے گا اور فرمائے گا کہ تم کس کے منتظر ہو؟ ہر طبقہ اس چیز کے پیچھے پیچھے چلا جا رہا ہے جس کی وہ عبادت کرتا تھا (تو تم پھر یہاں کیوں کھڑے ہو، تم بھی کیوں نہیں چلے جاتے؟) وہ لوگ جواب دیں کہ ہمارے پروردگار! ہم نے دنیا میں ان لوگوں سے (کہ جو دنیا میں غیر اللہ کی عبادت کرتے تھے اور اب اپنے معبودوں کے پیچھے پیچھے دوزخ میں چلے گئے) پوری طرح جدائی اختیار کر رکھی تھی حالانکہ ہم (اپنی دنیاوی ضرورتوں میں) ان لوگوں (کی مدد و اعانت) کے ضرورت مند تھے لیکن ہم نے کبھی ان کی صحبت و ہم نشینی کو گوارا نہیں کیا (اور نہ کبھی ان کی اتباع کی بلکہ ہمیشہ ان کے مدمقابل رہے اور صرف تیری رضا کی خاطر ان سے جنگ و جدال کرتے رہے، پس اب جب کہ ہم ان کے کسی طرح سے ضرورت مند بھی نہیں ہیں اور ان سب کی منزل بھی دوزخ ہے تو ہم ان کے ساتھ کیسے چلے جاتے؟) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں یہاں یوں نقل کیا گیا ہے کہ وہ لوگ (جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے) یہ کہیں گے کہ ہم یہاں سے اس وقت تک نہیں جائیں گے جب تک ہمارا پروردگار ہمارے پاس نہیں آئے گا یعنی جب تک وہ ہم پر اس طرح سے تجلی نہ فرمائے جس کے سبب ہم اس کو پہچان لیں کہ یہی ہمارا پروردگار ہے اور جب ہمارا پروردگار (اپنی تجلی وصفات کے اظہار کی صورت میں کہ جس کے سبب ہم اس کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتے ہیں) ہمارے پاس آئے گا تو ہم اس کو اچھی طرح پہچان لیں گے اور حضرت ابوسعید خدری کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا کہ کیا تمہارے اور تمہارے پروردگار کے درمیان وہ نشانی ہے جس کے ذریعہ تم اس کو پہچان لوگے؟ وہ کہیں گے: کہ ہاں وہ نشانی ہے، تب اللہ تعالیٰ کی پنڈلی کھولی جائے گی اور اُس موقع پر اللہ تعالیٰ ہر شخص کو سجدہ کی اجازت و توفیق عطا فرمائے گا جو دنیا میں کسی کو دکھانے

سنانے اور کسی خوف اور لالچ کی وجہ سے نہیں بلکہ خود اپنے نفس کے تقاضے یعنی اخلاص و عقیدت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا تھا اور ہر وہ شخص کہ (جو دنیا میں) کسی خوف سے یا لوگوں کو دکھانے سنانے کے لئے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا تھا اللہ تعالیٰ اس کی کمر کو ایک پورا تختہ بنا دے گا (یعنی اس کی پیٹھ و کمر کی ہڈیوں کے جوڑ بالکل ختم کر دیئے جائیں گے اور اس کی پوری پیٹھ ایک تختہ بن جائے گی تاکہ وہ جھک نہ سکے اور سجدہ نہ کر سکے) چنانچہ وہ سجدہ میں جانے کے لئے جھکنا چاہے گا تو چت گر پڑے گا پھر دوزخ کے اوپر (اس کے بیچوں بیچ) پل صراط کو رکھا جائے گا اور شفاعت کی اجازت عطا کی جائے گی، چنانچہ تمام انبیاءؑ (اپنی اپنی امتوں کے حق میں طلبِ استقامت و سلامتی کے لئے) یہ دعا کریں گے: کہ اے اللہ! ان کو (پل صراط کے اوپر سے) سلامتی سے گزار دے، ان کو دوزخ میں گرنے سے محفوظ رکھ۔ پس مسلمان لوگ (پل صراط کے اوپر سے اس طرح) گزریں گے کہ بعض تو پلک جھپکتے ہی گزر جائیں گے، بعض بجلی کی طرح نکل جائیں گے، بعض ہوا کے جھونکے کی مانند، بعض پرندوں کی اڑان کی مانند، بعض تیز رو اور خوش رفتار گھوڑے کی مانند اور بعض اونٹ کی چال کی مانند گزریں گے۔ پس ان میں سے کچھ مسلمان تو وہ ہوں گے جو دوزخ کی آگ سے بالکل سلامتی اور نجات پائے ہوں گے (یعنی پل صراط کے اوپر گزرنے کے وقت ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا) اور کچھ مسلمان وہ ہوں گے جو زخم کھا کر نکلیں گے اور (دوزخ کی آگ سے) نجات پائیں گے، نیز کچھ مسلمان وہ ہوں گے جو پارہ پارہ کئے جائیں گے اور دوزخ میں دھکیل دیے جائیں گے، یہاں تک کہ جب مومن دوزخ کی آگ سے نجات پالیں گے تو قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے تم میں سے کوئی بھی شخص ظاہر و ثابت شدہ حق کے حصول میں اتنی شدید جدوجہد اور سختی نہیں کرتا جتنی شدید جدوجہد مومن قیامت کے دن

اپنے بھائیوں کی نجات کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور میں کریں گے جو دوزخ میں ہوں گے۔ وہ مومن کہیں گے کہ: ہمارے پروردگار! یہ لوگ ہمارے ساتھ نماز پڑھتے تھے اور ہمارے ساتھ حج کرتے تھے (یعنی ان کی نماز ہماری نمازوں کی طرح ہوتی تھی اور ان کا حج ہمارے ہی حج کے طریقہ سے ہوتا تھا پس تو ان کو بھی دوزخ سے نجات دے دے) ان سے کہا جائے گا کہ جاؤ اور جن لوگوں کو تم (اپنی مذکورہ شہادت کی روشنی میں) پہچانتے ہو انہیں (دوزخ سے) نکال لو، پس دوزخ کی آگ پر ان کی صورتوں کو حرام کردیا جائے گا۔ چنانچہ وہ مومن بہت سے لوگوں کو دوزخ سے نکال لیں گے پھر کہیں گے کہ: ہمارے پروردگار! جن لوگوں کو تو نے دوزخ سے نکالنے کا حکم دیا تھا (یعنی اہل نماز، اہل زکوۃ اور اہل حج وغیرہ) ان میں سے اب دوزخ میں کوئی باقی نہیں رہا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اچھا پھر جاؤ اور ہر اس شخص کو بھی دوزخ سے نکال لو جس کے دل میں تم دینار برابر بھی نیکی پاؤ پس وہ مؤمن جائیں گے اور بہت سے لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے۔ اور کہیں گے: اس کے بعد پھر اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا اور اب ہر اس شخص کو دوزخ سے نکال لاؤ جس کے دل میں آدھے دینار برابر بھی نیکی پاؤ، پس وہ مومن جائیں گے اور بہت سے لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے پھر اللہ تعالیٰ حکم دے گا کہ جاؤ اب اس شخص کو دوزخ سے نکال لاؤ جس کے دل میں تم از قسم نیکی ذرہ برابر بھی کوئی چیز پاؤ، پس وہ مومن جائیں گے اور بہت سے لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے اے ہمارے پروردگار! ہم نے دوزخ میں بھلائی کو باقی نہیں رہنے دیا (یعنی دوزخ میں اب ایسا کوئی شخص باقی نہیں بچا ہے جس کے دل میں اصل ایمان کے علاوہ ادنیٰ سے ادنیٰ درجہ کی اور ذرہ برابر بھی بلکہ ذرہ سے بھی کمتر کوئی نیکی ہو خواہ اس نیکی کا تعلق اعمال سے ہو یا افعالِ قلب سے) اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کہ فرشتوں نے شفاعت

کرلی اور پیغمبروں نے بھی شفاعت کرلی اور مومنوں نے بھی شفاعت کرلی اور ان سب کی شفاعت کا تعلق ان لوگوں سے تھا جن کے نامہ اعمال میں کوئی نہ کوئی نیکی ضرور تھی خواہ وہ نیکی ذرہ کے برابر یا اس سے کمتر درجہ ہی کیوں نہ ہو اور اس طرح اب ایسی کوئی ذات باقی نہیں رہ گئی ہے (جو خود بھلائی پہنچانے یا بھلائی پہنچانے والے سے سفارش و شفاعت کے ذریعہ کسی کے ساتھ رحم و مروت اور عنایت و ہمدردی کا معاملہ کرے) لیکن ابھی ارحم الراحمین کی ذات باقی ہے (جس کی رحمت، جس کا کرم اور جس کی عنایت ہر ایک پر سایہ فگن ہے اور اس کی رحمت و عنایت کے اثرات کے مقابلہ پر ہر ایک کی رحمت و عنایت ہیچ ہے) اور (یہ فرما کر) اللہ تعالیٰ دوزخ میں سے اپنی مٹھی بھر کر (ان) لوگوں کو نکال لے گا جنہوں نے کبھی بھی کوئی (چھوٹی یا بڑی) نیکی کی ہی نہیں ہوگی، یہ لوگ دوزخ میں (جلتے رہنے کی وجہ سے) کوئلہ بن چکے ہوں گے، چنانچہ ان کو اس نہر میں ڈالے گا جو جنت کے دروازوں کے سامنے ہے اور جس کو "نہر حیات" کہا جائے گا اور پھر یہ لوگ اس نہر سے اس طرح تر و تازہ نکلیں گے جیسے دانہ سیلاب کے کوڑے کچرے میں اگتا ہے (یعنی جس طرح سیلابی کوڑے کچرے میں پڑا ہوا دانہ بہت جلد اگ آتا ہے اور خوب ہرا بھرا معلوم ہوتا ہے) اسی طرح یہ لوگ بھی اس نہر میں غوطہ دلائے جانے کے بعد نہایت تیزی کے ساتھ بہتر جسمانی حالت میں واپس آجائیں گے اور خوب تر و تازہ اور توانا معلوم ہوں گے، نیز یہ لوگ (اس نہر سے) موتی کی مانند پاک و شفاف باہر آئیں گے، ان کی گردنوں میں مہریں لگی ہوئی ہوں گی چنانچہ جب اہل جنت ان لوگوں کو (ان کی امتیازی علامتوں کے ساتھ) دیکھیں گے تو کہیں گے کہ یہ وہ (خوش نصیب) لوگ ہیں جو خود خدائے رحمان کے آزاد کیے ہوئے ہیں، ان کو اللہ تعالیٰ نے (اپنے خاص فضل و کرم کے تحت، اس امر کے باوجود جنت میں داخل کیا ہے

کہ انہوں نے دنیا میں نہ کوئی نیک عمل کیا تھا اور نہ انہوں نے (کم سے کم افعالِ قلب ہی کی صورت میں) کوئی نیکی کر کے آگے بھیجی تھی اور پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے (ان نو آزاد لوگوں سے کہا جائے گا کہ بلکہ جنت میں تم جو کچھ دیکھ رہے ہو (یعنی تمہاری حدِ نظر تک تمہیں جو اعلیٰ سے اعلیٰ نعمتیں نظر آ رہی ہیں) نہ صرف یہ بلکہ ان جیسی اور بہت سی نعمتیں بھی، سب تمہارے لئے ہیں۔ [بخاری و مسلم]

شفاعت کی اقسام

شفاعت کی پانچ قسمیں ہیں۔

اوّل: حساب کی جلدی اور محشر میں کھڑا ہونے سے چھٹکارے کی سفارش، یہ حضور ﷺ کے ساتھ خاص ہے۔

دوئم: بغیر حساب و کتاب کے ایک قوم کا جنت میں جانا، یہ بھی حضور ﷺ کے لئے ہے۔

سوئم: وہ لوگ جن کے لئے جہنم کا فیصلہ ہو چکا ہوگا ان کے لئے انبیاءؑ اور جس کے بارے میں اللہ کا فیصلہ ہوگا سفارش کریں گے۔

چہارم: جنت میں زیادتی درجات کے لئے جنتیوں کے حق میں سفارش۔

پنجم: جہنم میں داخل ہونے والے گناہ گاروں کے لئے سفارش۔

یہ سفارش ہمارے نبیؐ اور دوسرے انبیاءؑ، فرشتے اور دوسرے مومنین کریں گے پھر اللہ تعالیٰ بغیر کسی سفارش کے جہنم سے ”لا الہ الا اللہ“ کہنے والوں کو نکال لے گا، یہاں تک کہ صرف کافر باقی رہ جائیں گے، جیسا کہ حضرت انس ؓ کی حدیث میں ہے: ”پھر میں چوتھی مرتبہ ایسے ہی کروں گا اور اللہ تعالیٰ کی خوب حمد و ثناء بیان کروں گا پھر اس کے آگے سربسجود ہو جاؤں گا۔ کہا جائے گا: اے محمد ﷺ! سر اٹھاؤ، کہو سنا جائے گا، مانگو دیا جائے گا، سفارش کرو سفارش قبول کی جائے گی۔ میں کہوں گا: اے اللہ! مجھے ان لوگوں کے حق میں سفارش کی اجازت دے دے جنہوں نے لا الہ الا اللہ کہا ہے،

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ان کا معاملہ آپ کے حوالہ نہیں بلکہ میری عزت و کبریائی، عظمت وجبروت کی قسم میں جہنم سے نکال دوں گا ہر اس شخص کو جس نے لا الہ الااللہ کہا ہوگا۔ یعنی میں بغیر کسی سفارش کے اپنے فضل سے ان کو نکال لوں گا، وہ یہ لوگ ہوں، جن کے پاس محض ایمان ہوگا اور انہی کے بارے میں کسی کو سفارش کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اور روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ اجازت تو ان لوگوں کے لئے ہوگی جن کے پاس ایمان کے علاوہ کوئی عمل صالح یا مخفی ذکر یا کوئی دل کا عمل جیسے مسکین پر شفقت کرنا، اللہ سے ڈرنا اور عمل میں خالص نیت کہ اسے سفارش کرنے والے فرشتوں اور نبیوں کے لئے اس حق میں دلیل بنائے گا، اللہ تعالیٰ دلوں کے علم کو جاننے اور رحمت کی وجہ سے اس شخص کو جس کے پاس ایمان کے سوا کچھ نہ ہوگا الگ کردے گا اور ایمان کے ذرہ یا خیر کے ذرہ سے مراد صحیح قول یہ ہے کہ وہ چیز جو محض ایمان سے زائد ہو کیونکہ نفس ایمان تو تصدیق ہے جو تجزی (تقسیم) کو قبول نہیں کرتا۔

اے میرے بھائی! تجھ پر ایمان لازم ہے کہ تو دین اسلام کے ساتھ اپنے دل کو مضبوط کرلے اور اس کے ساتھ زبان سے ''شہادتین'' کی گواہی بھی دے اگر تو نے دونوں میں سے ایک پر بھی اکتفا کیا تو وہ جہنم ہمیشہ تیرا ٹھکانہ ہوگی جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں اور تجھے کسی سفارشی کی سفارش فائدہ نہ دے گی اور تجھ پر یہ بھی لازم ہے کہ تو گناہوں سے بچے کیونکہ گناہ کفر کا قاصد ہے۔

تین چیزیں ایمان سے محرومی کا باعث

حضرت فضیل بن عیاضؒ اپنے ایک شاگرد کی وفات کے وقت اس کے پاس تشریف لے گئے اور اس کے سرہانے بیٹھ کر سورہ یٰسین پڑھنے لگے، اس نے پڑھنے سے منع کیا تو خاموش ہوگئے پھر اسے شہادتین کی تلقین کی اور کہا، لا الہ الااللہ کہو، اس نے

جواب دیا: میں نہیں کہتا کیونکہ میں اس سے بری ہوں۔ اسی طرح حالت کفر پر اس کا انتقال ہوگیا۔ حضرت فضیل اپنے گھر چلے گئے اور چالیس دن تک روتے رہے اور گھر سے باہر نہ نکلے پھر اسے خواب میں دیکھا کہ اسے جہنم کی طرف گھسیٹا جا رہا ہے اس سے پوچھا: تجھے کس وجہ سے اللہ کی مغفرت سے محروم کر دیا گیا حالانکہ تو میرا سب سے زیادہ ذہین شاگرد تھا؟ اس نے جواب دیا: تین چیزوں کی وجہ سے۔

۱) چغلی، کیونکہ میں جو اپنے ساتھیوں سے کہتا تھا، آپ سے اس کے برخلاف کہتا تھا۔

۲) حسد، میں اپنے ساتھیوں سے حسد کرتا تھا۔

۳) مجھے ایک بیماری لاحق ہوگئی، میرے پاس ایک طبیب آیا میں نے اس سے اس بیماری کے بارے میں پوچھا تو اس نے مجھے ہر سال میں ایک پیالہ شراب پینے کا کہا کہ اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تیری بیماری ختم نہ ہوگی میں اس کو پیا کرتا تھا۔

ہم اللہ سے اس کے غصہ کی پناہ مانگتے ہیں جس کے برداشت کی ہم میں طاقت نہیں۔

اذا ابقت الدنیا علی المرء دینه ۞ فما فاته منها فلیس بضائر

”جب آدمی کی دنیا اس کے دین کو باقی رکھے تو دنیا کا گھاٹا بھی نقصان نہیں۔“

اے اللہ! ہم پر رحم فرما اور ہمیں عذاب نہ دے، ہماری مدد فرما اور ہمیں رسوا نہ کر، ہمارے خاتمہ کے وقت ہمیں اپنے ایمان سے محروم نہ کہ کیوں کر تیرے سوا ہمارے پاس کوئی ٹھکانہ نہیں اور تیرے سوا ہمارا کوئی سہارا نہیں۔ یــــا ارحــم الراحمین......!!!

* * *

﴿جہنم کا عذاب﴾

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ [الحج: ۱۹ - ۲۲]

”پھر جو منکر ہیں، ان کے لئے آگ کے کپڑے، قطع کیے گئے ہیں ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا جس سے جو کچھ ان کے پیٹ میں ہے اور کھالیں جھلس جائیں گی اور ان پر لوہے کے گرز پڑیں گے اور جب گھبرا کر وہاں سے نکلنا چاہیں گے تو اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور دوزخ کا عذاب چکھتے رہو۔“

﴿تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝﴾ [المومنون: ۱۰۴]

”ان کے مونہوں کو آگ جھلس دے گی اور وہ اس میں بدشکل ہونے والے ہوں گے۔“

﴿اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ يُسْحَبُوْنَ فِي الْحَمِيْمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ﴾ [غافر: ۸۱-۸۲]

”جب کہ طوق اور زنجیریں ان کے گلے میں ڈال کر گھسیٹے جائیں گے،

کھولتے ہوئے پانی میں، پھر آگ میں جھونکے جائیں گے۔‘‘

﴿وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا كَذَٰلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ ○ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ﴾ [فاطر: ٣٦۔٣٨]

’’جو لوگ منکر ہوگئے ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے نہ ان پر موت آئے گی کہ مر جائیں اور نہ ہی ان سے اس کا عذاب ہلکا کیا جائے گا اس طرح ہم ہر ناشکرے کو سزا دیا کرتے ہیں۔ اور وہ اس میں چلائیں گے کہ: اے ہمارے رب! ہمیں نکال ہم نیک کام کریں گے برخلاف ان کاموں کے جو کیا کرتے تھے۔ کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی جس میں سمجھنے والا سمجھ سکتا تھا اور تمہارے پاس ڈرانے والا آیا تھا پس مزہ چکھو، پس ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔‘‘

﴿وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ ○ فِي سَمُومٍ وَّحَمِيمٍ ○ وَّظِلٍّ مِّن يَّحْمُومٍ ○ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيمٍ ○ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ○ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ○ وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ○ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ○ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ○ لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ○ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ○ لَآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ ○ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ○ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ○ فَشَارِبُونَ

شُرْبَ الْهِيْمِ ○ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ○ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ﴾ [الواقعة: ٤١-٥٨]

”اور بائیں والے، کیسے برے ہیں بائیں والے، وہ گرم ہواؤں اور کھولتے پانی میں ہوں گے اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں جو ٹھنڈا ہوگا اور نہ راحت بخش بے شک وہ اس سے پہلے خوش حال تھے اور بڑے گناہ (شرک) پر اصرار کیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم اوپر اٹھائے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی، کہہ دو! بے شک پہلے بھی اور پچھلے بھی، ایک متعین تاریخ کے وقت پر جمع کئے جائیں گے پھر بے شک تمہیں اے گمراہو! جھٹلانے والو! البتہ زقوم کا درخت کھانا ہوگا پھر اس سے پیٹ بھرنے ہوں گے پھر اس پر کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا پھر پینا ہوگا پیاسے اونٹوں کا سا پینا، قیامت کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی ہم نے ہی تمہیں پیدا کیا ہے پس کیوں تم تصدیق نہیں کرتے۔

﴿خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ○ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ○ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ○ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ○ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ○ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ○ وَلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ○ لَّا يَأْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخٰطِئُوْنَ۔ [الحاقة: ٣٠-٣٧]

”اسے پکڑو، پس اسے طوق پہنا دو پھر اسے دوزخ میں ڈال دو پھر ایک زنجیر میں جس کا طول ستر گز ہے جکڑو۔ بیشک وہ اللہ پر یقین نہیں رکھتا تھا جو عظمت والا ہے اور نہ وہ مسکین کو کھانا کھلانے کی رغبت

دیتا تھا سو آج اس کا یہاں کوئی دوست نہیں اور نہ کھانا ہے مگر زخموں کا دھوون، اسے سوائے گناہ گاروں کے کوئی نہ کھائے گا۔‘‘

﴿هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ○ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ○عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ تَصْلَىٰ نَاراً حَامِيَةً○ تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ○ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ○ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ﴾ [الغاشية ۱ـ۷]

’’کیا آپ کے پاس سب پر چھا جانے والی قیامت کا حال پہنچا؟ کئی چہروں پر اس دن ذلت برس رہی ہوگی۔ محنت کرنیوالے تھکنے والے دھکتی ہوئی آگ میں گریں گے، انہیں ابلتے ہوئے چشمے سے پلایا جائے گا ان کے لئے کوئی کھانا سوائے کانٹے دار جھاڑی کے نہ ہوگا جو نہ فربہ کرتی ہے اور نہ بھوک کو دور کرتی ہے۔‘‘

سنن ترمذی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے: جب اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تو جبرئیل علیہ السلام کو حکم دیا، جاؤ اور اس کو دیکھو۔ وہ گئے اور جنت اور جنتیوں کے لیے تیار کردہ نعمتوں کا دیدار کیا۔ واپس آ کر عرض کی: اے میرے رب تیری عزت کی قسم! جو کوئی بھی اس کے بارے میں سنے گا وہ ضرور اس میں داخل ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جنت کو ناگواریوں میں چھپا دیا، پھر حکم دیا: اے جبرئیل اب جا کر دیکھو، وہ گئے دیکھا اور واپس آ کر عرض کیا اے اللہ! مجھے خوف ہے کہ اب اس میں کوئی بھی داخل نہ ہو سکے گا اور جب اللہ تعالیٰ نے جہنم کو پیدا کیا تو فرمایا: اے جبرائیل! جا اور دیکھ، وہ گئے اور اس کو دیکھا اور کہا: اے میرے رب تیری عزت کی قسم! کوئی ایسا نہیں جو اس کے بارے میں سنے اور پھر بھی اس میں داخل ہو۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسے شہوات میں ڈھانپ دیا پھر کہا، اے جبرائیل علیہ السلام

جاؤ اور اس کو دیکھو، انہوں نے جب اسے دیکھا تو عرض کیا: تیری ذات کی قسم! مجھے خوف ہے اب تو ہر شخص اسی میں داخل ہوگا۔

صحیح مسلم میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد منقول ہے:

تمہاری وہ آگ جسے انسان جلاتا ہے جہنم کی آگ کا سترّواں حصہ ہے لوگوں نے کہا: تب تو یہ بھی کافی تھی اے اللہ کے رسول، آپ نے فرمایا: جہنم کی آگ کو دنیا کی آگ سے ننانوے درجے بڑھایا گیا ہے اور یہ اس کی گرمی کی طرح ہے۔

حضرت سفیان بن عیینہ، حضرت ابو ہریرہ ؓ سے نقل کرتے ہیں:

تمہاری آگ جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے اگر اسے دو مرتبہ پانی نہ لگایا گیا ہوتا تو اس سے کوئی فائدہ نہ اٹھا سکتا۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں: جہنم کی آگ کو ہزار سال جلایا گیا تو وہ سرخ ہوگئی پھر ہزار سال جلائی گی تو سفید ہوگئی پھر ہزار سال جلائی گئی تو سیاہ ہوگئی، اب وہ سیاہ اور تاریک ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ ؓ کے حوالہ سے حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے: ہم رسولِ خدا ﷺ کے ساتھ تھے کہ اچانک کسی چیز کے گرنے کی آواز آئی، حضور ﷺ نے پوچھا: تم جانتے ہو یہ کس چیز کی آواز ہے؟ لوگوں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: یہ پتھر ہے جو ستر سال پہلے جہنم میں پھینکا گیا تھا وہ اب جہنم میں گرا ہے یہاں تک کہ اس کی تہہ میں پہنچ گیا ہے اور تم نے اس کے گرنے کی آواز سنی ہے۔

امام ترمذی ؒ نے حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کے حوالہ سے ارشاد

نبوی ﷺ نقل کیا ہے کہ اگر ایک پتھر جو کھوپڑی کے برابر ہو، آسمان سے زمین کی طرف پھینکا جائے تو پانچ سو سال میں زمین تک پہنچے گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سب سے ہلکے عذاب میں مبتلا جہنمی سے کہیں گے اگر تیرے لئے زمین کی ہر ایک چیز ہو تو کیا تو وہ ہر چیز اس عذاب کے بدلہ میں دے دے گا؟ وہ ہاں میں جواب دے گا، تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جب تو آدم کی پشت میں تھا تو میں نے تجھ سے اس سے بھی زیادہ آسان چیز کی چاہت کی تھی کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے لیکن تو نے انکار کیا اس بات کا کہ میرا شریک بنائے۔

صحیح مسلم میں نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

جہنم میں سب سے ہلکے عذاب میں وہ شخص ہوگا جس کے لیے آگ کی دو جوتیاں اور تسمے ہوں گے جن کی حرارت سے اس کا دماغ ایسے کھولے گا جیسے ہنڈیا ابلتی ہے خیال کیا جائے گا کہ یہ سب سے سخت عذاب میں ہے حالانکہ وہ سخت ترین عذاب میں نہیں ہوگا۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ارشادِ نبوی ﷺ ہے: بعض لوگوں کو ٹخنوں تک آگ نے پکڑا ہوگا، بعض کو کولہوں تک اور بعض کو گردن تک۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے:

اگر مسجد میں ایک لاکھ سے زائد آدمی ہوں اور ایک جہنمی سانس لے تو ان سب کو جلا دے۔

ترمذی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے ارشاد نبوی ﷺ منقول ہے:

اگر زقوم (ایک جہنمی غذا) کا ایک قطرہ زمین میں ٹپکا دیا جائے تو دنیا والوں پر ان کی

زندگی کو تنگ کردے، اب اس شخص کی کیا حالت ہوگی جس کا کھانا ہی یہ ہوگا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں: ''جہنم کی باڑ چار دیواریں ہیں اور ہر دیوار چالیس سال کی مسافت پر ہے۔''

ایک اور روایت میں ہے:

اگر جہنمی لوگوں کے پسینہ اور پیپ کا ایک ڈول دنیا میں ڈال دیا جائے تو ساری دنیا کو بدبودار کردے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ویل'' جہنم کی ایک وادی ہے، کافر اس کی تہہ میں پہنچنے سے پہلے چالیس سال تک گرتا رہے گا اور ''صعود'' جہنم کا ایک پہاڑ ہے جس پر چڑھنے میں ستر سال کا عرصہ درکار ہے اور اتنی ہی مدت اس سے اترنے کی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جہنم کے لوہے کا ایک گرز زمین پر رکھ دیا جائے تو تمام جن وانس مل کر اسے ہلا نہیں سکتے اور اگر پہاڑ کو ایک گرز مارا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جائے اور غبار بن جائے۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ قیامت کے دن جہنم سے ایک گردن نکلے گی جس کی دو آنکھیں، دو کان اور ایک زبان ہوگی، وہ بولے گی اور کہے گی: میں تین طرح کے لوگوں کی طرف بھیجی گئی ہوں ایک ہر سرکش ظالم، دوسرا ہر وہ شخص جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے، تیسرا تصویریں بنانے والے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے اس قول:

﴿يُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ﴾

[ابراهيم: ۱۶-۱۷]

''اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا، جسے گھونٹ گھونٹ پئے جائے گا اور اسے گلے سے نہ اُتار سکے گا۔''

کے بارے میں فرماتے ہیں، جب وہ اس کے منہ کے قریب کیا جائے گا تو اس کا چہرہ جل جائے گا، سر کے بال بھی گر جائیں گے، جب وہ اس کو پئے گا تو اس کی انتڑیاں جل جائیں گی اور پاخانہ کے راستہ سے نکل جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ﴾ [محمد: ۱۵]

''انہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا تو ان کی انتڑیوں کو کاٹ دے گا۔''

ایک اور جگہ فرمایا:

﴿وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ﴾

[الكهف: ۲۹]

''اگر فریاد کریں گے تو ایسے پانی سے فریاد رسی کیے جائیں گے جو تانبے کی طرح کھولتا ہوگا اور مونہوں کو جھلس دے گا۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں: گرم کھولتا پانی ان کے سروں پر ڈالا جائے گا جو ان کے سر کو چیرتا ہوا پیٹ تک پہنچ جائے گا اور پیٹ کی ہر چیز کو ختم کر کے پاؤں سے نکل جائے گا اور وہ بالکل بہہ جائے گا پھر اس کے بعد پہلے کی طرح کر دیا جائے گا۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

﴿وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ۝﴾ [المومنون: ١٠٤]

''اس میں بدشکل ہونے والے ہوں گے۔''

کے بارے میں فرماتے ہیں آگ انہیں بھون کر رکھ دے گی اوپر کا ہونٹ اتنا اوپر چڑھے گا کہ سر کے درمیان تک پہنچ جائے گا اور نیچے کا ہونٹ لٹک کر ناف تک پہنچ جائے گا۔

ترمذی میں حضور ﷺ کا ارشاد منقول ہے:

کافر کی جلد کی موٹائی بیالیس گز اور اس کی داڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی اور جہنم میں اس کے بیٹھنے کی جگہ مکہ اور مدینہ کی درمیانی مسافت کے بقدر ہوگی۔

ایک اور حدیث میں آتا ہے:

کافر کے داڑھ یا دانت کی موٹائی احد کے پہاڑ کے برابر ہوگی اور اس کی کھال کی موٹائی تین دن کی مسافت کے برابر ہوگی۔

اور فرمایا:

کافر کے دونوں کندھوں کا درمیانی فاصلہ تیز ترین سوار کے تین دن کی مسافت کے برابر ہوگا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

کافر کی زبان ایک فرسخ یا دو فرسخ تک پھیلا دی جائے گی اور لوگ اس پر چلیں پھریں گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! رویا کرو، ورنہ رونے کی شکل بناؤ۔ جہنمی، جہنم میں اتنا روئیں گے کہ ان کے آنسوان کے چہروں پر نالیوں کی طرح بہیں

گے جب ان کے آنسو ختم ہو جائیں گے تو وہ خون بہائیں گے اور ان کی آنکھیں بھی پھوٹ جائیں گی اگر کشتیاں ان کے آنسوؤں میں چلائی جائیں تو چلنے لگیں۔

شفیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ ایک دن اپنے نفس کو غصہ ہوئے اور وصیت کرتے ہوئے کہا: اے شفیق! اللہ کی نافرمانی اتنی کر جتنا تجھ میں اس کا عذاب سہنے کی طاقت ہے اور آخرت کے لئے اتنا عمل کر جتنی تجھے اس کی ضرورت ہے اور دنیا میں اپنے قیام کے بقدر روزی جمع کر، آخرت کے لئے عمل کر جو کبھی ختم نہ ہوگی، عنقریب جب غبار چھٹ جائے گا تو دیکھے گا تیرے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا ہے۔

ربیع بن خیثمؒ ایک مرتبہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک لوہار کی بھٹی کے پاس سے گزر ہوا تو ایک لوہے کو دیکھا جو بھٹی میں پڑا تھا تو یہ بے ہوش ہو گئے اور اگلے دن تک ہوش میں نہ آئے، جب افاقہ ہوا تو ان سے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا: مجھے جہنمی لوگوں کا جہنم میں ٹھہرنا یاد آ گیا تھا۔

میرے بھائیو! ایمان کو درست کرو، دل کی تصدیق سے اور یہ زبان کے ساتھ شہادتین کی ادائیگی کے ساتھ ہی معتبر ہے یہاں تک کہ تم دوزخ میں داخل ہونے سے بچا لیے جاؤ اور اسلام کی خصلتوں کو پوری طرح بجا لانے کی پوری پوری حرص کرو یہاں تک کہ تم دوزخ سے بچ جاؤ۔

ایا عاملا للنار جسمك لين ✿ فجربه تمرينا بحر الظهيرة
و درجه فی لسع الزنانبر یجتر ✿ علی نهش حیات هنا ك عظیمة
فإن کنت لا تقوی فویلك ماالذی ✿ دعاك إلی إسخاط رب البرية
تبارزه بالمنكرات عشية ✿ وتصبح فی أثواب نسك وعفة
فأنت عليه منك اجرا علی الوری ✿ بما فيك من جهل و خبث طوبة

تقول مع العصيان ربي غافر ❁ صدقت ولكن غافر بالمشيئة
و ربك رزاق كما هو غافر ❁ فلم لم تصدق فيهما بالسوية
فإنك ترجو العفو من غير توبة ❁ ولست ترجي الرزق إلا بحيلة
على أنه بالرزق كفل نفسه ❁ لكل ولم يكفل لكل بجنة
إلهي أجرنا من عظيم ذنوبنا ❁ ولا تحزنا وانظر إلينا برحمة
وخذ بنوا صينا إليك وهب لنا ❁ يقينا يقينا كل شك و ريبة
إلهي إهدنا فيمن هديت و خذبنا ❁ إلى الحق نهجا في سواء الطريقة
وكن شغلنا من كل شغل وهمنا ❁ وبغيتنا عن كل هم و بغية
وصل صلاة لا تناهي على الذي ❁ جعلت به مسكا ختام النبوة

''اے جہنم کے اعمال کرنے والے اپنے جسم سے نرمی کر اور اسے دوپہر کی گرمی میں مشق کر کے تجربہ کار بنا، یہاں اس کو بھڑوں کا ڈنگ لگوا، تاکہ یہ بڑے بڑے سانپوں کے ڈسنے کو برداشت کر سکے اگر تو تقویٰ اختیار نہ کرے تو تیرے لئے ہلاکت ہے، کون ہے جو تجھے مخلوق کے رب کی ناراضگی کی دعوت دیتا ہے، اس کا مقابلہ کر منکرات کے ساتھ شام کے وقت اور صبح کر محنت اور عبادت کے ثوابوں کے ساتھ، تو گناہوں میں ڈوبے ہوئے کہتا ہے کہ میرا رب بخشنے والا ہے تو نے سچ کہا لیکن اس کی بخشش مرضی کی پابند ہے، اگر تیرا رب غافر ہے تو رازق بھی تو ہے تو تو ان دونوں میں برابری کے ساتھ تصدیق کیوں نہیں کرتا تو بغیر توبہ کے معافی کی امید رکھتا ہے اور تو رزق کو محض حیلہ و تدبیر سے ہی حاصل کرنا چاہتا ہے، اللہ تعالیٰ نے رزق کو اپنے ذمہ

لے لیا ہے، سب کا ایک ساتھ نہ کہ الگ الگ، اے میرے رب! ہمیں ہمارے بڑے گناہوں سے خلاصی دے اور ہمیں رسوا نہ کر اور ہمیں رحمت کی نگاہ سے دیکھ، ہماری پیشانیوں کو پکڑ لے اور ہمیں ایسا یقین عطا کر جو ہر طرح کے شک وشبہ سے بالاتر ہو، اے میرے معبود! ہمیں بھی ہدایت یافتہ لوگوں جیسی ہدایت دے اور ہمیں حق کے سیدھا رستہ پر چلا دے ہمیں ہر طرح کی مشغولی سے غافل کر دے اور ہماری ہمت اور ارادہ کو ہر دوسری ہمت اور ارادہ سے پھیر دے اور اس ذات پر لا متناہی رحمتیں بھیج جن پر تو نے نبوت کے سلسلہ کو بند کیا۔"

* * *

﴿جہنم میں ہمیشہ کا ٹھکانہ﴾

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝﴾ [البقرة۔۳۹]

’’جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کا انکار کیا تو وہ جہنم والے ہیں جس میں ہمیشہ رہیں گے۔‘‘

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں: جہنمیوں پر جہنم میں ایسی بھوک مسلط کردی جائے گی جو ان کے عذاب کے برابر ہوگی، وہ کھانے کی فریاد کریں گے تو انہیں کانٹے دار کھانا دیا جائے گا جو نہ انہیں موٹا کرے گا اور نہ ہی بھوک دور کرے گا، وہ پھر کھانا مانگیں گے تو انہیں ایسا کھانا دیا جائے گا جو گلے میں اٹکنے والا ہوگا اور وہ لوگ یاد کریں گے کہ دنیا میں اٹکے ہوئے نوالے پر پانی پیا کرتے تھے وہ پانی مانگیں گے تو آنکڑوں میں کھولتا ہوا پانی ملے گا۔ جب یہ ان کے چہروں کے قریب ہوگا تو ان کے چہروں کو جلا دے گا جب پیٹ میں داخل کریں گے تو وہ پیٹ کی انتڑیوں کو کاٹ کر رکھ دے گا پھر وہ پکاریں گے کہ جہنم کے دروانغہ کو بلا لو، وہ فرشتے کہیں گے: کیا تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے رسول دلیلیں لے کر نہ آئے تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں۔ فرشتے کہیں گے: پکارتے رہو، کافروں کا پکارنا گمراہی میں ہے۔ وہ جہنمی کہیں گے: اے مالک! اپنے رب سے کہو

ہمیں موت دے دے۔ فرشتہ جواب دے گا، تم نے اب ہمیشہ اسی میں رہنا ہے۔

امام اعمشؒ فرماتے ہیں:

یہ بات ثابت ہے کہ ان کا جہنم کے داروغہ (مالک) کو پکارنا اور اس کا جواب دینا ایک ہزار سال تک ہوگا۔ وہ کہیں گے: اپنے رب کو پکارو، تمہارے لئے تمہارے رب سے بہتر کوئی نہیں، لہٰذا وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آ گئی اور ہم گمراہ لوگ تھے، اے ہمارے رب: ہمیں اس جگہ سے نکال لیجئے، اگر پھر کریں تو ہم ظالم ہیں، اللہ تعالیٰ جواب میں فرمائیں گے: اسی میں پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو، اس موقع پر وہ ہر خیر سے ناامید ہو جائیں گے اور آہ و پکار، حسرت اور افسوس اور ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے۔

ایک اور روایت میں آتا ہے:

جہنم کی آگ کا ایک شعلہ جہنمیوں کو اتنا اوپر اٹھائے گا کہ وہ چنگاریوں کی طرح ہوا میں اڑنے لگیں گے جب آگ انہیں اوپر کرے گی تو انہیں جنت نظر آئے گی اور ان کے درمیان پردہ ہوگا تو جنت والے جہنمی کو پکار کر کہیں گے، جس چیز کا ہمارے رب نے ہم سے وعدہ کیا تھا ہم نے اس کو سچا پایا لیکن تم نے بھی اپنے رب کے وعدہ کو سچا پایا، تو ایک پکارنے والا اعلان کرے گا: ظالموں پر اللہ کی لعنت ہو۔ جہنم والے جنت والوں کو پکاریں گے: ہم پر پانی بہا دو یا ہمیں اس میں سے دے دو جو اللہ نے تمہیں عطا کیا ہے۔ وہ کہیں گے: اللہ تعالیٰ نے اسے کافروں پر حرام کر دیا ہے تو عذاب کے فرشتے گرزوں کے ذریعہ انہیں جہنم کی تہہ میں دھکیل دیں گے۔

بعض مفسرین فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کے قول:

﴿كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ

النَّارِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ○﴾

”جب کبھی بھی وہ عذاب سے نکلنے کا ارادہ کریں گے تو اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ تم عذاب جہنم چکھو جس کا تم سے وعدہ لیا گیا تھا۔“ کا یہی مطلب ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جہنمی لوگوں کی جہنم میں چھ دعائیں ہوں گی۔

۱) وہ ہزار مرتبہ پکاریں گے: اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا ہمیں لوٹا دے تاکہ ہم نیک کام کریں، اس کا جواب ہوگا: ”میرا قول سچا ہوگیا۔“

۲) وہ ہزار مرتبہ پکاریں گے: ”اے ہمارے رب! ہم دو مرتبہ جی گئے اور دو مرتبہ مر گئے اور ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا، لیکن اس سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟ اس کا جواب ہوگا: یہ اس وجہ سے ہے کہ جب تنہا اللہ کو پکارا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے۔“

۳) وہ ہزار مرتبہ پکاریں گے: ”اے مالک! اللہ سے کہہ ہمیں موت دے دے، جواب ملے گا“، ”تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔“

۴) وہ ہزار مرتبہ فریاد کریں گے: ”اے ہمارے رب! ہمیں تھوڑی سی مدت کی مہلت دے دے۔ جواب ملے گا: کیا تم نے پہلے قسمیں نہ کھائی تھیں کہ تمہارے لئے کوئی زوال نہیں۔“

۵) وہ ہزار مرتبہ فریاد کریں گے: ”اے ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال دے، ہم اچھے کام کریں گے۔ جواب ہوگا: کیا ہم نے تمہیں زندگی نہ دی تھی کہ اگر کوئی نصیحت حاصل کرنا چاہتا تو کرلیتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا تھا۔“

۶) وہ ہزار مرتبہ فریاد کریں گے: ”اے میرے رب! مجھے لوٹا دے، تاکہ میں اچھے کام کروں جو میں نے چھوڑ دیے۔ (ہرگز نہیں وہ ایک بات ہے جس کا وہ قائل ہے) جواب ملے گا، اسی میں رہو اور مجھ سے بات نہ کرو۔“

صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے: جب جہنم والے جہنم میں اور جنت والے جنت میں چلے جائیں گے تو موت کو لا کر جنت اور جہنم کے درمیان رکھ دیا جائے گا اور ذبح کر دیا جائے گا اور اعلان ہوگا، اے جنتیو! اب موت نہیں ہے اور اے جہنمیو! اب موت نہیں ہے، اس سے جنت والوں کی خوشی میں اضافہ ہو جائے گا اور جہنم والوں کے غم میں اضافہ ہو جائے گا۔

ترمذی کی روایت ہے:

''اگر کسی کو خوشی کی وجہ سے موت آتی تو جنت والے مر جاتے اور کسی کو غم کی وجہ سے مرنا ہوتا تو جہنم والے مر جاتے۔''

اے میرے بھائی! اللہ سے ڈر اور کسی گناہ کو چھوٹا نہ سمجھ اور اپنے پیچھے ایسے اعمال نہ چھوڑ، یہ گمان کرتے ہوئے کہ جہنم تو کافروں کے لئے ہے۔ بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے: اے بلال! کھڑا ہو جا اور لوگوں میں اعلان کر دے کہ جنت میں صرف ایمان والے داخل ہوں گے۔

اور یہ بھی فرمایا:

بعض مرتبہ آدمی جنتیوں کے اعمال کرتا ہے لیکن جہنمی لوگوں میں سے ہوتا ہے اور بعض مرتبہ جہنمیوں والے اعمال کرتا ہے اور جنتیوں میں سے ہوتا ہے کیونکہ اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ہمارے شیخ فرمایا کرتے تھے: جب تو کفار کی حالت اور ان کے جہنم میں ہمیشہ ٹھہرنے کی خبر سنے تو مامون نہ ہو جا کیونکہ معاملہ پر خطر ہے اور تو نہیں جانتا کہ تیرا انجام کیا ہوگا اور غیب میں تیرے لیے کیا حکم ہو چکا ہے اور حالات کی درستگی سے

دھوکہ کا شکار نہ کیونکہ ان کے نیچے بہت سی آفات ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ، اللہ تعالیٰ کے قول:

﴿فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ﴾ [النور:٦٣]

”یعنی ان لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اللہ کے امر کی مخالفت کرتے ہیں کہ انہیں کوئی فتنہ یا عذاب نہ پہنچ جائے۔“ کے بارے میں فرماتے ہیں:

”فتنہ سے مراد بغیر ایمان کے موت ہے۔“

ابوحفص حدادؒ فرماتے ہیں:

”گناہ کفر کا قاصد ہے جیسے بخار موت کا قاصد ہے۔“

حاتم اصمؒ فرماتے ہیں:

کسی اچھی جگہ کو دیکھ کر دھوکہ میں نہ پڑو، کیونکہ جنت سے اچھی جگہ کوئی نہیں لیکن اس کے باوجود حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ کیا حالات پیش آئے۔ زیادہ عبادت سے دھوکہ میں نہ پڑو، کیونکہ ابلیس کو زیادہ عبادت کے باوجود کیا حاصل ہوا، زیادہ علم کی وجہ سے دھوکہ میں نہ پڑو، کیونکہ بلعام کو باوجودیکہ اسم اعظم اچھی طرح جانتا تھا کیسے حالات سے واسطہ پڑا۔ نیک لوگوں کی زیارت سے فریب مت کھاؤ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑا کوئی شخص نہیں، لیکن ان کے رشتہ داروں اور دشمنوں نے ان سے ملاقات کے باوجود ان سے فائدہ نہ اٹھایا۔

روایت میں آتا ہے کہ جب ابلیس کی اصل حقیقت ظاہر ہوئی تو جبرائیل اور میکائیل علیہما السلام کافی عرصہ تک روتے رہے، اللہ تعالیٰ نے ان کو فرمایا: تم اتنا زیادہ کیوں روتے ہو؟ عرض کیا: اے ہمارے رب! ہم تیری خفیہ تدبیر سے مامون نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اسی طرح ہو جاؤ، کہ میری خفیہ تدبیر سے مامون نہ رہو۔

ابوبکر وراق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”اکثر ہم نے انسان سے موت کے وقت اس کا ایمان سلب ہوتے دیکھا ہے جب ہم نے گناہوں میں غور کیا تو لوگوں پر ظلم سے بڑھ کر کوئی چیز ایمان کو سلب کرنے والی نہیں پائی۔“

اقنع فديتك بالقليل ۞ والزم مقارنة الخمول
و املك هواك مجاهدا ۞ و تنح عن قال و قيل
فلسوف تسال يوم يحشر ۞ ك المليك عن الفتيل
والمرء في شغل بذا ۞ ك عن المصاحب والجليل
لا بد تجزى ما صنعت ۞ من الدقيق و بالجليل
ان كنت ترغب في الجنا ۞ ن وظل مولاك الظليل

”میں تجھ پر قربان ہو جاؤں تھوڑے پر قناعت کر اور ہلکی چیزیں استعمال کر۔ اپنی خواہش کو کوشش کر کے تابع رکھ اور زیادہ بحث و تکرار سے بچ۔ کیونکہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تجھ سے نعمتوں کے بارے میں پوچھے گا اور آدمی اس حساب کی مشغولیت کی وجہ سے دوستوں اور ساتھیوں سے غافل ہو جائے گا اور تجھ کو ضرور بضرور اپنے چھوٹے بڑے عمل کا بدلہ دیا جائے گا، تو جہاں تک ہو سکے صبح و شام گناہوں سے بچتا رہ اگر تو ہمیشہ کی جنت اور اللہ کے سایہ کا خواہش مند ہے۔“

اس بات پر اجماع نقل کیا گیا ہے کہ کافروں کو ان کے اعمال فائدہ نہ دیں گے اور انہیں نعمتوں کے حصول یا عذاب کی خفت کا کوئی فائدہ نہ دیا جائے گا بلکہ بعض کافروں کو بڑے گناہوں، اعمال شر اور مسلمانوں کو تکلیف دینے کی وجہ سے کفر میں

اضافہ کر کے زیادہ عذاب دیا جائے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ○ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ○ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ○ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ○ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ○ حَتّٰى أَتٰنَا الْيَقِيْنُ ○ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ○﴾ [المدثر: ٤٢، ٤٨]

”کس چیز نے تمہیں دوزخ میں ڈالا، وہ کہیں گے ہم نمازی نہ تھے اور نہ ہم مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے اور ہم بکواس کرنے والوں کے ساتھ بکواس کیا کرتے تھے اور ہم انصاف کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ موت ہمیں آ پہنچی پس ان کو سفارش کرنے والوں کی سفارش نفع نہ دے گی۔“

لہٰذا ابو طالب کا عذاب ابو جہل کی طرح کا نہ ہوگا۔

ایک مرتبہ حسن بصریؒ کے سامنے جہنم سے نکلنے والے آخری شخص کا ذکر کیا گیا جس کا نام ہناد ہوگا، اسے ایک ہزار سال تک عذاب دیا جائے گا، حضرت حسنؒ رونے لگے اور فرمایا: کاش میں ہناد ہوتا، لوگوں کو ان کی بات پر تعجب ہوا اور فرمایا: تمہارا ناس ہو وہ ایک دن تو نکل جائے گا۔“ بلاشبہ حسن بصریؒ آخرت کے احکام کو جاننے والے تھے۔

یحییٰ بن معاذؒ کہتے ہیں میں نہیں جانتا کہ بڑی مصیبت کون سی ہے، جنت سے محرومی یا دوزخ میں داخلہ، کیوں کہ جنت کے بغیر صبر نہیں ہوسکتا اور جہنم پر صبر نہیں ہو سکتا اور دونوں صورتوں میں نعمتوں کا فوت ہونا جہنم کے عذاب کو برداشت کرنے سے آسان ہے اور مصیبت بالائے مصیبت اس میں ہمیشہ رہنا ہے۔ کون سا دل اسے برداشت کر سکتا ہے اور کون اس پر صبر کر سکتا ہے؟

﴿جنت اور اہل جنت کی نعمتیں﴾

فرمان الٰہی ہے:

﴿وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَّلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○﴾ [البقرة: ٢٥]

’’اور خوشخبری دیجئے ان لوگوں کو جو یمان لائے اور اچھے اعمال کیے کہ ان کے لئے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں جب وہاں ان کو کوئی پھل کھانے کو ملے گا تو وہ کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہمیں اس سے پہلے (دنیا میں) ملا تھا اور دیے جائیں گے ان کو پھل (دنیا کے پھلوں سے) ملتے جلتے اور وہ ہمیشہ وہیں رہیں گے۔‘‘

﴿وَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ○ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ○ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ○ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ○ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ○ مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ○ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ○ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ○ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ○ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ○ وَلَحْمِ

طَیْرٍ مِّمَّا یَشْتَهُوْنَ ○ وَحُوْرٌ عِیْنٌ ○ کَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَکْنُوْنِ ○ جَزَآءً بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ○ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِیْمًا ○ اِلَّا قِیْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ○ وَاَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ مَا اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ ○ فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ○ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ○ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ○ وَّمَآءٍ مَّسْکُوْبٍ ○ وَّفَاکِهَةٍ کَثِیْرَةٍ ○ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ○ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ○﴾ [الواقعة: ۱۰ تا ۳۴]

’’اور آگے بڑھنے والے تو ہیں ہی آگے بڑھنے والے، وہ لوگ مقرب ہیں نعمت کے باغات میں، گروہ ہیں پہلوں میں سے اور تھوڑے ہیں پچھلوں میں سے، مرصع تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے تکیہ لگائے بیٹھے ہیں، ان کے پاس سدا رہنے والے لڑکے بہتی ہوئی ایسی شراب کے آبخورے اور کوزے اور پیالے لئے پھرتے ہیں جس سے نہ دردِ سر ہو اور نہ ہی بدمست ہوں اور جونسا میوہ وہ چن لیں، اور گوشت پرندوں کا جس قسم کا مرغوب ہو اور بڑی آنکھوں والی عورتیں جیسے موتی کے دانے اپنے غلاف میں، بدلہ ہے ان اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے، نہ وہاں بکواس سنیں گی نہ گناہ کی بات، مگر ایک بولنا سلام سلام، اور داہنے والے، کیا کہنے داہنے والوں کے، رہتے ہیں بے خار بیری کے درختوں اور تہ در تہ کیلوں اور لمبے سایوں (حدیث: بیشک جنت میں ایسا درخت ہے کہ گھڑسوار سو سال بھی اس کے سایہ میں دوڑتا رہے تو اس کا سایہ ختم نہیں ہوتا) اور بہتے پانیوں اور بہت سے غیر مقطوع اور غیر ممنوع

میووں اور اونچے بچھونوں میں۔''

﴿وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ○ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ○ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ○ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ○ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ○ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ○ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ○ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ○ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ○﴾ [الغاشية:۸۔۱۶]

''بہت سے چہرے اس دن تروتازہ ہوں گے، اپنی کوشش سے راضی، اونچے باغ میں، اس میں کوئی بیہودی بات نہ سنیں گے، اس میں ایک بہتا ہوا چشمہ ہے، اس میں اونچے تخت ہیں، اور چنے ہوئے آبخورے ہیں، اور برابر بچھے ہوئے گاؤ تکیے ہیں، اور پھیلے ہوئے مخملی قالین ہیں۔''

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت مذکور ہے، فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ کچھ تیار کر رکھا ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی کے دل میں اس کا خیال گزرا۔''

جیسا کہ قرآن کریم میں ہے:

﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ○﴾[السجدہ:۱۸]

''سو کسی شخص کو معلوم نہیں ہے جو اس کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا رکھی ہے۔''

اہل لغت کہتے ہیں: ''قرۃ اعین'' (آنکھوں کی ٹھنڈک) خوشی کو بھی کہا جاتا

ہے اور اس چیز کے دیکھنے کو بھی کہ جسے انسان پسند کرتا ہو۔ صحیح بخاری میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے آپ کی حدیث منقول ہے کہ: بیشک جنت میں ایک ایسا درخت ہے کہ کوئی گھڑ سوار سو سال بھی اس کے سایہ میں دوڑتا رہے تو اس کا سایہ ختم نہیں ہوتا۔

جیسا کہ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ﴾ ''اور لمبا سایہ۔''

جنت میں تمہارا ایک گز کا ٹکڑا مشرق و مغرب سے بہتر ہے۔

امام ترمذی کی کتاب میں ہے:

''جنت کے ہر درخت کا پھل سونے کا ہے۔''

کتاب ترمذی ہی میں ایک روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی منقول ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے آپ سے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مخلوقات کو کس چیز سے بنایا گیا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: ''پانی سے۔''

میں نے پھر عرض کیا: کہ جنت کا مادہ کیا ہے؟

آپؐ نے فرمایا:

اس کی اینٹیں سونے اور چاندی کی ہیں، اس کا گارا خوشبودار مشک ہے، اس کے پتھر موتی ہیں، اس کی مٹی زعفران ہے، جو اس میں داخل ہو گیا وہ ہمیشہ خوش و خرم رہے گا کبھی پریشان نہ ہوگا، ہمیشہ زندہ رہے گا کبھی مرے گا نہیں، نہ تو اس کی جوانی فنا ہوگی اور نہ ہی لباس بوسیدہ ہوگا۔

صحیح مسلم میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جنت میں داخل ہونے والی پہلی جماعت کے چہرے چودھویں رات کے چاند

کی مانند چمکدار ہوں گے اور ان کے بعد والے آسمان پر چمکنے والے ستارے کی مانند ہوں گے اور ان کے دلوں کی روشنی یکساں ہوگی نہ ان میں کچھ اختلاف ہوگا اور نہ ہی کچھ بغض، ان میں سے ہر شخص کی دو بڑی آنکھوں والی حوریں بیویاں ہوں گی، ان حوروں کی پنڈلیوں کا گودا کثرت حسن کے باعث گوشت وہڈی کے اندر ہی سے دکھائی دے گا، وہ صبح شام تسبیح خدا میں مشغول ہوں گے، نہ بیمار ہوں گے اور نہ ہی پیشاب پاخانہ کریں گے، نہ تھوک آئے گی نہ ناک صاف کریں گے، ان کے برتن سونا چاندی کے ہوں گے، ان کی کنگھیاں بھی سونے کی ہوں گی، ان کی آتش دانوں کا ایندھن اگر کی لکڑی ہوگی، ان کی بیویاں بڑی آنکھوں والی حوریں ہوں گی، ان کا پسینہ مشک ہوگا، ان کی جسامت یکساں ہوگی، ان کا قد اپنے باپ آدم علیہ السلام کی مانند ساٹھ ہاتھ بلند ہوگا۔

اور صحیح مسلم ہی میں فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:

اہل جنت وہاں کھائیں پئیں گے مگر نہ تو تھوک و پیشاب پاخانہ آئے گا اور نہ ہی ناک صاف کریں گے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ''پھر کھانے کا کیا بنے گا؟

فرمایا: ایک ڈکار آئے گا اور عطر مشک کی مانند پسینہ آئے گا۔ تسبیح وتحمید ان کے اندر سے یوں نکلے گی جیسے سانس نکلتا ہے۔

صحیحین میں منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اہل جنت بالا خانوں والوں کو یوں سر اُٹھا اُٹھا کر دیکھیں گے جیسے تم مشرق ومغرب کی بلندیوں میں گرداں چمکدار ستاروں کو دیکھتے ہو اس کا سبب ان کے درجات کی کمی زیادتی ہوگا۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا یہ منازل صرف انبیاءؑ کے لئے ہیں، ان کی علاوہ کوئی اور ان تک نہیں پہنچ سکے گا؟

آپؐ نے فرمایا:

کیوں نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے وہ لوگ جو ایمان لائے اور انبیاءؑ کی تصدیق کی (وہ بھی وہاں پہنچ سکیں گے)۔

مسند بزار میں حضرعبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بیشک جنت میں تم کوئی پرندہ دیکھو گے اور تمہارا دل اسے (کھانے کو) چاہے گا تو وہ فوراً ہی تمہارے سامنے بھنا بھنایا آ پہنچے گا۔

کتاب ترمذی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بیشک جنت میں ایسے بالا خانے ہیں جن کا بیرونی حصہ اندر سے اور اندرونی حصہ باہر سے نظر آتا ہے۔

ایک اعرابی نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یہ کس کے لئے ہیں، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم؟

آپؐ نے جواب میں فرمایا:

یہ اس کے لئے ہیں جو عمدہ کلام کرے، کھانا کھلائے، روزوں کی پابندی کرے اور راتوں کو جب لوگ سوتے ہوں تو وہ نمازیں پڑھے۔

کتاب ترمذی میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں:

اگر اشیاء جنت میں سے ایک ناخن سے بھی چھوٹی چیز ظاہر ہو جائے تو آسمان

وزمین کے اطراف اس سے مزین ہو جائیں اور اگر اہل جنت میں سے کوئی نکل آئے اور اس کے کنگن ظاہر ہو جائیں تو ان کی روشنی سورج کی چمک کو یوں ماند کر دے جیسے سورج ستاروں کی چمک کو ماند کرتا ہے۔

کتاب ترمذی میں حضرت علی ؓ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

بیشک جنت میں ایک جمعہ بازار لگے گا جس میں صرف آدمیوں اور عورتوں کی صورتیں ہوں گی کوئی خرید وفروخت نہ ہوگی پس جونہی کوئی آدمی کسی چہرے کو پسند کرے گا اس میں داخل ہو جائے گا۔

کتاب ترمذی میں سلیمان بن بریدہ ؒ نے اپنے والد صاحب سے نقل کیا ہے کہ ایک آدمی نے کہا:

اے اللہ کے رسول ﷺ کیا جنت میں کوئی گھوڑا ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا:

بیشک اللہ تعالیٰ تجھے جنت میں داخل کرے گا تو تیرا دل چاہے گا کہ تو سرخ یاقوت کے بنے ایک ایسے گھوڑے پر سوار ہو جو تجھے جنت میں تیرے من چاہے مقامات پر لئے پھرے پس جونہی یہ چاہت پیدا ہوگی تو اس پر سوار ہو جائے گا۔

ایک آدمی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتے ہوئے عرض کیا:

اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا جنت میں کوئی اونٹ ہوگا؟

آپ ﷺ نے فرمایا:

اگر اللہ نے تجھے جنت میں داخل کیا تو تجھے ہر وہ چیز ملے گی جسے تیرا جی چاہے اور نظر پسند کرے۔

کتاب ترمذی میں ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا:

جو بھی جنتی مرتا ہے خواہ چھوٹا ہو یا بڑا، جنت میں اس کی عمر تیس سال ہی ہوگی اس سے زائد کبھی نہ ہوگی اور یہی حال جہنمیوں کا ہے اور فرمایا: بیشک اہل جنت کے سروں پر ایسے تاج ہوں گے کہ جن کا ادنی ترین موتی بھی مشرق و مغرب کو روشن کر دے۔

کتاب ترمذی ہی میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

بیشک جنت میں سو درجے ہیں، ہر درجہ میں آسمان و زمین کے بقدر فاصلہ ہے، اور سب سے اعلی درجہ ''فردوس'' ہے، اسی سے چاروں نہریں پھوٹتی ہیں اور اسی کے اوپر عرش ہے پس جب بھی تم اللہ سے سوال کرو تو ''فردوس'' کا سوال کرو۔

حکایت ہے کہ سفیان ثوری رحمہ اللہ کے ساتھیوں نے ایک مرتبہ ان سے ان کے خوف، جہد اور کہنہ حالی کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے عرض کیا:

اے اُستاد! اگر آپ ان مجاہدات میں کچھ کمی بھی کر دیں تو ان شاء اللہ اپنے مقصود کو پالیں گی۔

سفیان ثوری نے کہا: میں مجاہدے کیوں نہ کروں؟ حالانکہ میں جانتا ہوں کہ ایک مرتبہ اہل جنت اپنے مکانات میں ہوں گے کہ اچانک ایک روشنی پیدا ہوگی جو آٹھوں باغات کو روشن کر دے گی، اہل جنت سمجھیں گے کہ شاید اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے نور آیا ہے چنانچہ سب سجدہ میں گر پڑیں گے، تبھی انہیں پکارا جائے گا کہ اپنے سروں کو اٹھالو یہ وہ نہیں جو تم سمجھ رہے ہو یہ تو بس ایک لڑکی کا نور ہے جو اپنے ساتھی کے سامنے مسکرائی تھی۔ پھر وہ شعر پڑھنے لگا:

ما ضر من كانت الفردوس مسكنه
ماذا تحمل من بؤس و اقتار

○

تراه كئيبا خائفا وجلا
الى المساجد يمشي بين اطمار

○

يا نفس مالك من صبر على النار
قد حان ان تقبلي من بعد ادبار

”جس کا ٹھکانہ جنت ہو نہ تو وہ تکلیف محسوس کرتا ہے نہ پریشانی اٹھاتا ہے اور نہ ہی دھوکا کھاتا ہے، تو اسے شکستہ دلی، خوف اور ڈر کی حالت میں زرد رنگ لئے مساجد کی طرف جاتا دیکھے گا، اے نفس! تجھے کیا ہوا کہ تو آگ پر صبر کر بیٹھا ہے اب وقت آچکا ہے کہ تو پیچھے ہٹنے کے بعد سامنے آجا۔“

وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا گیا:

”کیا لا الہ الا اللہ جنت کی کنجی نہیں ہے؟“

انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں، مگر ہر چابی کے دو دندانے ہوتے ہیں اگر تم ایسی چابی لے آئے جس کے دو دندانے ہوں تو جنت تمہارے لیے کھول دی جائی گی اور اگر نہ لائے تو نہیں کھلے گی۔

امام بخاریؒ نے بھی اسے اپنی کتاب صحیح میں ذکر کیا ہے اور روایت کیا ہے کہ اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی:

کیا بے حیائی ہے اس شخص کی جو میری جنت میں بغیر عمل کے دخول چاہے، میں اس شخص پر اپنی رحمت کی سخاوت کیسے کروں جو میری اطاعت میں بخل کرے۔

شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے: بغیر عمل جنت طلب کرنا بھی ایک گناہ ہے، اور بغیر سبب کے سفارش کا انتظار کرنا بھی دھوکہ کی ایک قسم ہے اور جس شخص کی

اطاعت نہ کی گئی ہو اس سے رحمت کی امید رکھنا حماقت و ذلت ہے۔ رابعہ بصریؒ ایک شعر پڑھا کرتی تھیں:

ترجو النجاة ولم تسلك مسالكها
ان السفينة لا تجرى على اليبس

''امید نجات تو کرتا ہے مگر اس کی راہ نہیں چلتا، حالانکہ کشتی خشکی پر نہیں چلا کرتی۔''

شیخ یافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فيا عجبا ندرى بنار وجنة
وليس لذى نشتاق او تلك نحذر

○

اذا لم يكن خوف و شوق ولاحيا
فما ذا بقى فينا من الخير يذكر

○

ولسنا لحر صابرين ولا بلا
فكيف على النيران يا قوم نصبر

○

وفوت جنان الخلد اعظم حسرة
على تلك فليتحسر المتحسر

○

فاف لنا اف كلاب مزابل
الى نتنها نعدوا ولا تدبر

○

نبیع خیراً بالحقیر عمایة
ولیس لنا عقل وقلب منور

○

فطوبی لمن یؤتی القناعة والتقی
واوقاتہ فی طاعة اللّٰہ یعمر

’’حیرت ہے ہم جنت دوزخ کا علم رکھتے ہوئے بھی نہ تو جنت کا شوق رکھتے ہیں اور نہ ہی جہنم کا خوف، جب نہ تو خوف وشوق ہے اور نہ ہی کچھ حیا ہے تو پھر کس بھلائی کا ذکر کریں؟ ہم دنیاوی گرمی وامتحانات تو برداشت کرنہیں پاتے تو جہنم پر کیسے صبر کریں گے، جنت کے باغات کا ہاتھ سے نکل جانا سب سے بڑی ناکامی ہے افسوس کنندگان کو چاہیے کہ اس پر افسوس کریں۔ ہم پر تو یوں افسوس ہے جیسے کوڑے دان کے کتوں پر، کہ اس کی بو تو سونگھتے ہیں مگر پرواہ نہیں کرتے، اندھے پن میں ہم ایک بہت بڑی چیز کے بدلے ایک حقیر چیز لے رہے ہیں کیونکہ نہ ہمارے دل کی آنکھ روشن ہے اور نہ ہی عقل ہے۔ کیا خوب ہے وہ شخص کہ جسے تقویٰ اور قناعت عطا کی گئی اور اس کے اوقات اللہ کی اطاعت میں گزرتے ہیں۔‘‘

اے اللہ! ہمیں بھی متقی لوگوں اور جنت کے وارثوں میں سے بنا دے۔ اور اے عظیم محسن! ہمیں اپنی رحمت وسہارے سے محروم نہ فرما۔

﴿حورِ عین کی صفات﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَحُوْرٌ عِيْنٌ ○ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ○ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○﴾ [الواقعة: ٢٢-٢٤]

”اور بڑی آنکھوں والی حور، جیسے موتی اپنے غلاف میں پوشیدہ ہو، بدلہ ہے ان اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔“

ایک اور جگہ فرمایا:

﴿كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ○﴾ [الرحمن: ٥٨]

”گویا کہ وہ یاقوت و مرجان ہیں۔“

اور فرمایا:

﴿اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ○ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ○ عُرُبًا اَتْرَابًا لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ○﴾ [الواقعة: ٣٥-٣٨]

”اور ہم نے انہیں اٹھایا ہے عمدہ اٹھان پر، پس ہم نے انہیں نوجوان محبت دلانے والیاں ہم عمر بنایا، داہنے والوں کے لئے۔“

صحیح مسلم میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بیشک مومن کے لئے جنت میں ایک ایسا خیمہ ہوگا جو ایک ہی موتی کو تراش کر

بنایا گیا ہوگا ہر جانب سے ساٹھ میل لمبا ہوگا، مومن کے اہل کو وہاں کوئی دوسرا نہ دیکھ سکے صرف وہی ان کے پاس آئے جائے گا، اور دو ایسے باغات ہونگے جن کے برتن اور ہر چیز چاندی ہی کی ہوگی اور دو باغات ایسے ہوں گے جن کے برتن اور ہر چیز سونے ہی کی ہوگی، اور جنت عدن میں جنتیوں اور ان کے رب کے درمیان صرف کبریائی ہی کا پردہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنی کبریائی اور عظمت کی وجہ سے یہ پسند نہ کریں گے کہ اس کی مخلوق میں سے کوئی بلا اجازت اسے دیکھے لہٰذا جب اللہ تعالیٰ انہیں جنت عدن میں داخلہ کی اجازت دیں گے تو اسی میں وہ اسے دیکھ پائیں گے۔

صحیح مسلم میں ہے یہ کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

بیشک جنت میں ایک ایسا بازار ہے جس میں جنتی ہر جمعہ کو آیا کریں گے اور ایک تیز ہوا ان کے چہروں اور کپڑوں پر مٹی بکھیرے گی جس سے ان کا حسن و جمال مزید بڑھ جائے گا پھر وہ اپنے گھروں کو لوٹیں گے اور ان کا حسن و جمال مزید بڑھ چکا ہو گا، تب ان کے گھر والے کہیں گے: اللہ کی قسم! تمہارا حسن و جمال بہت بڑھ چکا ہے۔

کتاب ترمذی میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

روز قیامت جنت میں داخل ہونیوالی پہلی جماعت کے چہروں کی چمک چودھویں کے چاند کی چمک کے مثل ہوگی۔ اور دوسری جماعت کے چہروں کی چمک آسمان پر چمکنے والے ستاروں میں سے سب سے زیادہ روشن ستارہ کی مانند ہوگی، ان میں ہر ایک کی دو بیویاں ہوں گی اور ہر بیوی پر ستر ایسے جوڑے ہوں گے کہ ان کے نیچے سے ہی اس کی ہڈیوں کا گودا تک دکھائی دے گا۔

کتاب نسائی میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

مومن کو جنت میں بہت زیادہ قوت جماع دی جائے گی، عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول ﷺ: کیا وہ اس کی طاقت رکھیں گے؟ آپ نے فرمایا: سو آدمیوں کی قوت دی جائے گی۔

کتاب ترمذی میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ سلم نے فرمایا:

جنت میں بڑی آنکھوں والی حوروں کا ایک اجتماع ہوتا ہے جس میں وہ اپنی ایسی سریلی آواز سے بولتی ہیں جو کسی نے نہ سنی ہو، وہ کہتی ہیں: ہم ہمیشہ زندہ رہنے والی ہیں کبھی ہلاک نہ ہوں گی، ہمیشہ خوش رہنے والی ہیں کبھی اداس نہ ہوں گی، ہمیشہ راضی رہنے والی ہیں کبھی ناراض نہ ہوں گی، خوش بخت ہے وہ شخص جو ہمارا ہوا اور ہم اس کی ہوئیں۔

کتاب ترمذی میں فرمان نبوی ﷺ ہے:

اللہ کے راستہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا سے اور جو کچھ دنیا میں ہے اس سب سے بہتر ہے، اور جنت میں تمہارا ایک گز یا ایک ہاتھ کا ٹکڑا بھی دنیا سے اور جو کچھ دنیا میں ہے اس سب سے بہتر ہے، اگر جنت کی عورتوں میں سے کوئی عورت دنیا میں نکل آئے تو دنیا ومافیھا کو روشنی اور خوشبو سے بھر دے اور اس کے سر کی اوڑھنی بھی دنیا ومافیھا سے بہتر ہے۔

کتاب ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ایک ادنی جنتی کے بھی اسی ہزار (۸۰۰۰۰) خادم اور بہتر (۷۲) بیویاں ہوں گی، اس کے لئے زمرد، یاقوت اور موتیوں کا ایسا گنبد بنایا جائے گا جیسا کہ جابیہ وصنعا کے درمیان ہے۔

مسند بزار میں ابوہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ سے عرض کیا گیا:

یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم جنت میں اپنی بیویوں کے پاس جایا کریں گے؟

آپ نے فرمایا: ہاں! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بیشک ایک جنتی دن میں سو بیویوں کے پاس جاسکے گا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا:

جنتی جب اپنی بیویوں سے جماع کرلیا کریں گے تو وہ پھر سے باکرہ ہوجایا کریں گی۔

صحیح مسلم میں مغیرہ بن شعبہ ؓ نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں:

موسیٰؑ نے اپنے رب سے سوال کیا کہ ادنیٰ جنتی کا درجہ کیا ہوگا؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یہ وہ آدمی ہے جو تمام جنتیوں کے جنت میں داخلہ کے بعد آئے گا، اسے کہا جائے گا: کہ جنت میں داخل ہوجا تو وہ کہے گا: اے میرے رب! میں کیسے داخل ہوجاؤں جب کہ تمام لوگ پہلے سے ہی اپنے درجات وانعامات کو پاچکے ہیں؟ تب اسے کہا جائے گا: کیا تو اس پر راضی ہے کہ تجھے کسی دنیاوی بادشاہ کے مثل سلطنت مل جائے تو وہ کہے گا: میرے رب میں راضی ہوں، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، یہ سلطنت بھی تیری ہوئی اور اس کے مثل دس اور بھی ملے گا جس کو تیرا جی چاہے اور آنکھیں پسند کریں تو وہ کہے گا مرے رب میں راضی ہوں۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: کیا ان سے بھی اعلیٰ درجہ میں ہوگا؟

فرمایا: وہ تو ایسے لوگ ہیں کہ میں نے ارادہ کیا کہ ان کی عزت میرے ہاتھ سے بوئی جائے اور اسی پر ختم ہو پس اسے کسی آنکھ نے دیکھا نہیں، کسی کان نے سنا نہیں اور کسی دل پر اس کا خیال نہیں گذرا

اور فرمایا کہ یہ حدیث کتاب اللہ سے بھی تصدیق شدہ ہے جیسا کہ فرمان الٰہی ہے:

﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ﴾ [السجدة: ١٨]

"کوئی شخص اس آنکھوں کی ٹھنڈک کو نہیں جانتا جو اس کے لیے چھپا رکھی ہے۔"

صحیح مسلم میں ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ جنتیوں کو پکاریں گے: اے اہل جنت! تو وہ کہیں گے ہمارے رب ہم حاضر، ہم تابعدار ہیں اور بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے، تو اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کیا تم راضی ہو؟ وہ جواب دیں گے:

اے ہمارے رب! ہم کیوں راضی نہ ہوں حالانکہ ہمیں تو وہ کچھ دے چکا ہے جو تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو نہ دیا۔

پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیا میں تمہیں اس سے بھی اچھا نہ دوں؟ تو وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! اس سے اچھی کیا چیز ہوگی؟

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے تم پر اپنی رضا کو عام کر دیا اب میں تم سے کبھی ناراض نہ ہوں گا۔

اے میرے بھائیو! دنیا کو چھوڑ دو آخرت کے لئے کوشش کرو، دنیا کی عورتوں کی محبت چھوڑ دو اور عمدہ حوروں کو خرید لو وہ کم قیمت سے حاصل ہو جاتی ہیں اور جنت

میں ہمیشہ تمہارے ساتھ رہیں گی۔

مالک بن دینار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ ایک مرتبہ بصرہ کی گلیوں میں چل رہے تھے کہ اچانک ایک شاہی باندی کے پاس جا نکلے جو کہ سوار تھی اور اس کے ساتھ خدام تھے جب مالک رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھا تو پکارا:

اے باندی! کیا تیرا مالک تجھے بیچے گا؟

اس باندی نے سوال کیا:

آپ نے یہ کیسے کہا اے بزرگ؟

مالک بن دینار نے پھر پوچھا: کیا تیرا مالک تجھے بیچے گا؟

باندی نے کہا: اگر اس نے بیچا تو کیا تم جیسا شخص مجھے خرید سکے گا۔

انہوں نے کہا: ہاں! تجھ سے بہتر بھی (خرید سکتا ہوں)۔ (یہ سن کر) وہ باندی ہنس دی اور انہیں اپنے گھر لے جانے کا حکم دیا، چنانچہ انہیں وہاں لے جایا گیا۔ جب اس باندی نے اپنے مالک کو بتایا تو وہ بھی ہنس دیا اور اسے حاضر کرنے کا حکم دیا، جب اسے حاضر کیا گیا تو اس کی ہیبت بادشاہ کے دل میں ڈال دی گئی اور بادشاہ نے دریافت کیا: تیری کیا حاجت ہے؟

یہ باندی مجھے بیچ دے انہوں نے جواب دیا:

کیا تو اس کی قیمت ادا کر سکتا ہے؟ بادشاہ نے پوچھا:

اس کی قیمت میرے نزدیک دو گھن زدہ گٹھلیاں ہیں انہوں نے جواب دیا:

تیرے نزدیک اس کی قیمت اتنی کم کیوں ہے؟

بادشاہ نے پھر سوال کیا: اس کے عیوب کی کثرت کے باعث انہوں نے جواب دیا۔

پھر فرمایا: اگر یہ خوشبو نہ لگائے تو جسم سے بدبو آئے، اگر مسواک نہ کرے تو منہ سے بدبو آئے، اگر کنگھی تیل نہ کرے تو جوئیں پڑ جائیں، زلفیں پریشان ہو جائیں، کچھ عمر گزرے تو بوڑھی ہو جائے۔ حیض، پاخانہ، پیشاب، میل کچیل، رنج وغم اور کدورت سب اسے لاحق ہے اور شاید اس کا تجھ سے دوستی رکھنا بھی اپنی ذات ہی کے لئے ہو اور تجھ سے محبت کرنا بھی اپنی خوشیوں کے لئے ہو، تجھ سے کیئے عہدوں کو پورا نہ کرے، تیرے عشق مین سچی نہ ہو اور تیرے بعد آنے والے کو بھی تجھ سا ہی جانے اور میں تو تیری باندی سے بھی کم قیمت میں ایک ایسی باندی خریدنے والا ہوں جس کی تخلیق کافور کے پانی، مشک، جواہرات اور نور سے ہوئی ہے اگر اس کا تھوک کھارے پانی میں ملا دیا جائے تو وہ میٹھا ہو جائے، اگر اس کے کلام میں مردہ کو پکارا جائے تو وہ بھی بول اٹھے، اگر اس کی کلائی سورج کے سامنے ہو جائے تو وہ بھی ماند پڑ جائے اور گرہن زدہ ہو جائے، اگر اس کی کلائی اندھیریوں میں نکل آئے تو وہ بھی نور سے بھر جائیں اور روشن ہو جائیں اگر اس کے لباس وزیورات کا رخ اطرافِ آسمان کی جانب کر دیا جائے تو وہ بھی مزین و معطر ہو جائیں، مشک، زعفران، قضبان، یاقوت اور مرجان کے باغات میں اس کی پرورش ہوئی، پر آسائش خیموں میں مقیم، تسنیم کے پانیوں سے پلائی گئی، نہ وعدہ توڑے نہ محبوب بدلے، تو ان دونوں میں سے کون زیادہ قیمت کی حق دار ہے؟

بادشاہ نے کہا: وہی جس کے اوصاف تو نے بیان کیے۔

مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: بیشک وہ تو ہر زمانہ میں انتہائی تھوڑی قیمت میں نکاح کے لیے موجود ہے۔

اس کی قیمت کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ تجھے خوش رکھے۔

بادشاہ نے سوال کیا:

اس بہت بڑی اور پرکشش چیز کی قیمت بہت تھوڑی ہے اور وہ یہ کہ تو اپنی رات میں سے کچھ وقت نکال کر خالص اپنے رب کی رضا کے لئے دو نفل پڑھ لیا کر اور جب تیرا کھانا لگ چکے تو اللہ کی رضا کے لئے کسی بھوکے کو تلاش کر کے اپنی خواہش پر ترجیح دے لیا کر اور یہ کہ تو پتھر یا گندگی کو ہٹا دے اور کفایت شعاری سے زندگی گزارے اور تو دھوکہ وغفلت کے گھر کے لئے کوشش نہ کر، اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تو دنیا میں کفایت شعاری کی زندگی گزارے گا اور امن وسلامتی کے ساتھ عزت کے درجات کی طرف آئے گا اور ہمیشہ اپنے کریم مولا کے ساتھ جنت میں نعمتوں کے گھر میں رہے گا۔

یہ سن کر بادشاہ نے اپنی باندی سے کہا: کیا تو نے سنا ہمارے اس بزرگ نے کیا کہا؟

''ہاں۔'' باندی نے جواب دیا:

''اس نے سچ کہا یا جھوٹ'' بادشاہ نے پوچھا:

''سچ کہا اور اچھی نصیحت کی۔'' باندی نے جواب دیا:

یہ سن کر بادشاہ نے کہا: تب تو تم آزاد ہو اور اتنا مال تم پر صدقہ ہے اور اے غلامو! تم بھی آزاد ہو اور اتنا مال تمہارے لیے ہے اور یہ گھر اور جو کچھ بھی اس میں ہے وہ سب مع میرے تمام مال صدقہ ہے اللہ تعالیٰ کے راستے میں، پھر اس نے ہاتھ بڑھا کر دروازہ پر لٹکا ہوا ٹاٹ کا پردہ کھینچا اور اپنے اوپر ڈال لیا، یہ سب دیکھ کر باندی نے کہا:

اے میرے آقا تیرے بعد کوئی زندگی نہیں یہ کہہ کر اس نے بھی اپنی قیمتی چادر اتار کر

کھردرے کپڑے پہن لئے اور اپنے مولا کے ساتھ ہی چل پڑی۔ مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ نے بھی انہیں رخصت کیا اور دعا دے کر اپنی راہ چل پڑا۔ وہ دونوں تمام زندگی خلوت نشین رہے یہاں تک کہ موت نے آ کر انہیں عبادت ہی کی حالت میں آگے منتقل کر دیا اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے اور ان سے راضی ہو اور ہمیں بھی ان دونوں سے اور تمام نیک لوگوں سے نفع پہنچائے۔

اے اللہ! ہم پر ان کی اتباع کو آسان کر دے اور ان کی کامیابیوں کو ہم تک پہنچا دے اور ان کی برکات کو ہمارے لیے دائمی کر دے اور ہمیں بھی ان کے ساتھ ملا دے اور ان کی جماعت کے ساتھ حشر فرما اور ہمیں بھی ہدایت دے اور ان کی جماعت کے ساتھ ملا دے۔ (آمین)

* * *

﴿اللہ سے ملاقات﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ○ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ○ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ○ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ○﴾[القيامة: ۲۲-۲۵]

''بہت سے چہرے اس دن تروتازہ ہوں گے، اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے اور بہت سے چہرے اس دن اداس ہوں گے وہ یہ گمان کر رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ سختی کی جائے گی۔''

صحیح مسلم میں حضرت صہیب رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

جب جنتی لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا تم مزید کچھ چاہتے ہو؟

وہ کہیں گے کیا تو نے ہمارے چہرہ کو روشن نہیں کر دیا اور ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور ہمیں دوزخ سے نہیں بچا لیا؟

اس موقع پر بحکم خداوندی پردے اٹھا دیے جائیں گے اور جنتی لوگ اللہ کے چہرہ کا دیدار کریں گے اور انہیں اپنے رب کے دیدار سے زیادہ کوئی محبوب چیز عطا نہیں کی گئی ہوگی۔

پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی:

﴿لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ﴾ [یونس: ۳]

علماء فرماتے ہیں کہ ”حسنیٰ“ سے مراد جنت اور ”زیادہ“ سے مراد اللہ کا دیدار ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں:

سب سے ادنیٰ درجہ کا جنتی اس حالت میں ہوگا کہ اس کی جنت اس کی بیویاں، نعمتیں، نوکر اور تخت ایک ہزار سال کی مسافت تک ہوں گے اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز وہ شخص ہوگا جو صبح و شام اللہ کا دیدار کرے پھر حضور علیہ السلام نے یہ آیت پڑھی:

﴿وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾ [القیامة: ۲۲-۲۳]

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چودھویں کے چاند کو دیکھ کر فرمایا تم اپنے رب کو ایسے سامنے دیکھو گے جیسے اس چاند کو دیکھ رہے ہو یعنی اس میں کوئی دھکم پیل نہ ہوگی اور اگر تم سے ہو سکے تو طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے کی نماز میں سستی نہ کرنا۔

پھر یہ آیت پڑھی:

﴿وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ غُرُوْبِهَا﴾

[طٰہٰ: ۱۳]

”سورج کے طلوع اور غروب سے پہلے اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی تسبیح بیان کیجئے۔“

حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میری ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی

تو فرمایا:

میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے اور تمہیں جنت کے بازار میں جمع کر دے۔

میں نے عرض کیا: کیا وہاں بازار بھی ہوگا؟

فرمایا: ''ہاں۔''

مجھے آنحضرت ﷺ نے بتایا کہ اہل جنت جب اپنے اعمال کے مطابق جنت میں داخل ہو جائیں گے تو ہر جمعے کے دن انہیں بلایا جائے گا تا کہ وہ اپنے رب کی زیارت کرسکیں۔ چنانچہ عرش الٰہی ان کے سامنے ظاہر ہوگا اور یہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ میں ہوگا۔ پھران کے لئے نور، موتی، زمرد، یاقوت، سونے اور چاندی کے منبر رکھے جائیں گے اور ان میں سے ادنیٰ درجے کا جنتی (اگرچہ ان میں کوئی ادنیٰ نہیں ہوگا) بھی مشک اور کافور کے ٹیلوں پر ہوگا۔ وہ لوگ یہ نہیں دیکھ سکیں گے کہ کوئی ان سے اعلیٰ منبروں پر بھی ہے۔ (تا کہ وہ غمگین نہ ہوں)۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا:

یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہم اللہ رب العزت کو دیکھیں گے؟

فرمایا: ''ہاں۔''

کیا تم لوگوں کو سورج یا چودھویں رات کے چاند کو دیکھنے میں کوئی زحمت یا تردد ہوتا ہے؟

ہم نے کہا: ''نہیں۔''

فرمایا: اسی طرح تم لوگ اپنے رب کو دیکھنے میں بھی زحمت و تردد میں مبتلا نہیں ہو گے۔ بلکہ اس مجلس میں کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو بالمشافہ اللہ تعالیٰ سے گفتگو نہ کر سکے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان میں سے کسی سے کہیں گے: اے فلاں بن فلاں

تمہیں یاد ہے کہ تم نے فلاں دن اس طرح کہا تھا اور اسے اس کے بعض گناہ یاد دلائیں گے۔

وہ عرض کرے گا:

اے اللہ! کیا آپ نے مجھے معاف نہیں کر دیا؟

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیوں نہیں۔

میری مغفرت کی وسعت ہی کی وجہ سے تو تم اس منزل پر پہنچے ہو۔ اس دوران ان لوگوں کو ایک بدلی ڈھانپ لے گی اور ان پر ایسی خوشبو کی بارش کرے گی کہ انہوں نے کبھی ویسی خوشبو نہیں سونگھی ہو گی۔

پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اٹھو اور میری کرامتوں (انعامات) کی طرف جاؤ جو میں نے تمہارے لیے رکھے ہیں اور جو چاہو لے لو۔ پھر ہم لوگ اس بازار کی طرف جائیں گے۔ فرشتوں نے اس کا احاطہ کیا ہو گا اور اس میں ایسی چیزیں ہوں گی جنہیں نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی دل پر ان کا خیال گزرا۔ چنانچہ ہمیں ہر وہ چیز عطا کی جائے گی جس کی ہم خواہش کریں گے۔ وہاں خرید و فروخت نہیں ہو گی۔ پھر وہاں جنتی ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے۔

اس کے بعد آپ نے فرمایا:

پھر ان میں ان سے اعلیٰ مرتبے والا جنتی اپنے سے کم درجے والے سے ملاقات کرے گا۔ حالانکہ ان میں کوئی بھی کم درجے والا نہیں ہو گا تو اسے اس کا لباس پسند آئیگا۔ ابھی اس کی بات پوری بھی نہیں ہو گی کہ اس کے بدن پر اس سے بھی بہتر لباس ظاہر ہو جائے گا۔ یہ اس لیے ہو گا کہ وہاں کسی کا غمگین ہونا جنت کی شان کے خلاف ہے۔ پھر ہم اپنے گھروں کی طرف روانہ ہو جائیں گے۔ وہاں جب ہماری

اپنی بیویوں سے ملاقات ہوگی تو وہ کہیں گی۔ مرحبا و اہلاً۔ تم پہلے سے زیادہ خوبصورت ہوکر لوٹے ہو۔ ہم کہیں گے کہ آج ہم اپنے رب جبار کی مجلس میں بیٹھ کر آ رہے ہیں۔ لہٰذا اسی حسن و جمال کے مستحق ہیں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں:

میں نے جنگ میں ایک لڑکا دیکھا جو کھڑا عبادت میں مصروف تھا اس کے پاس کوئی نہ تھا اور وہ آبادی اور لوگوں سے علیحدہ ہو چکا تھا میں نے اسے سلام کیا اور کہا:

اے نوجوان! تو بغیر مددگار اور دوست کے اکیلا پڑا ہے؟

اس نے جواب دیا: کیوں نہیں!

اللہ کی عزت کی قسم! میرا مددگار اور دوست ہے۔ میں نے پوچھا: تیرا مددگار اور دوست کہاں ہے؟

جواب دیا: وہ اپنی قدرت کے ساتھ میرے اوپر ہے، اپنے علم و حکمت کے ساتھ میرے ساتھ ہے، اپنی ہدایت کے ساتھ میرے سامنے ہے، اپنی نعمت کے ساتھ میرے دائیں اور اپنی عصمت کے ساتھ میرے بائیں، اس کی یہ باتیں سن کر میں نے اس سے کہا آپ کو میری کوئی ضرورت ہے، وہ کہنے لگا اس شخص کی مرافقت دور ہو جائے جو مجھے اللہ کی خدمت سے غافل کر دے، میں اس چیز کو اس وقت بھی نا پسند کروں گا جب مجھے اس کے بدلہ دنیا کے مشرق و مغرب کی بادشاہت مل جائے۔

میں نے اسے کہا: تو اس جگہ وحشت محسوس نہیں کرتا اور تو کہاں سے کھاتا ہے؟

اس نے جواب دیا: اے شخص! جس نے مجھے بچپن میں تنگ انتڑیوں کی حالت میں غذا دی اور بڑا ہونے پر میری ذمہ داری لی اور میرے لئے اس کے ہاں ایک وقت

معلوم ہے اور اس کی مدت حتمی ہے۔

میں نے اس سے دعاؤں کی درخواست کی، تو کہنے لگا:

اللہ کے نگہبان تجھے اس کی نافرمانی سے روک دیں، اور تیرے دل کو اس کی طرف سے پھیر دیں، تجھے ان لوگوں میں سے نہ بنائے جو اللہ کی عبادت سے غافل ہو کر غیروں میں مشغول ہو گئے۔ پھر وہ عبادت کے لئے جانے لگا تو میں اس کے پیچھے ہو گیا اور کہا:

اے میرے بھائی! میں دوبارہ آپ سے کب ملاقات کروں، وہ مسکرایا اور کہنے لگا: اس دن کے بعد خود کو دنیا والوں میں شمار نہ کر اور قیامت کے دن جس میں لوگ جمع ہوں گے اگر تو مجھے ملے تو مجھے ان لوگوں میں تلاش کرنا جو اللہ کو دیکھ رہے ہوں گے۔

میں نے اسے کہا: تجھے یہ بات کیسے معلوم ہوئی؟

اس نے جواب دیا: مجھ سے میرے رب نے وعدہ کیا ہے اور وہ اس وجہ سے کہ میں نے اپنی نگاہ کو غیر محرم کی طرف اُٹھنے سے جھکا لیا ہے اور اپنے نفس کو شہوتیں پوری کرنے سے روک دیا ہے اور میں اس کی عبادت میں تاریک راتوں میں بھی مصروف ہو گیا ہوں، پھر وہ غائب ہو گیا اور میں نے اس کو دوبارہ نہیں دیکھا۔

اے اللہ! ہمیں ان لوگوں میں سے بنا دے جو مذکورہ تین صفات کے ساتھ متصف ہوں اور قیامت کے دن تیری ملاقات سے مشرف ہوں اور جنہیں فرشتے یہ کہتے ہوں کہ تم پر سلامتی ہو، تمہیں خوشخبری ہو اور جنت میں داخل ہو جاؤ۔

❀صلی اللہ علی سیّدنا محمد و علی آلہٖ وصحبہٖ وسلم❀

* * *

حسنِ خاتمہ کی تدابیر

جمع و ترتیب

مولانا سید ممتاز احمد شاہ

دارالقلم
93- علی بلاک اعوان ٹاؤن ملتان روڈ لاہور
موبائل 0333-4248644

اللہ تعالیٰ جل شانہ فرماتے ہیں:

﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۗ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ ○﴾ [العمران: ۱۸۵]

”ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے اور تمہیں قیامت کے دن پورے پورے بدلے ملیں گے پھر جو کوئی دوزخ سے دور رکھا گیا اور بہشت میں داخل کیا گیا سو وہ پورا کامیاب ہوا اور دنیا کی زندگی سوائے دھوکے کی پونجی کے اور کچھ نہیں۔“

خوب سمجھ لو! کہ جنت میں داخل ہونے کی شرط اولین حسن خاتمہ ہے یعنی جب انسان اس دنیا فانی سے کوچ کرنے لگے تو اس کی زبان پر کلمہ طیبہ ”لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ“ یا کلمہ شہادت ”اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ“ جاری ہو یا پھر ایسے قرآئن اور علامات پائی جائیں جن سے حالت ایمان پر فوت ہونا ظاہر ہو۔

جناب رسول ﷺ نے فرمایا کہ ”ایک شخص صبح کو مسلمان ہوگا اور شام کو کافر ہوگا اور ایک شخص شام کو مسلمان ہوگا اور صبح کو کافر ہوگا۔ ایک دوسری حدیث میں آتا ہے کہ ایک آدمی جنت میں لے جانے والے اعمال کر رہا ہوتا ہے۔ جنت اور اس کے درمیان صرف ایک بالشت کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے کہ اس سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ جہنم کے گڑھا میں جا گرتا ہے۔ اور ایک شخص گناہ کرتا رہتا ہے۔ جہنم اور اس کے درمیان صرف ایک بالشت کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے کہ وہ کوئی ایسا نیک کام کرلیتا ہے جو اس کو جنت میں پہنچا دیتا ہے۔“ ایسے ایمان سوز حالات میں سب سے زیادہ فکر حسن خاتمہ کی کرنی چاہیے۔ جس پر آخرت کی ابدی زندگی مدار ہے حسنِ خاتمہ کے لیے کچھ تدابیر لکھی جاتی ہیں۔

﴿پوری زندگی پورے دین پر چلنے کا عزم کرنا﴾

اللہ تعالیٰ جل شانہ نے ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کو خاتم النبیین کا اعزاز بخشا آپ ﷺ جو دین لے کر تشریف لائے وہ آخری دین ہے اور عند اللہ اب یہی محبوب اور مطلوب ہے۔ قیامت تک تمام انسانوں کی فلاح و بہبود اور ہدایت کا سر چشمہ ہے۔ عقائد، اخلاق، عبادات، معاملات، تبلیغ، طریقت، سیاست اور جہاد غرض یہ کہ زندگی کے ہر شعبہ میں ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن نے اپنی پوری زندگی دین اسلام کے احکام کے مطابق گزاری اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوئے اور بعض کو دنیا ہی میں جنت کی خوشخبری سنا دی گئی تھی جس سے ان کا حسنِ خاتمہ مترشح ہوتا ہے اے خوش نصیب تو بھی ارادہ مصمم کر کہ ہمیشہ پورے دین پر عمل کرتا رہے گا تاکہ تجھے بھی حسنِ خاتمہ کی سعادت نصیب ہو جائے چنانچہ مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ ''معارف القرآن'' میں اس آیت کی تفسیر کے متعلق لکھتے ہیں

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُو اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ﴾ [آل عمران:۱۰۱]

اس سے معلوم ہوا کہ تقوی درحقیقت پورا اسلام ہی کا نام ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی مکمل اطاعت اور نافرمانی سے مکمل پرہیز ہی کا نام تقوی ہے اسی کو اسلام کہا جاتا ہے رہا یہ معاملہ کہ آیت میں حکم یہ ہے کہ تمہاری موت اسلام ہی پر آنی چاہیے اسلام کے سوا کسی حال پر موت نہ آنی چاہیے تو یہاں یہ شبہ نہ کیا جائے کہ موت تو

آدمی کے اختیار میں نہیں کسی وقت کسی حال میں آسکتی ہے کیونکہ حدیث میں ہے کَمَا تُحْیُوْنَ تَمُوْتُوْنَ وَکَمَا تَمُوْتُوْنَ تُحْشَرُوْنَ یعنی جس حالت پر تم زندگی گزارو گے۔ اسی پر موت آئے گی۔ اور جس حالت میں موت آئے گی اسی حالت میں حشر میں کھڑے کئے جاؤ گے۔ تو جو شخص اپنی پوری زندگی اسلام پر گزارنے کا پختہ عزم رکھتا ہے اور مقدور بھر اس پر عمل کرتا ہے۔ اس کی موت انشاء اللہ اسلام ہی پر ہی آئے گی۔

* * *

﴿حسن خاتمہ کے لیے دعا کرتے رہنا﴾

اللہ تعالیٰ عزوجل کا فرمان ہے:

﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيْٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾

’’اور تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ مجھ سے دعا مانگا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔‘‘

حسن خاتمہ کی تدابیر میں سے ایک موثر تدبیر یہ بھی ہے کہ انسان اس کے لیے ہمیشہ دعا کرتا رہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ دعا مانگا کرتے تھے۔

﴿تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ﴾ [یوسف:۱۰۱]

’’تو مجھے اسلام پر موت دے اور مجھے نیک بختوں میں شامل کردے۔‘‘

﴿دعا کے فضائل﴾

سرور دو عالم ﷺ کا فرمان عالی ہے کہ ’’دعا مومن کی ہتھیار ہے اور دین کا ستون ہے اور آسمان وزمین کا نور ہے‘‘ ایک دوسری حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ ’’دعا کے سوا کوئی چیز قضاء (تقدیر کے فیصلہ) کو رد نہیں کرسکتی اور نیکی کے سوا کوئی چیز

عمر کو نہیں بڑھا سکتی ہے۔"

خوب سن لو؟ دنیا کے بادشاہوں سے اگر مانگا جائے تو ناراض ہوتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ جل شانہ بادشاہوں کے بادشاہ ہیں اس سے نہ مانگا جائے تو ناراض ہوتا ہے چنانچہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس شخص سے ناراض ہو جاتے ہیں۔ اس لیے ہمیشہ اپنی ہر دینی اور دنیاوی حاجت اور ضرورت کے لیے دربار الٰہی میں دست دراز کرتے رہنا چاہیے خاتمہ بالخیر میں چونکہ دونوں جہانوں کی سرفرازی کا راز مضمر ہے اس لیے بڑے اہتمام اور لگن سے دعا کرنی چاہیے بالخصوص ان مبارک اوقات اور مقدس مقامات جن میں دعا کو شرف قبولیت ہوتا ہے۔

دعا کی قبولیت کے اوقات

جن اوقات میں دعا قبول ہوتی ہے وہ یہ ہیں

1. فرض نماز کے بعد
2. شب جمعہ (جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات)
3. جمعۃ المبارک کا پورا دن
4. تہجد کی نماز کے بعد
5. رمضان المبارک کا پورا مہینہ
6. سحری کے وقت
7. افطار کے وقت

﴿دعا کی قبولیت کے مقامات﴾

جن مقدس مقامات میں دعا قبول ہوتی ہے وہ یہ ہیں

1. بیت اللہ کا طواف کرتے وقت
2. ملتزم کے پاس (حجرہ اسود اور بیت اللہ کے دروازے کا درمیانی حصہ)
3. میزاب (بیت اللہ کے پرنالے) کے نیچے
4. زم زم کے چشمہ کے پاس
5. صفا اور مروہ کی پہاڑیوں پر
6. مقام ابراہیم کے پیچھے جہاں بھی جگہ میسر ہو
7. عرفات کے میدان میں
8. مزدلفہ میں
9. منی میں
10. آنحضرت ﷺ کے روضہ اقدس کے پاس

اے غافل! خواب غفلت سے بیدار ہو اور دعا کے ذریعہ حسن خاتمہ کو اپنا مقدر بنا۔

﴿حسن خاتمہ کے لیے دعائیں﴾

حجۃ الاسلام حضرت امام غزالیؒ نے حسن خاتمہ کے لیے ایک مجرب دعا تجویز فرمائی ہے اس دعا کو پڑھنے والے کا ایمان مرتے وقت شیطان کی ڈاکہ زنی سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور وہ دعا یہ ہے:

﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴾ [ال عمران: ۸]

”اے ہمارے رب! ہدایت کے بعد ہمارے دلوں کو ہدایت سے نہ پھیر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطاء فرما کہ بے شک تو ہی بہت دینے والا ہے۔“

اس دعا کو یاد کرلیں اور جب بھی دعا مانگیں اس دعا کو ضرور پڑھا کریں بالخصوص فرض نمازوں کے بعد دیگر دعاؤں کے ساتھ اس کو شامل رکھیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دعا بھی حسن خاتمہ کے لیے ممد و معاون ثابت ہو سکتی ہے اور وہ یہ ہے۔

((اَللّٰهُمَّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَّاِیْمَانًا وَ یَقِیْنًا))

”اے اللہ مجھے زیادہ علم دے اور ایمان اور یقین“

ان کے علاوہ اپنی زبان اور اپنے الفاظ میں بھی حسن خاتمہ کے لیے بھی دعا مانگی جا سکتی ہے۔

﴿ہمیشہ بکثرت اللہ کا ذکر کرتے رہنا﴾

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا﴾ [احزاب: ٤١]

”اے ایمان والو تم اللہ کا ذکر خوب بکثرت سے کیا کرو۔“

دوسرے مقام پر فرمایا:

﴿وَالذّٰكِرِیْنَ اللّٰهَ كَثِیْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا﴾ [احزاب ٣٥]

”اور بکثرت اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور اللہ کا ذکر کرنے والی عورتیں ان سب کے لیے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔“

خوب سمجھ لو! کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ایمان کی حفاظت کر کے حسنِ خاتمہ کی سعادت کو حاصل کیا جا سکتا ہے چنانچہ حضرت معاذ بن جبلؓ نے اپنے قریبی ساتھی اسود بن ہلالؒ جو ایک بہت بڑے تابعی تھے سے کہا:

((اِجْلِسْ بِنَا نُؤْمِنْ ساعةً))

”ہمارے پاس کچھ دیر بیٹھ جاؤ تا کہ ایمان تازہ کریں۔“

اس کا مطلب یہ ہے کہ دنیاوی دھندوں میں پڑ جانے سے انسان کے اندر کچھ نہ کچھ غفلت طاری ہو ہی جاتی ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اس غفلت کی ظلمت زائل کر کے اپنے ایمان کو مرتے دم تک محفوظ کریں تا کہ خاتمہ بالخیر کی سعادت حاصل ہو سکے۔

فقیہ ابواللیث سمرقندیؒ ''تنبیہ الغافلین'' میں لکھتے ہیں۔ بندہ کو چاہیے کہ کثرت سے لاالہ الااللہ پڑھتا رہا کرے اور حق تعالیٰ شانہ سے ایمان کے باقی رہنے کی دعا بھی کرتا رہے اور اپنے کو گناہوں سے بچاتا رہے اس لیے کہ بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ گناہوں کی نحوست سے اخیر میں ان کا ایمان سلب ہوجاتا ہے اور دنیا سے کفر کی حالت میں جاتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر اور کیا مصیبت ہوگی کہ ایک شخص کا نام ساری عمر مسلمانوں کی فہرست میں رہا ہو مگر قیامت میں وہ کافروں کی فہرست میں ہو، یہ حقیقی حسرت اور کمال حسرت ہے اس شخص پر افسوس نہیں ہوتا جو گرجا یا بت خانہ میں ہمیشہ رہا ہو اور وہ اخیر میں کافروں کی فہرست میں شمار کیا جائے۔ افسوس اس پر ہے جو مسجد میں رہا اور اس کا شمار کافروں میں ہوجائے۔ یہ بات گناہوں کی کثرت سے اور تنہائیوں میں حرام کاموں میں مبتلا ہونے سے ہوتی ہے، بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کے پاس دوسروں کا مال ہوتا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ یہ دوسروں کا ہے مگر دل کو سمجھاتے رہتے ہیں کہ میں کسی وقت واپس کردوں گا یا صاحب حق سے معاف کرالوں گا لیکن اس کی نوبت نہیں آتی اور موت آجاتی ہے۔ بہت سے لوگ ہیں کہ ان کی بیوی کو طلاق ہوجاتی ہے مگر پھر بھی اس سے ہم بستری کرتے ہیں اور اسی حالات میں ان کی موت آجاتی ہے کہ توبہ کی توفیق نہیں ہوتی، ایسے ہی حالات میں آخر میں ایمان سلب ہوجاتا ہے۔ اللھم احفظنا منہ۔

انسان جس ماحول میں رہتا ہے عموماً اس کو خواب بھی اسی ماحول کے آتے ہیں چنانچہ کاشت کار خواب میں کھیتی باڑی کا کام کرتا ہے اور تاجر اپنی تجارت وغیرہ اور جناب ڈاکٹر صاحب کبھی خواب میں بھی مریضوں کے چیک اپ میں مصروف ہوتے ہیں۔ اسی طرح ذکر کرنے والا بھی بسا اوقات خواب میں ذکر اللہ میں مشغول ہوتا ہے

چونکہ نزع کی حالت بھی خواب ہی کی طرح ہے۔ اس لیے انشاء اللہ امید ہے کہ ذکر کرنے والے کی زبان پر موت کے وقت بے بسی کے عالم میں بے ساختہ ”لا الہ الا اللہ“ جاری ہو جائے گا۔

ذکر کرنے والوں کے حسنِ خاتمہ کے دو قصے

حضرت مولانا عبدالحق سنبھلیؒ بڑے ذاکر و شاغل بزرگ تھے۔ جب بیمار ہوئے تو ان کو ہسپتال میں داخل کروایا گیا اور آپریشن کرنے کی غرض سے بے ہوش کرنا پڑا لیکن جب ان کی موت کا وقت قریب آیا تو بے ہوشی کی حالت میں بھی وہ ذکر و اذکار میں مشغول تھے اور یہاں تک کہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر ”اللھم بالرفیق الاعلیٰ“ پڑھتے ہوئے واصل بحق ہوئے۔ موصوف کی موت ہمارے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے منظر کی یاد تازہ کرتی ہے اور بہت ہی قابل تعریف اور انتہائی قابل رشک ہے اے اللہ! ہمیں بھی ایسی موت نصیب فرما۔ آمین!

ایک اور ذاکر بزرگ کے بارے میں سنا کہ وہ ہسپتال میں مسلسل کئی دنوں سے بے ہوش تھے لیکن جب دنیا فانی سے ان کے کوچ کرنے کا وقت آیا تو وہ بے قاعدہ پہلے ہوش میں آئے اور کلمہ طیبہ پڑھا اور اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔

﴿نعمت ایمان پر شکر کرتے رہنا﴾

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ﴾

انسان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کا بڑا عجیب اورنرالا طرز ہے کہ وہ نعمت بھی خود عطا کرتا ہے اوراگر بندہ اس نعمت کا شکرادا کرے تو حق تعالیٰ شانہ اس نعمت کو اور بڑھا دیتے ہیں بلا شبہ ایمان کی دولت سب سے بڑی نعمت ہے جس کوشکر کے ذریعہ بڑھا کر حسنِ خاتمہ کی سعادت حاصل کرنا ممکن ہے چنانچہ امام اعظم ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ دولت ایمان سب سے بڑی نعمت ہے جس کا ہمیشہ ہر حال میں مستقل شکرادا کرتے رہنا چاہیے جوشخص اس نعمت عظمیٰ کا شکرادا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ حالت ایمان پر ہوگا۔ خبردار سن لو: کہ ایمان نعمت کا شکر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اوراس کے محبوب حضرت محمد ﷺ نے جن چیزوں کے کرنے کا حکم دیا ہے ان کو کیا جائے اور جن چیزوں سے منع کیا ہے ان سے اجتناب کیا جائے۔ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِهٰذَا

﴿اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن رکھنا﴾

اللہ تعالیٰ ہی کی صرف یہ شان ہے کہ بندہ اس کے ساتھ جیسا گمان اور امید وابستہ رکھتا ہے وہ اس کے مطابق عطا کرتا ہے چنانچہ حضرت ابوھریرہؓ کی روایت ہے

کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ فرماتے ہیں:

﴿أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ﴾

”میں بندہ کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں جیسے کہ وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے۔“

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ انسان ظن بے اللہ کے ذریعہ اپنی ہر مراد کو پاسکتا ہے بیمار کو شفاء مل سکتی ہے اور غریب اور تنگدست خوش حال ہوسکتا ہے تاجر اپنی تجارت کو بڑھا سکتا ہے۔ آخرت کی فکر کرنے والا اور نور ایمان کی قدر کرنے والا حسنِ خاتمہ کی سعادت عظمیٰ سے بہرور ہوسکتا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک نوجوان کے پاس اس کے آخری وقت میں جب کہ وہ دنیا سے رخصت ہورہا تھا تشریف لے گئے آپ ؐ نے اس سے دریافت فرمایا کہ اس وقت تم اپنے آپ کو کس حال میں پاتے ہو؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا حال یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ سے رحمت کی امید بھی رکھتا ہوں اور اسی کے ساتھ مجھے اپنے گناہوں کی سزا اور عذاب کا بھی ڈر ہے آپ ؐ نے فرمایا یقین کرلو جس دل میں امید اور خوف دونوں ایسے عالم (یعنی موت کے وقت) جمع ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ عطا فرمائیں گے جس کی اس کو اللہ کی رحمت سے امید ہے اور اس عذاب سے اس کو ضرور محفوظ رکھیں گے جس سے اس کے دل میں خوف اور ڈر ہے۔ [ترمذی]

حضرت مولانا صوفی سرور صاحب دامت برکاتہم شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور کا ایک مضمون حسنِ خاتمہ کی تدبیریں کے نام سے ماہنامہ علم وعمل شعبان ۱۴۲۶ بمطابق ستمبر ۲۰۰۵ میں شائع ہوا جس میں موصوف مدظلہ العالی نے چند مختصر مگر جامع تدابیر کا تذکرہ کیا اور وہ مضمون یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم۔ اما بعد

کون نہیں چاہتا کہ میرا خاتمہ ایمان پر ہو اس لیے ہمیں وہ تدبیریں اختیار کرنی چاہئیں جو اچھے خاتمہ کا ذریعہ شمار کی گئی ہیں۔

۱) سب سے بڑی تدبیر حسن خاتمہ کی اعمال صالحہ ہے کیونکہ عقیدہ اگرچہ ٹھیک ہو لیکن اعمال صالحہ کا بالکل فکر نہ ہو اور دن رات گناہ پر گناہ کرتا جائے اور توبہ کا بھی بالکل فکر نہ ہو، تو پھر ایمان ایک مٹی کے چراغ کی طرح ہوتا جس کو کھلے میدان میں رکھ دیا جائے نہ چمنی ہے نہ دیواریں ہیں نہ چھت ہے ذرا سی تیز ہوا چلے گی تو یہ چراغ بجھ جائے گا اسی طرح دن رات گناہ کرنے والے کا ایمان اتنا کمزور ہوتا ہے کہ ذرا سی کسی غلط عقیدہ والے نے گمراہ کرنے والی بات کہہ دی تو ایمان ختم ہو جائے گا اور اگر اسی حالت میں موت آ گئی تو سوچئے کتنا بڑا نقصان ہے مرتے ہی ہمیشہ ہمیشہ کے عذاب میں چلا گیا نہ کوئی شفارش کام آ سکتی ہے نہ کوئی فدیہ عذاب سے نکال سکتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں بچائیں اور اگر ایمان کے ساتھ نماز، روزے کی پابندی کرتا ہے۔ غیبت، جھوٹ اور بدنظری سے بچتا ہے۔ حسد، بغض، دکھاوے اور تکبر سے بچتا ہے۔ نعمت ملنے

پر شکر اور مصیبت میں صبر کرتا ہے والدین کی خدمت کرتا ہے بیوی بچوں، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق ادا کرتا ہے۔ جہاد کے موقعہ میں جان و مال کی قربانی دیتا ہے جائز کاموں میں حکومت اور افسروں کی بات مانتا ہے غرض دین کی پوری پابندی کرتا ہے تو اس کے ایمان کے چراغ کے گرد چمنی اور دیواریں اور چھت بن جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ایمان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے۔

۲) دوسری تدبیر کثرت سے موجودہ ایمان پر شکر کرنا ہے۔ اس کا ایک آسان طریقہ ہر کھانے پینے کے بعد یہ دعا ہے:

((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمْنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَامِنَ الْمُسْلِمِیْنَ))

”شکر ہے اللہ پاک کا جنہوں نے ہمیں کھانے پینے کو دیا اور ایمان کی دولت سے مالا مال کیا۔“

شکر کرنے پر آقا کا سچا وعدہ ہے

﴿لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ﴾

”شکر کروگے تو ہم نعمت بڑھا دیں گے۔“

جب ایمان کی نعمت بڑھے گی تو خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

۳) چلتے پھرتے فضول تصورات کے بجائے لا ”الٰہ الا اللہ“ بار بار پڑھے اور آٹھ دس دفعہ کے بعد ”محمد رسول اللہ ﷺ“ پڑھے اور یاد رکھنے کے لیے تسبیح رکھے امید ہے کہ اس حدیث پاک میں داخل ہو جائے گا۔

((مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ)) [ابوداؤد]

”کہ جس کی آخری کلام لا الہ الا اللہ ہوگی وہ جنت میں داخل ہو جائے گا“

۴) عصر کے فرضوں سے پہلے چار سنت کا بہت زیادہ خیال رکھے کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ:

((رَحِمَ اللّٰہُ اَمْرأً صَلّٰی قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا))

''کہ جو عصر سے پہلے چار رکعت پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر رحمت نازل فرماویں۔''

جب نبی ﷺ کی رحمت کی دعا مل جائے گی تو خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۵) درود شریف کثرت سے پڑھنا اور سنت کا اتباع کرنا ہے کہ اس سے عموماً خواب میں نبی پاک ﷺ کی زیارت ہو جاتی ہے جو اچھے خاتمہ کی علامت ہے۔

٦) ایک بہت بڑی تدبیر رو رو کر اچھے خاتمے کی دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق دیں۔

واخر دعونا ان الحمد الله رب العالمين الصلوة والسلام
علي سيد المرسلين وعلي اله واصحابه واتباعه اجمعين

* * *

خاتمہ بالخیر کس طرح ہو؟

حضرت مولانا منہاج الحق دامت برکاتہم ''خاتمہ بالخیر کس طرح ہو'' کے عنوان کے متعلق رقم طراز ہیں:

اس حدیث کا پانچواں جزء یہ ہے کہ اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے یعنی جس حال میں جس کی موت آئی ہے اس حال میں اس کا حشر ہوگا۔ بندہ کے آخری عمل اگر اچھے ہیں تو اچھی حالت میں حشر ہوگا اور آخری عمل اگر برے ہیں تو اس کا حشر بھی بری حالت میں اور بروں کے ساتھ ہوگا۔ یہاں پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اچھے اعمال پر خاتمہ ہونے سے کیا ترکیب ہے کیوں کہ خاتمہ بالخیر کرنا تو بندہ کی طاقت سے باہر معلوم ہوتا ہے۔ مرنے سے پہلے بڑھاپے کا ضعف، مرض کی شدت اور تسلسل، پھر اس پر جاں کنی کی تکلیفیں، ان ہوش ربا حالات میں اپنا خاتمہ بالخیر کرنا کس کے بس کی بات ہے، ایسے حالات میں تو ایک مرتبہ ''لا اله الا الله محمد رسول الله'' کہنا بھی مشکل پڑ جاتا ہے، پھر وہ کون سی شکل ہے جس کو اختیار کر کے بندہ کا خاتمہ بالخیر ہو اور جس کے تحت بندہ نیک لوگوں کے زمرہ میں شامل ہو سکے۔ اس کا جواب سمجھنے کے لیے پہلے یہ بات سمجھنی چاہیے کہ انسان جس ماحول میں رہتا ہے اس کو خواب بھی اسی ماحول کے نظر آتے ہیں۔ کاشت کار خواب میں کھیتی باڑی کا کام کرتا ہے، تاجر اپنی تجارت کا حساب وغیرہ کرتا ہے اور ڈاکٹر اپنے خواب میں مریضوں کے علاج میں مشغول ہوتا ہے۔ اسی طرح چور اور زنا کار لوگ خوابوں میں بھی چوری اور زناکاری کرتے ہیں اور عابد

وذاکرانسانوں کا مشغلہ خوابوں میں بھی خداوندتعالیٰ کی عبادت اورذکر ہوتا ہے چنانچہ ہمارے یہاں مرادآباد میں ایک حافظ صاحب مرحوم تھے جوخواب میں بھی تلاوت کیا کرتے تھے اورسونے کی حالت میں ڈھائی ڈھائی اور تین تین پارے پڑھ لیا کرتے تھے جن کا اسم گرامی حافظ نور محمد صاحبؒ تھا۔ پس بڑھاپا، مرض کی بے ہوشی اور جان کنی کی غشی کا حال خواب کی طرح ہے کہ جس مشغلہ میں انسان نے اپنی عمر بسر کی ہے ان حالتوں میں بھی کم وبیش وہی مشغلہ ہوتا ہے جس میں اس نے اپنی عمر کا بیشتر حصہ صرف کیا ہے، پھر وہ اگر بڑھاپے کے ضعف اور مرض کی شدت اور تکلیف کی وجہ سے ان دنیاوی کاموں کے کرنے سے معذور ہو جاوے تو مجبوراً اپنی زبان کو تو ضروری ان کاموں کے تذکرہ میں لگائے رکھتا ہے۔ جیسا کہ دن رات اس قسم کے واقعات کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔ اس ناچیز راقم سطور نے خود ایک حکیم صاحب مرحوم کی زبان سے آخری اوقات میں عناب، ملیٹھی اور دیگر دواؤں کے نام سنے ہیں۔

میرے ایک بہت قریبی عزیز کا واقعہ ہے کہ ان کا بس کے نیچے آکر زبردست حادثہ اور ایکسیڈنٹ ہوگیا۔ ان کے بچنے کی کوئی امید نہیں تھی۔ ڈاکٹروں کے کہنے کے بموجب زندگی ختم ہونے میں صرف تین چار گھنٹہ کا وقفہ تھا، اس وقت بے ہوشی کے عالم میں زبان پر گالیاں جاری تھیں یعنی جو گالیاں انہوں نے بس والوں کو ہوش میں بکی تھیں وہی بے ہوشی کی حالت میں بھی جاری رہیں، ان کی مغلظات گالیاں سن کر ہر ایک کو افسوس تھا اور ہر شخص فکر میں تھا کہ کسی طرح ان کے اس آخری وقت میں گالیوں کی جگہ ان کی زبان پر کلمہ طیبہ جاری کر دیا جائے، انہیں گالیاں بکنے کی عادت تھی تو وہ بے ہوشی میں گالیوں کی ہی خواب دیکھ رہے تھے۔ اگر نماز اور ذکر کی زیادہ عادت ہوتی تو ان کی زبان پر اللہ کا نام اور کلمہ زیادہ ہوتا۔

ان چند تجربات کا ذکر کرنے کے بعد تحریر ہے کہ جب یہ بات پوری طرح سمجھ میں آگئی اور اچھی طرح واضح ہوگئی کہ جو کچھ انسان بیداری کی حالت میں کرتا ہے وہی اس کو خوابوں میں نظر آتا ہے لہٰذا بڑھاپا، بیماری، بے ہوشی اور جاں کنی کے حالات چوں کہ ایک قسم کے خواب ہیں لہٰذا اس خواب میں بھی انسان وہی سب کچھ کرے گا اور وہی سب کچھ دیکھے گا اور وہی سب کچھ بولے گا جو اس نے زندگی بھر کیا ہے اور زندگی بھر بولا ہے۔ اگر زندگی بھر اچھے کام کیے ہیں تو بڑھاپے، بیماری اور موت کے وقت بھی اچھے کام کرے گا، اچھے کام کرنے کی فکر کرے گا اور اچھی باتیں زبان پر لائے گا۔ اور زندگی بھر برے کام کیے ہیں اور برے کاموں میں عمر گزاری ہے تو بڑھاپے، بیماری اور موت کے وقت بھی برے کام کرے گا، برے کام کرنے کی فکر کرے گا اور بری باتیں اور برے الفاظ زبان پر لائے گا، یہاں تک اس سوال کا جواب ہوا کہ اپنا خاتمہ بالخیر کرنا انسان کے بس کی بات ہے یا نہیں۔ اس کے بعد اس سوال کا جواب حدیث کے تحت سمجھیے کہ جناب رسول ﷺ نے امت میں عاقبت کی فکر پیدا کرنے کے لیے ارشاد فرمایا کہ اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے یعنی جس قسم کے اعمال پر انسان کا خاتمہ ہوگا اس قسم کے مطابق آخرت میں ان پر جزا اور سزا مرتب ہوگی۔ لہٰذا ہر ایک کو اپنے حسن خاتمہ کی فکر کرنی چاہیے اور حسن خاتمہ کا نسخہ اور اس کی تدبیر کو حدیث کے شروع میں ارشاد فرمایا کہ خاتمہ بالخیر ہونے کی ترکیب یہ ہے کہ آج تم خوب پشیمانی کے ساتھ توبہ کرکے اپنی بقیہ عمر اچھے کاموں اور طاعت وعبادت میں گزارو اور آئندہ گناہوں سے مکمل پرہیز رکھو اور بھولے بھٹکے پھر بھی اگر کوئی غلطی ہو جاوے تو اس سے فوراً توبہ کرلو اور خداوند تعالیٰ سے معافی اور بخشش طلب کرتے رہو۔ پس اگر تم اس پر کاربند رہے تو خواب والی مثال اور مندرجہ بالا ذکر کردہ واقعات اور فطرت کے مطابق یقین ہے کہ تمہارا خاتمہ بالخیر

ہوگا کیوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بے حد مہربان ہیں وہ کسی کو بے جا تکلیف نہیں دیا کرتے بلکہ وہاں تو یہ حال ہے کہ جو بندہ صحت اور تندرستی کے زمانہ میں جو صالح، ذکر و اذکار، تلاوت وغیرہ کرتا ہے، ان کے معمولات کے برابر ثواب اس کی بیماری اور معذوری کے زمانہ میں بھی ان اعمال کے کیے بغیر اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دیا جاتا ہے لہٰذا یہ بندہ اگر مرض اور موت کی تکلیفوں کی شدت کی بنا پر زبان سے کلمہ بھی ادا نہ کر سکے تب بھی اس کے خاتمہ کو بالخیر ہی کہا جائے گا کیوں کہ زندگی بھر اس کی عادت ذکر و تلاوت کی رہی ہے اگر اس وقت کلمہ زبان سے ادا کرنے سے مجبور ہو گیا تو کوئی بات نہیں پس جو شخص اچھے کام کرتا ہے، گناہوں سے بچتا ہے، گناہ ہو جاتا ہے تو فوراً توبہ کر لیتا ہے فرائض پر قائم رہتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ ایسے شخص کا خاتمہ بالخیر ہی ہوگا اور وہ جنت کا مستحق ہوگا۔ اور جو آدمی برے کام کرتا ہے، بری صحبت اختیار کرتا ہے، توبہ نہیں کرتا، فرائض میں کاہل اور سست رہتا ہے، گناہوں پر فخر کرتا ہے اور اتراتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا مستحق ہے، اللھم احفظنا منه